حضرت زہرا علیہا السلام
وزینب علیہا السلام
دربار میں
ترجمہ و شرح
شیخ محسن علی نجفی

نام کتاب : حضرت زہراؑ و زینبؑ دربار میں

ترجمہ وحواشی : محسن علی نجفی

قیمت : ۱۵۰ روپے

پرنٹرز : (الباسط پرنٹرز) 021-6606211

ناشر : شیخ علی مدبر

فون دفتر: 021-4553499

فون گھر: 021-6325613

ایڈیشن : دوم 2009 محرم الحرام ۱۴۳۰ھ

ملنے کا پتہ

مدرسہ معصومینؑ مکان L/145 حالی روڈ

بلاک 2 ,.P.E.C.H.S کراچی

فون:4553499

پیش لفظ

خاندانِ عصمت وطہارت کائنات کا گلستان اور جناب فاطمہ الزہرا سلام اللہ علیہا اس گلستان کا مہکتا پھول ہیں۔ اس کی مہک جہاں حسنین (علیہما السلام) کے کلمات اور زینبین سلام اللہ علیہما کے خطبات میں نظر آتی ہیں، وہیں آپؑ کے اپنے ارشادات اور خطبات بھی عالم اسلام کے لئے روشنی کا مینار ہیں۔

آپؑ کا ایک اہم خطبہ "خطبۂ فدک" کے نام سے مشہور ہے۔ میری دیرینہ خواہش تھی کہ اردو زبان کے باذوق قارئین کے لئے "خطبۂ فدک" کا ترجمہ اور تشریح کو طبع کیا جائے۔

اس لئے میں نے حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ محسن علی نجفی (دامت برکاتہ) سے خواہش ظاہر کی جن کا ترجمۂ قرآن اردو زبان کے قارئین میں اس قدر مقبول ہوا ہے کہ چند برسوں کے دوران اس کے متعدد ایڈیشن طبع ہو کر ختم ہو چکے ہیں۔

شیخ محسن علی نجفی صاحب نے اس ذمہ داری کو بطریق احسن انجام دیا۔ خطبۂ فدک کا ترجمہ اور تشریح کو طبع کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ پھر ہم نے ان سے درخواست کی کہ ثانیٔ زہراؑ حضرت زینبؑ کے اس خطبے کا ترجمہ کیا جائے جو آپؑ نے دربار یزید میں دیا تھا۔

اب اس خطبے اور ترجمے کو بھی خطبۂ فدک کے ساتھ شامل کر کے طبع کروایا گیا ہے۔ اُمید ہے کہ خاتونِ جنت اور ثانیٔ زہراؑ اس خطبے کے شارح اور طباعت میں تعاون کرنے والوں کی شفاعت فرمائیں گی۔

شیخ علی مدبر
مسجد معصومین
دستگیر۔ کراچی

بسم اللہ الرّحمٰن الرحیم

الحمد لولیّہ و الصلوٰۃ علی نبیّہ و المیامین من آلہ

حضرت زہرا سلام اللہ علیہا کا خطبہ فدک ایک تاریخ، درد کی ایک داستان اور اہل فکر کے لئے لمحہ فکریہ ہے۔ یہ خطبہ رسول اللہ ﷺ کے اس دنیا سے جانے کے بعد رقم ہونے والی افسوسناک تاریخ کا عنوان ہے۔ اس تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں کے لئے یہ خطبہ رُخ کا تعین کرتا ہے۔ اس طرف رُخ کئے بغیر نہ کوئی جملہ معنی دیتا ہے، نہ کسی تعبیر کے مفہوم کا تعین ہوتا ہے، نہ ہی واقعات اور حادثات کا ادراک ممکن ہوتا ہے۔ اس لئے اس خطبے کو اسی اہمیت کے ساتھ پیش کرنا ضروری ہے۔

جناب حجۃ الاسلام والمسلمین شیخ علی مدبر دام مجدہ الشریف اس ترجمہ کے محرک ہیں، جن کے مخلصانہ مشوروں کی وجہ سے اس خطبہ کا ترجمہ کیا جارہا ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ ''الدالّ علی الخیر کفاعلہ'' نیکی کی رہنمائی کرنے والا اس کو انجام دینے والے کی طرح ہے۔'' یعنی اجر وثواب میں برابر کا شریک ہے یعنی ایک اشارے کو وہ ثواب میسر آتا ہے جو اس عمل کرنے والوں کو مشقتوں کے بعد مل سکتا ہے۔ خداوند کریم ان کو صحت و عافیت سے نوازے اور ان کو توفیق مزید اور عمر مدید عنایت فرمائے۔ آمین!

محسن علی نجفی

۲۰ جمادی الاول ۱۴۲۹ھ

۲۵ مئی 2008

خطبۂ فدک کی اسنادی حیثیت

تحقیق و نگارش
آفتاب حسین جوادی

یہ حقیقت ناقابل انکار تاریخی شواہد سے ثابت ہے کہ عصمت وطہارت کی مرکز ومحور اور وما ینطق عن الھوی سے متصف رسولؐ کی پروردہ حضرت فاطمۃ الزھراءؑ نے بھرپور انداز میں مسئلہ فدک کے اصل حقائق سے مسلمانوں کو آگاہ فرمایا، آپ نے اس معرکۃ الآراء تاریخی خطبے میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء، نظریہ توحید، آقائے دو جہاں سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقام و مرتبہ اور بعثت کے اغراض و مقاصد، امت اسلامیہ کی ذمہ داریاں اور نظریہ امامت و خلافت، قرآن مجید کی اہمیت وافادیت اور اس کی بالا دستی، شریعت محمدیہ کے احکام اور ان کا فلسفہ، اپنے شوہر نامدار حیدر کرارؑ کی جانفشانیوں کا تذکرہ اور اپنے حقوق کی بازیابی کے لیے وقت کے حکمران، مہاجرین وانصار اور خواتین کے سامنے شدید احتجاج کیا ہے۔
تاریخ کے مختلف راویوں نے متعدد اسناد سے یہ تاریخ ساز خطبہ نقل کیا ہے اگرچہ راویان اور حفاظ حدیث میں سے جس کسی سے محبت اہل بیتؑ کی خوشبو آتی تو ارباب اقتدار کی جانب سے ان پر کڑی نظر رکھی جاتی تھی اور انہیں مطعون ومجروح کرنے اور درجہ وثاقت سے گرانے کی ہر ممکن کوشش کو بروئے کار لایا جاتا۔ حکمرانوں کے جبر وتشدد اور ان کی ہمنوا اکثریت کے شدید ردعمل کا خوف ہر وقت ان پر طاری رہتا تھا۔ موت کی تلوار ان کے سروں پر ہمہ وقت لٹکی رہتی تھی حکمران اور ان کے ہم نظریہ افراد اہل بیتؑ کے حق میں کوئی بات سننے کی تاب نہ رکھتے تھے مگر اس کے باوجود خانوادہ رسالتؐ کی عظمت و رفعت کے متعلق احادیث و روایات، ان سے مروی خطبے اور ارشادات سینہ بہ سینہ چلے آتے رہے اور اس دوران جب بھی کبھی راویان حدیث کو وعظ یا تحریر کے ذریعے بیان کا موقع ملا تو انہوں نے برملا اظہار کر دیا حتی کہ مخالف طبقہ کے سنجیدہ افراد بھی ان

حقائق کو بیان کیے بغیر نہ رہ سکے۔ اس کے بعد ان پر کیا گذرتی؟

اس کی صرف ایک ادنیٰ سی مثال ذیل میں بیان کی جارہی ہے جسے علامہ ذہبی نے رقم کیا ہے:

محدثین اہلسنت میں سے تیسری صدی کے ایک بہت بڑے بلند پایہ حافظ حدیث اور امام دارقطنی ایسے ائمہ حدیث کے استاد محدث محمد عبداللہ بن محمد بن عثمان الواسطی نے ایک موقع پر اہل واسط کو حضرت علی علیہ السلام کی شان میں "حدیث طیر"(۱) حفظ اور املا کرائی جسے ان کی طبیعتیں (بغض علی کی بنا پر) برداشت نہ کرسکیں اس وجہ سے فوراً سب لوگ ان کی مخالفت پر کمربستہ ہوگئے ان کو مجلس درس سے اٹھا دیا اور ان کی جگہ کو پانی سے دھویا۔ محدث صاحب اس تکلیف دہ عمل سے کبیدہ خاطر ہوکر اپنے گھر میں ہی گوشہ نشیں ہوگئے اور اس کے بعد پھر کسی واسطی کو حدیث نہیں پڑھائی اہل واسط میں ان کی روایت کردہ احادیث کی کمی کی وجہ یہی ہے

(ملاحظہ ہو تذکرۃ الحفاظ للذہبی جلد ۳ صفحہ ۹۶۶ طبع حیدرآباد دکن)

علامہ ذہبی کے اس بیان سے ہمارے بیان کردہ نقطۂ نظر کو زیادہ تقویت پہنچتی ہے جو ارباب فکر و نظر کے لیے ایک لمحۂ فکریہ ہے۔

غور فرمایئے! صرف اموی انحراف پسندی کے تحفظ کے لئے اپنے ہی محدث کو "فضیلت علی" میں محض ایک حدیث پڑھانے کی پاداش میں ہمیشہ کے لئے کس طرح انہیں گھر کی چار دیواری میں محصور کردیا، نہ صرف یہ، بلکہ آئندہ کے لئے بھی ان کی بیان کردہ کسی حدیث یا روایت کو درخور اعتنا نہ سمجھا گیا۔ ایسے لاکھوں

۱۔ حدیث طیر یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: [اللھم ائتنی باحب خلقک الیک یاکل معی ھذا الطیر فجاء علی فاکل معہ] "اے اللہ! میرے پاس اسے بھیج جو تجھے اپنی مخلوق سے سب سے زیادہ محبوب ہے وہ میرے ساتھ یہ (بھنا ہوا) پرندہ (کا گوشت) کھائے پس آپ کے پاس حضرت علی تشریف لائے اور مل کر کھایا"۔

(تاریخ دمشق ابن عساکر ج [illegible] ص [illegible]، المعجم الکبیر طبرانی ج [illegible] ص [illegible]، مجمع الزوائد ج ۹ ص ۱۲۶)۔ اہل سنت کے مستند اور جید علماء نے اس حدیث کی [illegible] سے توثیق کی ہے جیسا کہ علامہ ہیثمی نے اس حدیث کے ذیل میں لکھا ہے: [ورجال الطبرانی رجال الصحیح غیر فطر بن خلیفۃ وھو ثقۃ] امام حاکم نے کہا ہے: [ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ] (المستدرک علی الصحیحین ج ۳ ص ۱۳۰)۔ علامہ ذہبی لکھتے ہیں: [واما حدیث الطیر فلہ طرق کثیرۃ جدا قد افردتہا بمصنف ومجموعہا ھو یوجب ان یکون الحدیث لہ اصل] "حدیث طیر بہت سی اسناد سے مروی ہے میں نے ان سب کو ایک الگ کتاب میں جمع کردیا ہے جس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ اس حدیث کی اصل موجود ہے"۔ (تذکرۃ الحفاظ ج ۳ ص ۱۰۴۳ طبع دکن، سیر اعلام النبلاء ج ۱۳ ص ۲۳۳)۔ یہ حدیث حضرت علی مرتضیٰ، سعد بن ابی وقاص، ابو سعید خدری، ابو رافع، جابر بن عبداللہ انصاری، حبشی بن جنادہ السلولی، یعلی بن مرۃ ثقفی، ابن عباس، سفینہ مولیٰ رسول اللہ، انس بن مالک، اور دیگر بہت سے صحابہ کرام سے مروی ہے۔ ([illegible])

کربناک واقعات آج بھی صفحات تاریخ پر نقش ہیں تاہم یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے مگر بقول عمر خیام ہم یہی عرض کریں گے۔

تو خون کساں بخوری ما خون رزاں　　　　انصاف بدہ کدام خونخوار تریم

بنوامیہ کے ہمنوا اور ان کے نظریہ سے متاثر ہونے والے بے رحم قلمکاروں نے قلم و قرطاس کے ذریعے حضرت سیدہ خاتون جنت سلام اللہ علیہا پر گذرے ہوئے ناقابل برداشت جانگداز واقعات کو نظروں سے اوجھل کرنے کی حتی المقدور سعی نافرجام کی ہے لیکن تاریخ آخر تاریخ ہوتی ہے جو استداد زمانہ کے باوجود ہر دور میں اپنے سینے میں موجود سچائیاں منظر عام پر لاتی رہتی ہے اور جب بھی کوئی شخص مفاد یا تعصب و تنگ نظری کی عینک لگا کر اس کے حقائق کو جھٹلانے کی کوشش کرتا ہے تو وہ اپنے ناقابل تردید حوالوں کے ساتھ اپنا بھرپور دفاع کرتی ہے۔

اگرچہ اس خطبہ کو مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے اجتے علمائے حدیث و تاریخ نے بڑے وثوق سے درج کیا ہے کہ ان کا مقام ہی سند ہے لیکن اس کے باوجود اس کے راویوں پر علم رجال کی روشنی میں نظر ڈالنا ایک امر ناگزیر ہے۔ اگر علی سبیل التنزل ایک لمحے کے لیے یہ باور کرلیا جائے کہ اس خطبہ کے کچھ راوی کمزور ہیں تب بھی یہ خطبہ قابل احتجاج و استشہاد رہے گا وہ اس لیے کہ جمہور محدثین کا اس امر پر اتفاق ہے کہ جب حدیث ضعیف بھی متعدد اسانید سے مروی ہو تو وہ حسن لغیرہ ہو جاتی ہے۔ جو بالاتفاق مقبول اور لائق عمل ہے چونکہ خطبہ فدک کئی اسانید کے ساتھ نقل ہوا ہے تو لامحالہ اس کی صحت میں کلام ناممکن ہے۔

مذکورہ خطبے کے متعدد سلسلوں میں سے ایک سلسلہ کے زیر بحث راوی درج ذیل ہیں:

- ام المومنین حضرت عائشہؓ المتوفا ۵۸ھ
- حضرت عروہ بن زبیر بن عوام مدنیؒ متوفی ۹۴ھ
- جناب صالح بن کیسان مدنی تابعیؒ متوفی ۱۳۶ھ
- جناب محمد بن اسحاق بن یسارؒ متوفی ۱۵۱ھ
- شرقی بن قطامیؒ متوفی ۲۳۵ھ
- محمد بن زیاد بن عبداللہ الزیادیؒ متوفی ۲۵۰ھ
- جناب احمد بن عبید بن ناصح النحویؒ متوفی ۲۷۸ھ

❁ جناب محمد بن عمران المرزبانیؒ متوفی ۳۸۴ھ

❁ جناب محمد بن احمد الکاتبؒ متوفی ۳۳۶ھ

اس خطبے کو حضرت عائشہؓ حضرت عروہؓ بن زبیر اور صالح بن کیسانؒ ایسے بہت سے جلیل القدر ائمہ ثقات اور حفاظ کی صحیح اسانید سے روایت کیا ہے لہٰذا اس کے صحیح ہونے میں کسی قسم کے شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

جناب سیدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کے اس فصیح وبلیغ خطبے کو بڑے بڑے جلیل القدر علماء واہل فن نے اپنی تالیفات میں سند کے ساتھ اور بعض نے اقتباسات کو درج کرنے کی سعادت حاصل کی ہے طوالت واطناب کو ملحوظ خاطر لاتے ہوئے ہم یہاں صرف ایک سند کے رواۃ پر تبصرہ کرنا مناسب سمجھتے ہیں اگر اس خطبہ کی متعدد اسناد کو زیر بحث لایا جائے تو اس کے لئے باقاعدہ ایک دفتر درکار ہے۔

دنیائے علم میں پانچویں صدی کی ایک نابغہ روزگار شخصیت، علم وادب کے بحر ذخار آیۃ اللہ فی العالمین السید شریف مرتضیٰ علم الہدیٰؒ المتوفی ۴۳۶ھ ہیں جو محتاج تعارف نہیں۔ جن کو قدرت نے مبداء فیاضی سے علوم نقلیہ وعقلیہ پر یکساں دسترس اور وسعت نظر ودیعت فرمائی ہے اس بطل جلیل کے علمی تفوق وبرتری کا اعتراف اہل سنت کے جید اور نامور علماء نے کیا ہے۔

چنانچہ علامہ شمس الدین الذہبی المتوفی ۷۴۸ھ جو فن رجال میں استقراء تام کے حامل اور ائمہ فنون میں سرخیل کا درجہ رکھتے ہیں انہوں نے ایک ضخیم کتاب ''سیر اعلام النبلاء'' کے نام سے لکھی جو پچیس جلدوں پر مشتمل ہے اس کی جلد ۱۷ صفحہ ۵۸۸ تا ۵۸۹ طبع بیروت میں سرکار علامہ کے بارے میں لکھتے ہیں:

العلامة الشریف المرتضیٰ۔۔۔من ولد موسی کاظم۔۔۔ وکان من الاذکیاء الاولیاء المتبحرین فی الکلام والاعتزال والادب والشعر۔۔۔

ان کے علاوہ دیگر بہت سے غیر شیعہ علماء نے ان کی عظمت وجلالت اور رفعت علمی کو بڑے شدومد سے بیان کیا ہے۔

علامہ سید مرتضیٰ علم الہدیٰؒ نے اس خطبہ کو اپنی شہرہ آفاق تصنیف ''الشافی فی الامامة'' میں

اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے اس کتاب کی اہمیت و افادیت کے لئے یہی کافی ہے کہ علامہ یاقوت حموی شافعی کو یہ لکھنا پڑا:

وھو کتاب لم یصنف مثلہ فی الامامۃ

یہ وہ کتاب ہے جس کی مثل کوئی دوسری کتاب مسئلہ امامت میں نہیں لکھی گئی۔

(معجم الادباء ج ۱۳ ص ۱۴۷)

چنانچہ علامہ سید مرتضیٰ علم الہدیٰ سلسلہ سند بیان کرتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں:

اخبرنا ابو عبداللہ محمد بن عمران المرزبانی قال حدثنی محمد بن احمد الکاتب قال حدثنا احمد بن عبید بن ناصح النحوی قال حدثنا الزیادی حدثنا شرقی بن قطامی عن محمد بن اسحاق قال حدثنا صالح بن کیسان عن عروۃ عن عائشۃ قالت لما بلغ فاطمۃ علیہا السلام اجماع ابی بکر منعہا (فدک) لاثت خمارھا علی راسھا واشتملت بجلبابھا واقبلت فی لمۃ من حفدتھا۔۔۔۔الخ

''ہم سے بیان کیا ابوعبداللہ محمد بن عمران المرزبانی نے اور اس سے بیان کیا محمد بن احمد الکاتب نے اور اس سے بیان کیا احمد بن عبید بن ناصح نحوی نے اور اس سے بیان کیا الزیادی نے اور اس سے بیان کیا شرقی بن قطامی نے اور اس سے بیان کیا محمد بن اسحاق نے اور اس سے بیان کیا صالح بن کیسان نے اور اس سے بیان کیا کہ عروہ بن زبیر نے اور اس سے بیان کیا حضرت عائشہؓ نے کہ جب حضرت فاطمۃ الزہراءؑ نے سنا کہ ابوبکر نے ان کو فدک نہ دینے کا فیصلہ کر لیا ہے تو آپ نے سر پر مقنعہ ڈالا اور پھر سر سے پاؤں تک چادر اوڑھی اور کنیزوں کے گروہ میں ابوبکر کے پاس آئیں۔۔۔۔۔''

(ملاحظہ فرمایئے۔ الشافی فی الامامہ صفحہ ۲۳۰ طبع قدیم تہران ۱۳۰۱ھ)

اسی طرح ان کے تمیذ رشید شیخ الطائفہ ابو جعفر محمد بن حسن الطوسیؒ المتوفی ۴۶۰ھ نے اس سند کو اپنی بیش بہا تالیف ''تلخیص الشافی جلد ۳ صفحہ ۱۳۹ طبع نجف اشرف ۱۳۸۳ھ میں درج کیا ہے۔

سطور بالا میں درج کی گئی سند بالکل صحیح ہے راویوں کا علی الترتیب جائزہ پیش خدمت ہے۔

حضرت عائشہؓ:۔ جناب سیدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کے خطبہ فدک کی مرکزی راویہ حضرت عائشہؓ ہیں جو کسی تعارف کی محتاج نہیں ہیں یہ حضرت ابوبکرؓ کی صاحبزادی ہیں ان کی والدہ کا نام ام روماں بنت عامر بن عویمر ہے صحابہ کرامؓ اور تابعین کے ایک بڑے طبقے نے ان سے روایات نقل کیں۔ انہوں نے معاویہ بن ابی سفیان کے دور حکومت ۵۷ھ یا ۵۸ھ مدینہ منورہ میں وفات پائی۔

عروۃ بن زبیر بن عوامؓ مدنی:۔ مشہور صحابی حضرت زبیر بن عوام کے فرزند تھے ان کی ماں جناب اسماء بنت ابوبکر تھیں آپ حضرت ابوبکر کے نواسے ہیں، آپ کی ولادت کے متعلق علامہ ذہبی خلیفہ بن خیاط کے حوالے سے لکھتے ہیں:

ولد عروۃ سنۃ ثلاث وعشرین فھذا قول قوی

عروہ ۲۳ ہجری میں پیدا ہوئے یہی قول معتبر اور قوی ہے

(سیر اعلام النبلاء، جلد ۴ صفحہ ۴۲۲)

ثقۃ فقیہ مشھور من الثانیہ

''آپ مشہور ثقہ فقیہ تھے اور دوسرے طبقہ کی شخصیات میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔''

کتب صحاح ستہ میں متعدد احادیث آپ سے مروی ہیں (تقریب التھذیب صفحہ ۲۶۳، الجمع بین رجال الصحیحین مجلد اصفحہ ۳۹۴) امام احمد بن عبداللہ عجلی نے کہا ہے کہ عروۃ بن الزبیر تابعی ثقۃ کان رجلا صالحا ثقہ تابعی اور نیک متدین شخص تھے حضرت عمر بن عبدالعزیز نے کہا: ما احد اعلم من عروۃ بن الزبیر، میں نے عروہ بن زبیر سے بڑا عالم کسی کو نہیں پایا (تاریخ الثقات صفحہ ۳۳۱، سیر اعلام النبلا جلد ۴ صفحہ ۴۲۵، ۴۳۳، تاریخ دمشق ابن عساکر جلد ۱۱ صفحہ ۹۲۱) آپ نے اپنے والد اور حضرت عائشہؓ سے خصوصیت کے ساتھ احادیث حاصل کیں انہوں نے حضرت عائشہ کا پورا علمی ذخیرہ اپنے سینہ میں محفوظ کر لیا تھا حضرت عروہ

اس قدر محتاط تھے کہ کوئی مسئلہ محض رائے سے نہ بیان کرتے تھے (تہذیب التہذیب جلد ۷ صفحہ ۱۸۳) انہوں نے مدینہ منورہ کے مضافات میں اپنے علاقے "مجاج" میں ۹۴ ہجری میں انتقال کیا۔

صالح بن کیسان مدنی ":۔ صالح بن کیسان ابوالحارث الغفاری المدنی تابعین کے بڑے طبقہ میں شمار ہوتے ہیں آپ عمر بن عبدالعزیز اموی کی اولاد میں سے ہیں عروہ بن زبیر اور دیگر بہت سے صحابہ وتابعین سے روایت کرتے ہیں کتب صحاح ستہ اور دوسری کتابوں میں ان سے روایات نقل ہوئیں آپ ثقہ، ثبت فقیہ اور چوتھے طبقہ کے راوی ہیں (تقریب التهذيب صفحہ ۱۷۳، الجمع بين رجال الصحيحين جلد ۱ صفحہ ۲۲۱، تذكرة الحفاظ جلد ۱ صفحہ ۱۴۸ طبع دکن) حافظ ابن حجر عسقلانی اپنی شہرہ آفاق کتاب تهذيب التهذيب جلد ۴ صفحہ ۴۰۰ میں لکھتے ہیں:

كان صالحاً ثقة۔۔۔وقال ابن حبان في الثقات كان من فقهاء المدينة والجامعين للحديث والفقه من ذوي الهيئة والمروة۔۔۔حافظا اماماً كثير الحديث ثقة حجة

آپ دیندار ثقہ تھے اور ابن حبان نے ثقات میں کہا ہے کہ یہ فقہاء مدینہ اور حدیث وفقہ کے جامعین میں سے تھے آپ حافظ، امام، کثیر الحدیث اور قابل وثوق حجت تھے۔

حافظ احمد عجلی نے تاریخ الثقات صفحہ ۲۲۶ پر ان کو ثقہ کہا ہے پھر اسی کتاب کے فاضل محشی ڈاکٹر عبدالمعطی قلعجی نے حاشیہ نمبر ۱۰ پر "متفق على توثيقه " کہ کران کی ثقاہت پر تمام علماء کا اتفاق نقل کیا ہے۔ آپ ۱۴۶ ہجری میں واصل بحق ہوئے۔

محمد بن اسحاق ":۔ محمد بن اسحاق بن یسار اہلسنت کے جمہور محدثین کے نزدیک ثقہ اور قابل اعتماد ہے چنانچہ امام کمال الدین محمد بن عبدالاحد المعروف ابن ہمام حنفی تحریر کرتے ہیں:

امام محمد بن اسحاق حدیث کے بارے میں ایمان والوں کے امیر ہیں اور بڑے بڑے علماء مثل امام ثوری، عبداللہ بن مبارک وغیرہ جیسے ان کے شاگرد ہیں امام یحییٰ بن معین، امام احمد بن حنبل اور دوسرے ائمہ اہل سنت نے اس سے روایت

لی ہے اور امام بخاری نے "جزء القراۃ خلف الامام" میں ان کی وثاقت پر اعتماد کیا ہے امام ابن حبان نے بھی ان کا ذکر اپنی قابل وثوق رواۃ پر مشتمل کتاب "الثقات" میں کیا ہے (ملاحظہ ہو فتح القدیر جلد ا صفحہ ۹۰ مطبوعہ کوئٹہ)

اور امام بخاری نے محمد بن اسحاق کی توثیق کو اپنی کتاب "التاریخ الکبیر" جلد ا صفحہ ۱۴ طبع دکن میں بھی مختصر طور پر بیان کر دیا ہے۔ حنفی مسلک کے ترجمان امام جمال الدین زیلعی حنفی نے ابن اسحاق کے متعلق لکھا ہے:

وابن اسحاق الاکثر علی توثیقه وممن و ثقه البخاری۔۔۔قال شعبة محمد بن اسحاق امیر المؤمنین فی الحدیث وقال عبدالله بن مبارك محمد بن اسحاق ثقة ثقة ثقة.

ابن اسحاق کو (ائمہ) کی اکثریت نے ثقہ کہا اور توثیق کرنے والوں میں امام بخاری بھی ہیں شعبہ نے کہا کہ محمد بن اسحاق حدیث کے باب میں امیر المومنین ہیں اور عبداللہ بن مبارک نے کہا کہ محمد بن اسحاق ثقہ ہے ثقہ ہے ثقہ ہے۔

(نصب الرایہ لاحادیث الھدایہ جلد ا صفحہ ۱۰۷ جلد ۴ صفحہ ۸ طبع ڈابھیل)

اصول حدیث کے ابتدائی طالب علم بھی جانتے ہیں کہ تعدیل کے الفاظ میں توثیق مکرر، درجہ اول کے الفاظ میں شمار ہوتے ہیں۔

جیسا کہ ابن حجر العسقلانی تقریب التہذیب صفحہ ۳ پر مراتب تعدیل بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

من اکدمدحه اما بافعل کاوثق الناس او بتکریر الصفة لفظاً کثقة ثقة اومعنی کثقة حافظ.

"دوسرے مرتبے میں وہ لوگ ہیں جن کی مدح تاکید کے ساتھ کی گئی ہے افعل التفضیل کا صیغہ استعمال کیا گیا ہو جیسے "اوثق الناس" یا لفظوں میں صفت کو مکرر کر دیا جائے جیسے "ثقة ثقة" یا معنوں میں مکرر کر دیا جائے جیسے ثقہ حافظ"

(کذافی، تاریخ اسماء الثقات لابن شاھین صفحہ ۱۵ طبع کویت)

علامہ ذہبی اپنی مشہور عالم تصنیف میزان الاعتدال جلد ۳ صفحہ ۴۷۵ طبع مصر میں محمد بن اسحاق کے

تذکرہ میں مختلف اقوال نقل کرکے آخر میں بطور نتیجہ رقم طراز ہیں:

فالذی یظھر لی ان ابن اسحاق حسن الحدیث صالح الحال صدوق..... وقد استشھد مسلم بخمسة احادیث لابن اسحاق ذکرھا فی صحیحه

"مجھے جو ظاہر ہوا وہ یہ ہے کہ محمد بن اسحاق حسن الحدیث صالح الحال اور صدوق ہے اور بے شک امام مسلم نے اس سے اپنی صحیح مسلم میں پانچ احادیث میں استشہاد کیا ہے"۔

امام محمد بن اسحاق نے ۱۵۱ ہجری میں انتقال کیا ہے۔

مندرجہ بالا اہل سنت کے ائمہ فن اور اکابر احناف کی ان واضح تصریحات سے ثابت ہوا کہ جمہور ائمہ حدیث نے محمد بن اسحاق کو ثقہ اور حسن الحدیث قرار دیا ہے۔

البتہ بعض فن رجال کے ماہرین نے یہ وضاحت ضرور کی ہے کہ محمد بن اسحاق ثقہ ہیں مگر چونکہ مدلس بھی ہیں اس لئے جب وہ "عـــن" سے روایت کریں گے تو ان کی حدیث ضعیف ہوگی اور جب وہ "حدثنی" یا "حدثنا" کہہ کر روایت کریں گے تو وہ حدیث صحیح ہوگی۔ جیسا کہ حافظ ابن تیمیہ اپنے مجموع فتاوی جلد ۳۳ صفحہ ۸۵ میں لکھتے ہیں:

وابن اسحاق اذا قال حدثنی فحدیثه صحیح عند اهل الحدیث

یعنی ابن اسحاق اگر حدثنی کہہ کر تصریح کرے تو محدثین کے نزدیک اس کی حدیث صحیح ہے۔

مزید برآں موجودہ زمانہ کے معروف ماہر رجال علامہ ناصرالدین البانی (المتوفی ۱۴۲۰ھ) نے بھی حافظ ابن تیمیہ حرانی کی کتاب "الکلم الطیب" کے حاشیہ صفحہ ۴۴ پر اس بات کی تصریح کردی ہے۔

لہذا جناب فاطمۃ الزہراءؑ بنت رسول اللہؐ کے خطبہ فدک کی حقانیت وصحت پورے طور پر ثابت ہے کیونکہ محمد بن اسحاق نے یہ خطبہ فدک "حدثنا صالح بن کیسان" کہہ کر روایت کیا ہے۔ جو اس کے صحیح ہونے کی روشن دلیل ہے۔

شرقی بن قطامی:۔ اس کا اصل نام ولید بن حصین بن جمال بن حبیب بن جابر بن مالک ہے اس کا تعلق مشہور قبیلہ بنی عمرو بن امرئ القیس سے ہے۔

(ملاحظہ ہو التاریخ الکبیر للامام بخاری جلد ۲ صفحہ ۲۵۳ رقم ۲۶۱۵ طبع حیدر آباد دکن، تاریخ بغداد جلد ۹ صفحہ ۲۷۸ رقم ۴۸۳۷ طبع بیروت)۔

امام بخاری کا اس پر تنقید اور جرح نہ کرنا اس امر کی واضح دلیل ہے کہ یہ قابل اعتبار اور ثقہ راویوں سے ہے۔ جیسا کہ اس سلسلے میں مولانا ظفر احمد عثمانی لکھتے ہیں:

وکذا کل من ذکره البخاری فی تواریخه ولم یطعن فیه فهو ثقه فان عادته ذکر الجرح والمجروحین قاله ابن تیمیة

"اور اس طرح ہر وہ راوی جسے امام بخاری نے اپنی تاریخوں میں ذکر کر کے اس میں کسی قسم کا طعن اور جرح نہیں کی وہ ثقہ ہے کیونکہ آپ کی عادت ہے کہ جرح اور مجروحین کا ذکر کرتے ہیں، یہ بات ابن تیمیہ نے کہی ہے"۔

انہی صفحات کے حاشیہ ۳ پر محقق محشی استاد شیخ عبدالفتاح ابو غدہ شاگرد علامہ زاہد الکوثری نے اس بات کی تائید کی ہے۔

سکوت ابن ابی حاتم او البخاری عن الجرح فی الراوی توثیق له

"ابن ابی حاتم یا امام بخاری کا راوی پر جرح کرنے سے سکوت اختیار کرنا گویا اس کی توثیق ہے"۔

(قواعد علوم الحدیث صفحہ ۲۲۳، ۳۵۸ طبع الریاض سعودی عرب)

علاوہ ازیں اس کے ثقہ اور معتبر ہونے کے لئے یہی کافی ہے کہ امام ابن حبان تمیمی جیسے فن علم حدیث کے امام نے اپنی کتاب الثقات جلد ۳ صفحہ ۴۴۰ طبع دار الکتب العلمیہ بیروت میں اس کا تذکرہ کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اور جس کو امام ابن حبان اپنی ثقات میں بیان کر دیں جہالت وجرح رفع ہو جاتی ہے۔

چنانچہ علامہ انور شاہ محدث کاشمیری نے حافظ ابن عبدالہادی کے حوالے سے لکھا ہے:

ان ابن حبان اذا ادرج احداً فی کتاب الثقات ولم یخرج فیه احد فهو ثقة فالحدیث قوی،

امام ابن حبان تمیمی جب کسی کو ثقات میں ذکر کریں اور اس پر کوئی جرح نہ ہو تو

وہ ثقہ ہوتا ہے اس کی حدیث مضبوط ہوتی ہے

(العرف الشذی علی سنن ترمذی صفحہ ۲۱۰ طبع دیوبند)۔

اور اسی تناظر میں مولانا ظفر احمد عثمانی نے قواعد فی علوم الحدیث صفحہ ۳۶ پر اور شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن محدث مبارکپوری نے ابکار المنن صفحہ ۱۳۱ مطبع فاروقی دہلی میں حضرت علامہ انور شاہ محدث کاشمیری کے اس بیان کی بڑے شد ومد سے مزید تائید وتصویب کر دی ہے۔ بقول شاعر

نہ تنہا من دریں میخانہ مستم　　　جنید وشبلی وعطار ہم مست

مذکورہ بالا عبارت سے آشکار ہوا کہ محدثین اہلسنت کے نزدیک ابن حبان کی توثیق معتبر ہے اور صرف ابن حبان کی توثیق سے بھی راوی کی جہالت مرتفع ہو جاتی ہے۔ درج بالا تحقیق سے شرقی بن قطامی کی ثقاہت مزید واضح ہو گئی ہے۔

محمد بن زیاد بن عبداللہ الزیادیؒ:۔ ان کا پورا نام یہ ہے محمد بن زیاد بن عبداللہ الزیادی جیسا کہ علامہ ذہبی ان کے حالات لکھتے ہوئے ابتداء ان الفاظ سے کرتے ہیں:

الامام الحافظ الثقة الجليل ابوعبدالله محمد بن زياد بن عبدالله ابن الربيع بن زياد بن ابيه الزيادى البصرى من اولاد امير العراق زياد الذى استلحقه معاوية ولد فى حدود سنة ستين ومائة ۔۔ حدث عنه البخارى وابن ماجة وابن خزيمه۔۔ وعدد كثير۔۔

"امام حافظ بہت بڑا ثقہ ابوعبداللہ محمد بن زیاد۔۔ الزیادی بصری یہ زیاد بن ابیہ جسے معاویہ نے اپنا بھائی بنا لیا تھا اور جو عراق کا حکمران تھا کی اولاد سے ہیں اور ۱۶۰ ہجری کی حدود میں پیدا ہوئے۔ ان سے امام بخاری، امام ابن ماجہ اور امام ابن خزیمہ وغیرہ ائمہ کی زیادہ تعداد نے روایات لی ہیں۔"

(سیر اعلام النبلاء، جلد ۱۱ صفحہ ۱۵۳) یہ امام بخاری کے شیوخ میں سے ہیں

(ملاحظہ ہو: اسامی مشایخ الامام البخاری لابن مندہ اصبہانی صفحہ ۶۷ طبع مکتبۃ الکوثر سعودیہ)۔

حافظ محمد بن طاہر مقدسی المعروف ابن قیسرانی نے صحیح بخاری کے راویوں میں ان کا تذکرہ یوں کیا ہے:

محمد بن زیاد بن عبداللّٰہ بن الربیع بن زیاد سمع محمد بن جعفر غندنا روی عنہ البخاری فی الادب۔۔

(الجمع بین رجال الصحیحین جلد ۲ صفحہ ۴۵۹ طبع دکن)۔

علامہ ذہبی نے الکاشف جلد ۳ صفحہ ۳۸ پر اس کے حالات میں تحریر کیا:

.. الزیادی بصری صدوق.. یہ بصرے کا رہنے والا ہے روایت کے باب میں نہایت سچا ہے۔

مزید برآں سنن ترمذی جلد اول "باب المسح علی الخفین" میں بھی محمد بن زیاد الزیادی سے حدیث نقل کی گئی ہے۔

امام ترمذی نے اس سے مروی حدیث کے ذیل میں کہا ہے:

ھذا حدیث حسن صحیح "یہ حدیث حسن صحیح درجہ کی ہے"

یہی حدیث مسند الامام احمد جلد ۳ صفحہ ۲۳۹ طبع بیروت میں بھی موجود ہے۔

علاوہ ازیں امام الجرح والتعدیل ابن حبان تمیمی نے اپنی ثقات میں اس کی تصحیح کی ہے۔

ثابت ہوا کہ محمد بن زیاد الزیادی بلا شک وشبہ ثقہ اور انتہائی سچا ہے اس سے مروی روایت قابل قبول ہے لہٰذا خطبہ فدک کی صحت روز روشن کی طرح واضح ولائح ہوگی ہے۔

چنانچہ حافظ ابن حجر العسقلانی کا تقریب التھذیب صفحہ ۳۲۰ میں یہ کہنا کہ "صدوق یخطی" "محمد بن زیاد الزیادی سچا ہے خطاء کر جاتا ہے۔ اس کے متعلق جوابا گزارش یہ ہے کہ جب وہ صدوق ہے اور کبھی اس سے خطا ہو جاتی ہے تو اس سے بیان کردہ روایت میں ضعف پیدا نہیں ہوتا جیسا کہ سابقہ اوراق میں علامہ ذہبی کا بیان گذر چکا ہے کہ ائمہ حدیث میں سے خطا سے کوئی بھی نہ بچ سکا نیز یہ طے شدہ اصول ہے کہ فلیس من شرط الثقۃ ان لا یغلط ابداً، "پس ثقہ راوی کی یہ شرط نہیں کہ اس سے غلطی کا کبھی صدور نہ ہوا ہو" چونکہ یہ عقلاء کے نزدیک بھی ایک ممتنع اور نہایت محال امر ہے۔

لہٰذا یہ اس کی بیان کردہ روایت کے ضعف اور کمزوری کا باعث ہرگز نہیں بن سکتا بلکہ اس کی حدیث حسن درجہ سے کم نہیں ہوتی یہی وجہ ہے امام ترمذی اور ابن حبان تمیمی جیسے ائمہ حدیث نے اس کی اسناد کو حسن صحیح قرار دیا ہے۔

احمد بن عبید بن ناصح النحویؒ:۔ علامہ ذہبی نے ان کا تعارف ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

ابو عصیدۃ الشیخ العالم المحدث ابو جعفر احمد بن عبید بن
ناصح بن بلنجر الدیلمی ثم البغدادی الهاشمی۔۔الخ

(ملاحظہ فرمائیں سیر اعلام النبلاء جلد ۱۳ صفحہ ۱۹۳ طبع بیروت)

یہ جن ائمہ حدیث سے روایت بیان کرتے ہیں وہ کثیر تعداد میں ہیں مگر چند ایک کے نام یہ ہیں
حسین بن علوان کلبی، علی بن عاصم، ابوداؤد الطیالسی اور محمد بن زیاد الزیادی وغیرہم۔

(تاریخ بغداد جلد ۴ صفحہ ۲۵۹)

علاوہ بریں علامہ ذہبی سیر اعلام النبلاء جلد ۱۳ صفحہ ۱۹۴ پر ان کے متعلق ابن عدی کا قول نقل کیا ہے:

کہ احمد بن عبید بمقام سرمن رائے میں رہائش پذیر تھا اصمعی اور محمد بن مصعب
سے مناکیر بیان کرتا تھا اس کے بعد علامہ ذہبی ارقام فرماتے ہیں: قلت قد
تابعہ احمد الحوطی قال وابو عصیدۃ مع هذا کله من اهل
الصدق، "میں (ذہبی کہتا ہوں) کہ احمد حوطی نے اس کی متابعت کی ہے اور
کہا اس کے باوجود ابو عصیدہ (احمد بن عبید) سچے لوگوں میں سے ہے"۔

جرح اگر مبین السبب ہو تو اس کو تقدیم حاصل ہو گی ورنہ تعدیل مقدم ہے۔ بعض لوگوں نے احمد
بن عبید پر مبہم قسم کی جرح کی ہے جو ناقابل التفات وغیر مسموع ہے کیونکہ یہ اہل صدق میں سے ہیں پھر بھی
بموجب ومن یعری من الخطأ والتصحیف یعنی وہم وخطاء سے کون بچ سکا ہے بعض اوقات انسان
سے غلطی ہو جاتی ہے۔اس طرح کے امور مقتضائے بشریت سے ہیں۔

علامہ ذہبی نے بڑے پتے کی بات کہی ہے چنانچہ فرماتے ہیں:

قلت۔۔۔فأرني اماما من الکبار سلم من الخطاء والوهم فهذا
شعبة وهو فی الذروة له اوهام وکذلك معمر والاوزاعی ومالك
رحمة الله علیهم۔۔۔

"مجھے بڑے محدثین ائمہ میں سے کوئی ایسا امام دکھاؤ جس سے وہم اور خطاء نہ
ہوئی ہو، یہ شعبہ چوٹی کے محدث ہیں ان سے کئی اغلاط ہوئے ہیں اور اس

طرح معمر اور اوزاعی و مالک سے اوہام واغلاط سرزد ہوئے ہیں۔"

(سیر اعلام النبلاء جلد ۶ صفحہ ۳۶)

واضح ہو کہ احمد بن عبید النحوی نے ۲۷۸ ہجری میں وفات پائی ہے۔

محمد بن عمران المرزبانی" :۔سید موصوف (علم الہدیٰ) نے اس خطبے کو اپنے شیخ ابو عبداللہ محمد بن عمران المرزبانی سے نقل کیا ہے۔

یہ جمادی الثانی ۲۹۷ھ پیدا ہوئے (شذرات الذهب لابن عماد الحنبلی جلد ۳ صفحہ ۱۱۱ طبع بیروت)

یاقوت حموی کی معجم الادباء جلد ۱۸ صفحہ ۲۶۸ طبع دار المامون مصر میں ان کے متعلق لکھا ہے:

كان راوية صادق اللهجة واسع المعرفة بالروايات كثير السماع روى عن البغوى وطبقته۔۔۔ وكان ثقة صدوقاً من خيار المعتزلة۔۔

معروف فاضل محشی و محقق علامہ محمد ابوالفضل ابراہیم المصری نے کتاب غرر الفوائد و درر القلائد کے مقدمہ میں لکھا ہے:

فقد كان اماماً من ائمة الادب وشيخا من شيوخ المعتزلة وعلما من اعلام الرواية۔۔۔

"علم وادب کے ائمہ میں سے ایک امام اور معتزلہ کے شیوخ اور راویان حدیث میں سے تھے۔"

(غرر الفوائد جلد ۱ صفحہ ۷ الطبعۃ الاولیٰ دار احیاء الکتب العربیہ مصر ۱۹۵۴ء)

حافظ ابن خلکان نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

۔۔۔ المرزبانی الخراسانی الاصل البغدادی المولد صاحب التصانيف المشهورة والمجاميع الغريبة كان راوية للادب صاحب اخبار و تواليفه كثيرة وكان ثقة فى الحديث ومائلا الى التشيع فى المذهب۔۔۔

"یہ اصل خراسانی تھے بغداد میں پیدا ہوئے، مشہور کتابوں کے مصنف ہیں علم

وادب کے راوی اور تالیفات کثیرہ کے مالک تھے اور حدیث بیان کرنے میں

قابل وثوق ہیں اور مذہب میں ذرا تشیع کی طرف میلان تھا۔"

(وفیات الاعیان جلد ا صفحہ ۶۳۲ طبع قدیم مصر، شذرات الذہب جلد ۳ صفحہ ۱۱۱)۔

ممکن ہے کہ کوئی کم فہم یہ سمجھ بیٹھے کہ مرزبانی شیعہ تھا یہ تصور قطعاً غلط ہے بلکہ وہ معتزلی اہلسنت تھا بقول ابن خلکان صرف مائل بہ تشیع تھا حقیقی شیعہ بالکل نہ تھا چنانچہ ائمہ اہل سنت نے ان کے معتزلی المذہب ہونے کی صراحت بایں الفاظ فرمائی ہے علامہ ذہبی نے ان کے حالات میں واشگاف الفاظ میں لکھا ہے:

... کان معتزلیاً ثقۃ

... ابوعبداللہ محمد بن عمران المرزبانی معتزلی اور قابل وثوق تھا۔

(سیر اعلام النبلاء جلد ۱۶ صفحہ ۴۴۸، میزان الاعتدال جلد ۳ صفحہ ۶۷۲/۶۷۳، العبر فی خبر من غبر جلد ۲ صفحہ ۱۶۶ طبع بیروت)

اور بعینہا اسی طرح علامہ حافظ ابن حجر العسقلانی نے ان کا مذہب یہی بتلایا ہے:

کان مذھبہ الاعتزال وکان ثقۃ

"ان کا مذہب معتزلی تھا اور (روایت کے باب میں) ثقہ تھے"

(ملاحظہ ہو لسان المیزان جلد ۵ صفحہ ۳۲۷ طبع دکن)

البتہ حضرت علی علیہ السلام سے محبت کے گہرے جذبات اور مخلصانہ عقیدت کی وجہ سے ان کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ان کا تشیع کی طرف میلان تھا درحقیقت ان کا تعلق مسلک اہل سنت سے تھا۔ معلوم ہوا کہ ابوعبداللہ محمد بن عمران مرزبانی ثقہ اور معتبر ہے اور اس نے خطبہ فدک کو اپنے بزرگ محمد بن احمد الکاتب سے سماعت فرمایا اور پھر "حدثنی" کہہ کر آگے پھیلایا ہے۔ مرزبانی نے ۳۸۴ھ کو وفات پائی ہے۔

شیعہ راوی سے مروی روایت کی حجیت تسلیم شدہ ہے

اگر بفرض محال یہ تسلیم کر لیا جائے کہ یہ راوی شیعہ تھے تب بھی ان کی بیان کردہ حدیث یا روایت کے قبول کرنے میں کوئی امر مانع نہیں ہے اس لئے کہ محدثین اور ماہرین اصول حدیث اہل سنت کا رواۃ

حدیث کے بارے میں یہ مسلمہ اصول ہے:

الغلوفی التشیع لیس بجرح اذا کان الراوی ثقة

''جب راوی ثقہ ہو تو محض غلو در تشیع موجب جرح نہیں ہے''

اس موقف پر دلیل یہ ہے کہ کتب اہل سنت میں اکثر غالی شیعہ راویوں کو قابل وثوق اور ان سے مروی روایات کو قبول کیا گیا ہے چنانچہ مشہور ماہر علم رجال علامہ ذہبی نے کوفہ کے رہنے والے ایک کٹر شیعہ راوی ابان بن تغلب کے متعلق لکھا ہے:

ابان بن تغلب الکوفی شیعی جلد لکنه صدوق فلنا صدقه وعلیه بدعته وقد وثقه احمد بن حنبل وابن معین وابو حاتم واورده ابن عدی وقال کان غالیاًفی التشیع۔۔۔ الخ

''ابان بن تغلب کوفی کٹر شیعہ ہیں لیکن یہ ہیں سچے، پس ان کی صداقت وسچائی ہمارے لئے اور بدعت ان کی اپنے لئے اور امام احمد بن حنبل، امام ابن معین اور امام ابوحاتم رازی نے بلاشبہ ان کی توثیق کی ہے اور ابن عدی ان کے حالات کو لائے ہیں اور کہا ہے کہ یہ غالی شیعہ تھے۔''

یہ بات ذہن نشین رہے کہ اہل سنت کی اصطلاح میں غالی شیعہ اسے کہا جاتا ہے کہ جو شخص حضرت علی علیہ السلام سے زیادہ محبت کرتا ہو اور انہیں سب صحابہؓ سے افضل وارفع جانتا ہو اور انہی کو بعد از پیغمبرؐ متصل خلیفہ سمجھتا ہو اور ان کے دشمنوں سے بیزاری اختیار کرتا ہو۔ واضح رہے کہ شیعہ سے متعلق اس قسم کی اصطلاحات کے دراصل خالق بنی امیہ ہیں اور اس کے پس منظر میں امویوں کے جبر وتشدد کا نتیجہ اور ان کی شیعہ دشمنی کارفرما تھی۔ بعد ازاں علامہ ذہبی نے ان کے حالات پر اجمالی بحث کی ہے اس کے بعد بطور نتیجہ کلام یوں رقمطراز ہیں:

فهذا کثیر فی التابعین وتابعیهم مع الدین والورع والصدق فلورد حدیث هؤلاء لذهب جملة من الآثار النبویة وهذه مفسدة بینة

''اس قسم کا (تشیع) تابعین اور تبع تابعین میں بہت زیادہ پایا جاتا ہے اس کے باجود وہ دیندار، پرہیزگار اور سچے ہیں اگر ان شیعہ راویوں کی احادیث کو رد کر دیا جائے تو اس سے احادیث نبویہ کا بڑا ذخیرہ ضائع ہو جائے گا اور یہ بہت بڑی واضح خرابی ہے۔''

(میزان الاعتدال جلد ا صفحہ ۵ طبع مصر، تدریب الراوی للسیوطی صفحہ ۱۲۹ طبع مدینہ منورہ)

اہل علم طبقہ جانتا ہے کہ اہل سنت کی بنیادی کتابیں صحاح ستہ میں بہت بڑی تعداد میں شیعہ رواۃ موجود ہیں ایسے راویوں کی نشاندہی کے لئے دیگر کتب رجال کے علاوہ حافظ ابن حجر عسقلانی کی کتاب ''مقدمہ فتح الباری شرح صحیح البخاری'' کا مطالعہ مفید رہے گا۔ مثال کے طور پر کتب صحاح ستہ کا ایک راوی عدی بن ثابت انصاری ہے جو صرف شیعہ ہی نہیں بلکہ شیعوں کی مسجد کا امام اور ان کا بہت بڑا خطیب اور واعظ تھا، اس کے باوجود اس سے مروی احادیث اعلیٰ طبقہ میں شمار ہوتی ہیں۔

علامہ ذہبی اس کا تعارف ان الفاظ کے ساتھ کرتے ہیں:

الامام الحافظ الواعظ الانصاری الکوفی---

اور امام احمد بن حنبل، امام عجلی، امام نسائی اور امام ابوحاتم رازی وغیرہ آئمہ حدیث نے اس کی توثیق کی ہے۔ بعد ازاں علامہ ذہبی لکھتے ہیں:

کان امام مسجد الشیعة وقاصھم

''عدی بن ثابت شیعہ کی مسجد کے امام اور ان کے خطیب تھے۔''

(سیر اعلام النبلاء ج ۵ صفحہ ۱۸۸، میزان الاعتدال ج ۳ صفحہ ۶۱ مقدمہ فتح الباری صفحہ ۴۲۳ اور تہذیب التہذیب وغیرہ)

مندرجہ بالا اخبار و آثار اور ناقابل تردید دلائل سے یہ حقیقت بالکل نکھر کر سامنے آ گئی ہے کہ اہلسنت کے اصول حدیث کے مطابق شیعہ سے مروی احادیث و روایات قابل عمل اور لائق التفات ہیں یہاں اس مسئلہ پر مزید بحث باعث تطویل ہے لہٰذا ان ہی الفاظ پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

؎ قیاس کن زگلستان من بہار مرا

محمد بن احمد الکاتب:۔ اس کا پورا نام اس طرح ہے ابوعبداللہ محمد بن احمد بن ابراہیم الحکیمی الکاتب ہے یہ بغداد کے رہنے والے تھے امام دارقطنی ---- محمد بن عمران المرزبانی جن کا ابھی اوپر تذکرہ ہوا ہے اور دیگر اکابر

اس سے روایت کرتے ہیں یہ روایت کے باب میں ثقہ ہیں۔

(تاریخ بغداد جلد ا صفحہ ۲۶۸/۲۶۹ طبع بیروت، شذرات الذہب جلد ۲ صفحہ ۳۴۳، نشوار المحاضرہ للسیوطی جلد ۶ صفحہ ۱۷۷، ہدیۃ العارفین للبغدادی جلد ۲ صفحہ ۳۸)۔

محمد بن احمد الکاتب ماہ ذی القعدہ ۲۵۲ ہجری میں پیدا ہوا اور ۳۳۶ ہجری میں انتقال کیا۔

(المنتظم لابن الجوزی جلد ۶ صفحہ ۳۵۹ طبع دکن، الانساب للسمعانی جلد ۲ صفحہ ۳۴۳ طبع بیروت، الوافی بالوفیات للصفدی جلد ۲ صفحہ ۴۰ طبع مصر)

رفع اشکال:۔ بعض طبائع کی طرف سے یہ سوال وارد کیا جا سکتا ہے کہ محمد بن احمد الکاتب کے لئے "ثقة الا انه یروی مناکیر" استعمال ہوا ہے اس کے جواب میں گذارش ہے کہ ایسے بہت سے راویوں کے نام پیش کیے جا سکتے ہیں جن سے متعلق روی احادیث منکرۃ وغیرہ کہا گیا مگر اس کے باوجود ان سے روایت کردہ احادیث قبول کر لی گئی ہیں مثلاً محمد بن ابراہیم تیمی کے بارے میں ایسے الفاظ وارد ہوئے ہیں جب کہ یہ شیخین کا راوی ہے بخاری و مسلم نے اسے قابل اعتبار قرار دے کر اس سے احادیث نقل کیں۔ اس لیے یہ کوئی جرح نہیں اور نہ ہی راوی کے ضعف کا مقتضی ہے، علمائے فن نے ان مسلمہ اصولوں کی صراحت کی ہے چنانچہ اصول حدیث کے ماہر علماء "یروی مناکیر" اور "منکر الحدیث" میں فرق بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

وان تفرق بین روی المناکیر او یروی المناکیر او فی حدیثه نکارة نحو ذلك وبین قولهم منکر الحدیث ونحو ذلك بان العبارات الاولی لا تقدح الراوی قدحا یعتد به والاخری تجرحه جرحاً معتدابه

تم پر "روی المناکیر" یا "یروی المناکیر" یا "فی حدیثه نکارة" وغیرہ ایسے الفاظ کے اور "منکر الحدیث" کے درمیان فرق کرنا لازم ہے کیونکہ پہلے الفاظ قابل اعتبار جرح نہیں ہیں برعکس دوسرے یعنی منکر الحدیث کے کہ یہ راوی پر ایسی جرح ہے جس کا اعتبار کیا جاتا ہے۔"

(الرفع والتکمیل صفحہ ۱۵۰ طبع حلب، نصب الرایہ للزیلعی جلد ا صفحہ ۱۷۹ طبع قاہرہ، قواعد فی علوم الحدیث صفحہ ۲۶۳ طبع الریاض، ابکار المنن مبارکپوری صفحہ ۱۹۱ طبع دہلی)

مزید تفصیل کے لئے عصر حاضر کے مشہور ماہر فن حدیث محمد عبدالرحمن المرعشلی کی تازہ تصنیف فتح المنان مقدمہ لسان المیزان صفحہ ۲۶۲ تا صفحہ ۲۶۴ طبع دار احیاء التراث العربی بیروت ملاحظہ کیجیے

سطور بالا میں بیان کیے گئے دلائل سے ثابت ہوا کہ بروی المناکیر جیسے الفاظ محمد بن احمد الکاتب کے ثقہ اور صدوق ہونے کی منافی نہیں۔ بڑے بڑے جید ائمہ نے اس کو ثقہ کہا ہے اس کے لئے کوئی جرح مفسر ثابت نہیں ہے حالانکہ معمولی فہم کا انسان بھی اس بات کو بخوبی سمجھتا ہے کہ جس ثقہ یا صدوق راوی پر معمولی جرح یعنی بہم، لہ مناکیر، لہ اوھام اور یخطی وغیرہ ہو تو اس کی منفرد حدیث حسن درجہ کی ہوتی ہے۔

عطیہ عوفیؒ پر جرح اور اس کا جواب

اس خطبہ (فدک) کی سند میں راوی عطیہ العوفی ہے جو کہ ضعیف ہے علماء نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے تو یہ خطبہ قابل احتجاج نہیں ہے۔

جواب:۔ جناب عطیہ بن سعد العوفیؒ کوفہ کے جلیل القدر تابعی ہیں ان کو بعض صحابہ کرامؓ سے روایت حدیث کا شرف حاصل ہے۔ ان کا شمار اجلۂ روایان حدیث میں ہوتا ہے۔ حضرت علی المرتضیٰؑ کے ظاہری زمانہ خلافت میں یہ پیدا ہوئے۔ ان کے والد بزرگوار حضرت سعد بن جنادہؓ بارگاہ حضرت علیؑ میں حاضر ہوئے عرض کیا اے امیر المومنینؑ ! اللہ تعالیٰ نے مجھے فرزند عطا فرمایا ہے اس کا نام تجویز کیجیے۔ آپ نے فرمایا ''ھذا عطیة اللہ'' یہی سے ان کا نام عطیہ رکھا گیا۔

انہوں نے حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کے خطبۂ فدک کو عبداللہ محض اور دیگر مشاہیر صحابہؓ و تابعینؒ سے روایت کیا ہے اللہ تعالیٰ نے ان کو حضرت علیؑ کی محبت سے حظ وافر عطا فرمایا تھا یہی وجہ ہے کہ امتداد زمانہ کے زیر اثر کچھ متعصب لوگوں نے ان کی بے جا تضعیف کی ہے حالانکہ یہ بات واضح ہے کہ جرح جب تعصب و عداوت اور منافرت وغیرہ کی بنا پر ہو تو ایسی جرح بالاتفاق قابل سماعت نہیں ہے بلکہ یہ جرح نہایت مردود اور مطرود ہے۔

عطیہ عوفیؒ ۱۱ھ کو شہر کوفہ میں واصل بحق ہوئے۔ ان کی حیات مستعار میں ۸۱ھ ان کے لیے انتہائی صبر آزما سال تھا۔

اسی سال سفاک زمانہ حجاج بن یوسف نے اپنے گورنر کو حکم دیا تھا کہ عطیہ اگر علی بن ابی طالبؑ کو سب وشتم کرے تو فبہا ورنہ اسے ۴۰۰ کوڑے مارے جائیں اس کے سر اور داڑھی کے بال بھی نوچ لیے

جائیں تو جناب عطیہ عوفیؒ نے بھرے دربار میں جلادوں اور ننگی تلواروں کے ہجوم میں اس فعل قبیح سے صاف انکار کر دیا بالآخر اس کو ان سنگین مراحل سے گزرنا پڑا۔ (ملاحظہ ہو: طبقات ابن سعد ج ۶ صفحہ ۲۱۳ طبع لیدن، ذیل المذیل من تاریخ الصحابہ والتابعین لابن جریر الطبری صفحہ ۹۵ طبع مصر، تہذیب التہذیب ج ۷ صفحہ ۲۲۷ طبع دکن)

قارئین کرام! مذکورہ بالا بیان کیے گئے مندرجات سے یہ امر مترشح ہوتا ہے کہ اگر عطیہ عوفیؒ خلیفہ راشد حضرت علیؑ اور ان کی اولاد پاک کی شان اقدس میں خدانخواستہ نازیبا کلمات استعمال کرتا تو "جمہور" کے نزدیک حریز بن عثمان حمصی (مشہور ناصبی، بخاری کا راوی ہے) اور عمران بن حطان (بخاری کا راوی ہے حضرت علیؑ کے قاتل ابن ملجم مرادی ملعون کی مدح سرائی کیا کرتا تھا) کی طرح ثقہ، معتبر اور انتہائی قابل اعتماد راویوں میں شمار ہوتا حالانکہ اصول حدیث اور عقل و حکمت کا تقاضا یہ ہے کہ ناصبی اپنی منافقت اور عداوت اہل بیتؑ کی وجہ سے غیر ثقہ اور ناقابل اعتماد ہوتا ہے۔ بلاوجہ صرف محبت علیؑ کے جرم میں عطیہ العوفیؒ کو متہم اور مطعون کرنے کی سعی ناسشکور کی گئی۔

جبکہ امام بخاری کی "الادب المفرد" کے علاوہ سنن اربعہ یعنی ترمذی، ابوداود اور ابن ماجہ جیسے کتب صحاح کے مشاہیر ائمہ حدیث نے عطیہ عوفیؒ سے روایت حدیث کو باعث شرف سمجھا۔ جو اس کے عادل اور قابل اعتبار ہونے کی ایک روشن دلیل ہے۔

سطور ذیل میں ہم اہل سنت کے مشاہیر ائمہ اور محدثین کی توضیحات پیش کئے دیتے ہیں تمام کا استقصاء تو دشوار ہے لیکن بطور مثال صرف چند ایک کی تصریحات دی ہیں۔[1]

امام ابن معین نے عطیہ عوفیؒ کی زبردست توثیق کی ہے۔

(ملاحظہ فرمایئے: مجمع الزوائد للهیثمی ج ۹ صفحہ ۱۰۹ طبع بیروت، تہذیب التہذیب ج ۷ صفحہ ۲۲۵، تاریخ یحیی ابن معین ج ۲ صفحہ ۴۰۶ طبع حلب)۔

امام ابن معین علم حدیث اور فن جرح و تعدیل کے امام ہیں یہ مذہب کے لحاظ سے غالی حنفی تھے

---

[1] اس سلسلہ میں کتب صحاح ستہ یعنی صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ابو داود، سنن ترمذی، سنن نسائی اور سنن ابن ماجہ کے ناصبی راوی اور ان پر سیر حاصل تبصرہ کے لیے ہماری تازہ تصنیف "الهدیة السنیة بجواب تحفه اثنا عشریه" کی پہلی جلد ملاحظہ فرمائیں جو یقیناً قابل مراجعت ہے۔

جیسا کہ علامہ ذہبی نے اس کی تصریح اپنی کتاب "الرواۃ الثقات المتکلم فیھم بما لایوجب ردھم" میں کردی ہے اتنے بڑے حنفی امام اور محدث کی توثیق وتصدیق کے بعد عطیہ عوفیؒ کے ثقہ اور معتبر ہونے میں کسی بھی شبہ کا احتمال ہرگز نہیں کیا جاسکتا۔

چوتھی صدی ہجری کے بڑے محدث حافظ ابو حفص عمر بن احمد المعروف بابن شاہین بغدادی نے لکھا ہے:

عطیۃ العوفی لیس بہ بأس ، یہ ثقہ ہے اس سے حدیث اخذ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(تاریخ اسماء الثقات صفحہ ۱۷۲، رقم ۱۰۲۳ طبع الدار السلفیہ کویت)۔

واضح رہے کہ تمام مستند اصول حدیث کی کتابوں میں یہ بات مرقوم ہے کہ آئمہ حدیث کی اصطلاح میں "لا بأس بہ" راوی کے ثقہ ہونے کا ہی مفہوم ہے۔ (۱)

نہایت ثقہ اور مستند مورخ محمد ابن سعد بصری نے عطیہ عوفیؒ کے حالات میں لکھا ہے:

وکان ثقۃ ان شاء اللہ تعالیٰ ولہ احادیث صالحۃ

عطیہ عوفیؒ انشاءاللہ تعالیٰ قابل وثوق ہے اور اس سے مروی احادیث بالکل درست ہیں۔ (طبقات ابن سعد ج ۶ صفحہ ۲۱۳ طبع لیدن ۱۳۲۱ھ)

اصح الکتب صحیح بخاری کے شارح علامہ بدرالدین عینی نے فقہ حنفی کی استدلالی کتاب "طحاوی شریف" کے راویوں کے حالات میں ایک ضخیم کتاب "مغانی الاخیار من رجال معانی الآثار" کے نام سے تصنیف فرمائی جو تین جلدوں پر مشتمل ہے اس کی تلخیص مولانا رشد اللہ السندی نے "کشف الاستار عن رجال معانی الآثار" کے نام سے ایک جلد میں مرتب کی جسے دارالعلوم دیوبند کے مفتی اعظم مولانا محمد شفیع الدیوبندی نے اپنے مفید مقدمہ وحواشی کے ساتھ اپنے مرکزی ادارہ "دار الاشاعت والتدریس دار العلوم

---

(۱) اگر جس راوی کے بارے میں "لا بأس بہ" کہا جائے تو وہ ثقہ ہوتا ہے۔ اس مطلب کو مزید دیکھنے کے لیے ملاحظہ فرمائیں : التقریب النواوی مع شرحہ تدریب ج ۳ صفحہ ۲۳۱ طبع مدینہ منورہ، تذنیب لتقعیب التقریب صفحہ ۳۰ از مولانا امیر علی حنفی ملیح آبادی طبع نول کشور۔

دیوبند" سے ۱۹۳۰ء کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے یہی نسخہ ہمارے پیش نظر ہے۔
چنانچہ اس مذکورہ کتاب میں امام بدرالدین عینی اور مولانا رشداللہ السندی حضرت عطیہ عوفیؒ کے بارے میں رقم طراز ہیں:

عطية بن سعد بن جنادة العوفي الجدلي الكوفي ابوالحسن صدوق

''عطیہ بن سعد عوفی (روایت حدیث کے باب میں) سچا ہے'' (کشف الاستار صفحہ ۷، طبع دیوبند)

اور اسی طرح ماضی قریب کے مشہور محقق علامہ استاذ احمد محمد شاکر نے بھی سنن ترمذی کی شرح میں ان کی بھرپور مدافعت کی ہے اور واشگاف الفاظ میں کہا ہے:

''لوگوں نے عطیہ کے بارے میں کلام کیا ہے حالانکہ وہ (حدیث کے باب میں) سچا ہے میرے نزدیک اس کی حدیث حسن درجہ سے کم نہیں ہے اور بلاشبہ امام ترمذی نے اس کی سب سے زیادہ تحسین کی ہے۔''

چنانچہ ان کی اصل عبارت یہ ہے:

وعطية هذا تكلموا فيه كثيراً وهو صدوق وفي حفظه شئ وعندي ان حديثه لا يقل عن درجة حسن وقد حسن له الترمذي كثيراً كما في الحديث

(التعليقات علىٰ سنن ترمذی ج ۲ صفحہ ۳۴۲ باب ماجاء فی صلاۃ الضحیٰ طبع قاہرہ)

نیز امام ترمذی نے عطیہ عوفیؒ سے مروی اس محولہ بالا باب کی حدیث اور حدیث ثقلین کے ذیل میں ان دونوں کو حسن اور بعض دیگر احادیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

نواب صدیق حسن خان ایک حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ودر سندش عطیہ بن سعد عوفی ست ...وابن معین وغیرہ توثیقش نمودہ وترمذی حدیث اورا تحسین کردہ وایں حدیث از حسان جنس ست کہ آن را حسن گفتہ وابن خزیمہ حدیث اورا در صحیح خود آوردہ ونسائی باسناد صحیح از طارق بن شہاب بمثل آوردہ۔

''اس حدیث کی سند میں عطیہ بن سعد عوفی ہے ابن معین اور دیگر آئمہ نے اس کی توثیق کی ہے امام

ترمذی نے اس کی حدیث کو حسن کہا اور یہ حدیث اسی جنس سے ہے کہ جسے ہم حسن کہا جائے امام بن خزیمہ اس کی حدیث کو اپنی "صحیح" میں لائے ہیں اور امام نسائی صحیح سند کے ساتھ طارق بن شہاب بجلی کے طریق سے عطیہ عوفی کی حدیث لائے ہیں"۔ (ریاض المرتاض صفحہ ۲۱۱ طبع بھوپال)

مزید برآں احناف کے فقیہ شہیر ابو الحسنات مولانا عبد الحی لکھنوی کے مایہ ناز شاگرد مولانا امیر علی حنفی ملیح آبادی متوفی ۱۹۱۹ء مترجم ہدایہ وفتاویٰ عالمگیری نے بھی اپنی کتاب تعقیب التقریب مطبوعہ برحاشیہ تقریب التہذیب صفحہ ۲۶۵ طبع نول کشور میں عطیہ عوفی کے بارے میں امام ترمذی کی تحسین کو نقل کیا ہے۔

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ امام ترمذی کا عطیہ سے مروی حدیث کو "حسن" کہنا اس سے مراد سند کا اچھا ہونا ہے۔ خود امام ترمذی نے کتاب "العلل" میں اس بات کی تصریح بھی کردی ہے:

"جہاں ہم "حدیث حسن" کہتے ہیں وہاں ہماری مراد سند کا حسن ہونا ہے جو کئی سندوں سے مروی ہو جس میں کوئی راوی متہم بالکذب نہ ہو اور وہ حدیث شاذ بھی نہ ہو، تو وہ ہمارے نزدیک حسن ہے"۔

اب یہ کہنا کہ عطیہ عوفی غیر ثقہ ہے محض تعصب اور تحکم و سینہ زوری ہے ورنہ ان مندرجات کو ملاحظہ کرنے کے بعد یہ امور ثابت اور واضح و آشکار ہو چکے ہیں کہ عطیہ عوفیؒ حدیث کے باب میں ثقہ، صدوق اور نہایت اعلیٰ درجہ کی صفات کا حامل ہے اس سے مروی احادیث اور روایات عند المحدثین صحیح ہیں۔ اس حقیقت کے واضح ہونے کے باوجود پھر بھی کوئی بلا تدبر و تفکر انکار پر مصر اور بضد رہے تو یہ لا علاج مرض ہے کیونکہ:

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ـــــ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

اکابر علماء اہل سنت جنہوں نے خطبہ فدک کو نقل کیا ہے

ان ہی حقائق کے پیش نظر بہت سے وسیع النظر محققین اور اساطین علم و تحقیق نے کھلے دل سے اس خطبۂ فدک کو تسلیم کیا اور اپنی تالیفات میں بلا نکیر اسے نقل کر دیا ہے۔

ذیل میں مزید ان مصنفات کی نشاندہی کی جاتی ہے۔

چنانچہ تیسری صدی ہجری کے معروف ادیب اور مشہور مورخ ومحقق ابوالفضل احمد بن ابی طاہر المعرف ابن طیفور جو بغداد میں ۲۰۴ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۸۰ھ میں انتقال فرما گئے آپ اہل سنت کے بلند پایہ محدث ہیں ان کے مزید حالات کے لئے معجم الادباء جلد ا صفحہ ۲۸۵، الاعلام للزرکلی جلد ا صفحہ ۱۲۸، فہرست لابن ندیم صفحہ ۱۸۰ وغیرہ کتب رجال کو دیکھا جائے۔

انہوں نے اپنی تاریخی کاوش ''بلاغات النساء'' میں ان خطبوں کو شامل کرنے کا شرف حاصل کیا اور تین سلسلوں سے وہ ان کی سند لائے ہیں بلاغات النساء مطبوعہ الطبعة الاولی دارالاضواء بیروت ۱۹۹۹ء اس کی تحقیق وتخریج کا نہایت قابل ستائش کام ڈاکٹر شیخ محمد یوسف البقاعی نے کیا ہے جس سے کتاب کی افادیت دوچند ہو گئی ہے یہی نسخہ ہمارے کتب خانہ کی زینت ہے چنانچہ مورخ موصوف خطبۂ فدک کو بعنوان ''کلام فاطمة بنت رسول الله صلی الله علیه وسلم'' کے ذیل میں لائے ہے جو صفحہ ۲۰ تا صفحہ ۳۰ تک پھیلا ہوا ہے اس خطبہ کی صحت کے لئے حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے صاحبزادے جناب زید شہیدؒ کا یہ بیان لکھا ہے:

رایت مشایخ آل ابی طالب یروونه عن آبائهم ویعلمونه ابنائهم

''میں نے خاندان ابوطالب کے بزرگوں کو اپنے آباواجداد سے یہ خطبہ روایت کرتے ہوئے دیکھا اور وہ اپنی اولاد کو یہ خطبہ یاد کرواتے تھے''

اور مورخ ابن طیفور نے یہ جملہ بھی جناب زید شہیدؒ کا ہی ارقام کیا ہے

وقد حدثنیه ابی عن جدی یبلغ به فاطمة علی هذه الحکایة

''اور بے شک مجھے اپنے پدر بزرگوار نے میری جدہ ماجدہ کے حوالے سے یہ خطبہ بیان فرمایا ہے۔''

۲۔ برادران اہلسنت کے ایک اور قابل قدر دانشمند امام ابوبکر احمد بن عبدالعزیز جوہری بغدادی متوفی ۳۲۳ھ کا نام ملتا ہے۔ جنہوں نے چوتھی صدی ہجری میں خاصے تحقیقی کارنامے سرانجام دیے ہیں اور جن کی ایک تصنیف ''السقیفة وفدك'' ہے بحمد اللہ ہمارے کتب خانہ میں اس کا ایک مطبوع نسخہ موجود ہے یہ وہ علمی شخصیت ہیں کہ جن کے بارے میں ممتاز عالم عبدالحمید ابن ابی الحدید بغدادی نے اپنے تاثرات یوں بکھیرے ہیں:

وابوبکر الجوهری هذا عالمٌ محدثٌ، کثیر الادب، ثقةٌ، ورعٌ اثنی علیه المحدثون ورووا عنه مصنفاته

''اور ابوبکر جوہری۔ یہ مانے ہوئے عالم، محدث، ادب آفریں۔ نہایت معتبر اور پرہیز گار بزرگ ہیں۔ سارے محدثین نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے اور ان کے متاع فکر کی روایت کی ہے۔'' (شرح ابن ابی الحدید جلد۱۶ صفحہ ۲۱۰ طبع مصر)

ان کے علاوہ امام ابوبکر جوہری کی توثیق بہت سی کتب رجال میں موجود ہے لیکن یہ اوراق مزید تذکرہ کے متحمل نہیں ہیں۔

امام جوہری نے اپنی مذکورہ بالا کتاب کے صفحہ ۹۷ تا صفحہ ۱۰۵ طبع مکتبہ نینوی الحدیثہ میں خطبۂ فدک کو چار طرق واسانید سے بیان کیا ہے۔

۳۔ اور علامہ ابن ابی الحدید بغدادی نے اپنی مایہ ناز کتاب شرح ابن ابی الحدید جلد ۱۶ صفحہ ۲۱۰ تا صفحہ ۲۳۳ طبع دار احیاء الکتب العربیہ مصر ۱۹۶۲ء میں حضرت علی المرتضیٰؑ کے خطبہ میں مروی ''وکانت فی ایدینا فدک'' کے تحت بڑی شرح وبسط کے ساتھ درج کیا ہے۔ ابن ابی الحدید کی یہ شرح بہت سے اہم اور دقیق مطالب پر مشتمل ہے جس سے بعد میں آنے والے اہل سنت کے علماء نے استفادہ کیا ہے۔

۴۔ شہرۂ آفاق مورخ احمد بن ابی یعقوب بن واضح الکاتب عباسی، یہ تیسری صدی کا مورخ ہے اور بقول علامہ شبلی نعمانی کہ ''اس کی کتاب خود شہادت دیتی ہے کہ وہ بڑے پایہ کا مصنف ہے چونکہ اس کو دولت عباسیہ کے دربار سے تعلق تھا اس لئے تاریخ کا اچھا سرمایہ بہم پہنچا سکا ہے اس کی کتاب جو ''تاریخ یعقوبی'' کے نام سے مشہور ہے'' اس کتاب کے صفحہ ۸۶ جلد ۲ طبع دارالکتب العلمیہ بیروت ۱۹۶۰ء میں حضرت بتول عذراءؑ کے اس احتجاجی خطبے کا حوالہ دیا گیا ہے۔

۵۔ تیسری اور چوتھی صدی کے معروف مؤرخ ابوالحسن علی بن حسین المسعودی الشافعی المتوفی ۳۴۶ھ جو بقول شبلی نعمانی کہ ''فن تاریخ کا امام ہے اسلام میں آج تک اس کے برابر کوئی وسیع النظر مؤرخ پیدا نہیں ہوا وہ دنیا کی اور قوموں کی تواریخ کا بھی بہت بڑا ماہر تھا'' (الفاروق صفحہ ۷)۔

انہوں نے اپنی تصنیف ''مروج الذهب'' جلد اول صفحہ ۴۱۶ المطبعۃ البہیۃ المصریہ مصر ۱۹۲۷ء میں بعد از وفات پیغمبرؐ رونما ہونے والے واقعات اور اس خطبے کی جانب یوں اشارہ کیا

ہے:

واخبار من قعد من البیعۃ ومن بایع وما قالت بنو ھاشم وما کان من قصۃ فدک وماقالہ اصحاب النص والاخبار فی الامامت وما قالوہ فی امامۃ المفضول و غیرہ وما کان من فاطمۃ وکلامھا متمثلۃ حین عدلت الی قبر ابیھا علیہ السلام .... مماترکنا ذکرہ من الاخبار فی ھذاالکتاب اذکنا قدأتینا علی جمیع ذلک فی کتابنا اخبار الزمان والکتاب الاوسط فاغنی ذلک عن ذکرہ ھاھنا۔

اس عبارت کا مفہوم یہ ہے کہ ہم نے خاندان بنو ہاشم کا ابوبکر کی بیعت اور واقعہ فدک کے متعلق مفسرین و مؤرخین کے بیانات، امامت اور مفضول کی امامت کے متعلق ان کی آراء اور سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ کا اپنے بابا رسول خداؐ کی قبر مبارک پر فریاد کرنا اور جناب فاطمہ زہراؑ اور ان کے خطبے کا تذکرہ اس کتاب میں نہیں کیا جب کہ ہم نے اپنی دوسری تصانیف ''اخبار الزمان'' اور ''کتاب الاوسط'' میں اس کا تفصیلی ذکر کر دیا ہے۔

ہمیں موثق ذرائع سے مسموع ہوا ہے کہ علامہ مسعودی شافعی کی محولہ بالا دونوں کتابیں بیروت سے چھپ کر منظر عام پر آچکی ہیں لیکن تلاش بسیار کے باوجود ہمیں دستیاب نہ ہوسکیں ورنہ ہم اپنے قارئین کے لیے انہی کتابوں سے اصل عبارت کو نقل کر دیتے۔

۲۔ دنیائے اسلام کے سیرت نگار ابوالفرج علی بن حسین اصفہانی اموی متوفی ۳۵۶ھ نے اپنی تالیف ''مقاتل الطالبین'' جلد اول صفحہ ۶۲ تا صفحہ ۶۳ طبع داراحیاء العلوم بیروت ۱۹۶۲ء میں جناب عون ابن عبداللہ ابن جعفر کے حالات میں اس خطبے کی نشاندہی اس طرح کی ہے:

أمہ زینب العقیلۃ بنت علی ابن ابی طالب وامّھا فاطمۃ بنت رسول اللہ ﷺ والعقیلۃ ھی الّتی روی ابن عبّاس عنھا کلام فاطمۃ ص فی فدک فقال: حدّثتنی عقیلتنا زینب بنت علیؑ۔۔۔۔الخ۔

''جناب عون کی والدہ۔ علیؑ ابن ابی طالب اور رسول کریم کی بیٹی جناب فاطمہ زہراءؑ کی صاحبزادی حضرت زینبؑ عقیلہ تھیں اور فہم و فراست کی نشانی یہ وہی زینبؑ ہیں جن کے بارے میں جناب عبداللہ

ابن عباس نے کہا تھا کہ: "حضرت فاطمہؑ کا فدک والا خطبہ مجھے عقیلۂ بنی ہاشم جناب زینب بنت علی سے دستیاب ہوا"

۷۔ بلند پایہ محدث اور قابل تعریف مورخ شمس الدین ابوالمظفر یوسف بن قزاغلی بن عبداللہ بغدادی المعروف سبط ابن جوزی حنفی نزیل دمشق (متوفی ۶۵۴ھ)

اپنی معرکۃ الآراء کتاب "تذکرۃ الخواص من الامۃ" صفحہ ۲۸۵ طبع دارالاضواء بیروت ۱۴۰۱ھ میں جناب سیدہؑ کی فصاحت وبلاغت پر تفصیلی بحث کرتے ہوئے آپ کے خطبۂ فدک کے ایک خاص حصے کو تحریر میں لائے ہیں

۸۔ عربی ادب کے نامور سکالر امام مجدالدین ابو سعادات مبارک المعروف ابن اثیر الجزری متوفی ۶۰۶ھ نے اپنی لغت کی مشہور ومتداول کتاب "النہایہ فی غریب الحدیث والاثر" جلد ۳ صفحہ ۳۵۷ المطبعۃ الخیریہ بمصر قاہرہ ۱۳۰۶ھ میں لفظ "لـمـة" کی وضاحت میں لخت جگر پیغمبر کے خطبے کی جانب بایں الفاظ اشارہ فرمایا ہے:

"لـمـه" فی حدیث فاطمة رضی الله عنها انها خرجت فی لمة من نسائها تتوطا ذیلها الی ابی بکر فعاتبته ای فی جماعة من نسائها۔

۹۔ لغت عرب کے امام جمال الدین محمد ابن مکرم افریقی نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "لسان العرب" جلد ۱۲ صفحہ ۵۲۲ طبع دار صادر بیروت ۱۹۹۷ء میں لفظ "لـم" کی تخریج کے ذیل میں اس خطبے کا اقتباس وہی نقل کیا ہے جو نہایہ کے حوالے سے اوپر گزر چکا ہے۔

۱۰۔ دور حاضر کے محقق، مورخ اور نقاد ڈاکٹر عبد الفتاح عبدالمقصود المصری نے اپنی گرانمایہ کتاب "سیدتنا البتول فاطمة الزهراء رضی الله عنها" جلد ۲ صفحہ ۲۷۳ تا صفحہ ۲۷۸ طبع مکتبۃ المفضل الکویتیہ بیروت ۱۹۸۲ء میں اس خطبے کو اپنی کتاب کی زینت بنایا۔

۱۱۔ دمشق کے ایک سوانح نگار مصنف علامہ عمر رضا کحالہ نے اپنی کتاب "اعلام النساء فی عالمی العرب و الاسلام" جلد ۴ صفحہ ۱۱۶ تا ۱۲۳ مطبوعہ مطبعہ ہاشمیہ دمشق ۱۹۵۹ء میں پورا خطبہ درج کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

۱۲۔ ماضی قریب کے ایک صائب الرائے اور مجمع الفکر دانشور محقق استاد محمد بن حسن الحجوی الفاسی متوفی

۱۳۷۶ھ اپنی تالیف "الفکر السامی فی تاریخ الفقه الاسلامی " جلد اول صفحہ ۲۰۳ مطبوعہ الطبعة الاولی مکتبہ علمیہ مدینہ منورہ ۱۳۹۶ھ میں زیر عنوان "سیدتنا فاطمة بنت مولانا رسول الله صلی الله علیه وسلم" میں اس خطبہ کی طرف یوں توجہ مبذول فرماتے ہیں:

--- لکن ترجمة فضلها وعقلها وادبها وشعرها وخطبها وجودها وفقهها خصت بالتاليف وانظر خطبها فی کتاب بلاغات النساء---الخ

حقیقت حال یہ ہے کہ مؤلف موصوف فقہی مسلک کے لحاظ سے مالکی ہیں اور عقیدے کے اعتبار سے پکے سنی اہلسنت ہیں جیسا کہ اسی کتاب جلد ۲ صفحہ ۲۰۰ کی "القسم الرابع" میں خود فرماتے ہیں:

اما عقیدتی فسنیة سلفیة اعتقد عن دلیل قرآنی برهانی ما کان علیه النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه الراشدون---مالکی المذهب ماقام دلیل---

اس کتاب کے فاضل محشی استاد عبدالعزیز بن عبدالفتاح القاری نے بھی اس کتاب کے ابتدائی صفحہ پر مؤلف کا بھی مذہب و مسلک تحریر کیا ہے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ زیر نظر کتاب اپنے موضوع پر مرجع اور ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے مؤلف نے کمال درجہ مطالعہ و تحقیق کے بعد بی بی عالیہ سلام اللہ علیہا کے خطبۂ فدک کی توثیق و تصویب فرمائی ہے۔

۱۳۔ زمانہ حاضر کے ایک مشہور سکالر و دانشور استاد توفیق ابوعلم جن کا شمار اہلسنت کے شہیر اور نامور محققین علماء میں ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنی تصنیف "اهل البیتؑ" صفحہ ۱۵۷ طبع الطبعة الاولی مصر ۱۹۷۰ء اور دوسری کتاب "فاطمة الزهراء ؑ" صفحہ ۲۱۴ طبع دار المعارف بمصر قاہرہ، میں عنوان " بلاغتها وفصاحتها رضی الله عنها" کے تحت جناب خاتون جنتؑ کے پورے خطبے کو تحریر کیا ہے۔

مشاہیر علماء شیعہ جنہوں نے خطبہ فدک کو اپنی تالیفات میں درج کیا ہے

مندرجہ بالا تمام تصریحات برادران اسلامی کے معتمد علیہ اور جید علمائے کرام کی تھیں جنہوں نے اپنی تالیفات میں انتہائی تحقیق و ژرف نگاہی سے جناب مخدرہ کائنات سلام اللہ علیہا کے اس خطبے کو ارقام فرمایا ہے اور اب شیعہ مکتب فکر سے وابستہ جن علماء اعلام نے جناب فاطمۃ الزہراءؑ کے ان ارشادات کو اپنی تصنیفات میں درج کرنے کا شرف حاصل کیا ہے، ان میں سے چند ایک کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

۱۴۔ اعاظم علمائے شیعہ میں سے چوتھی صدی ہجری کے جلیل عالم محمد بن جریر ابن رستم طبری اپنی معرکہ آراء کتاب "دلائل الامامۃ الواضحۃ" صفحہ ۳۰ تا صفحہ ۳۹ طبع نجف ۱۹۶۳ء میں زیر عنوان "حدیث فدک" جگر گوشہ امام الانبیاءؐ کے خطاب کو پانچ طرق و اسانید کے ساتھ تحریر میں لائے ہیں۔

۱۵۔ رئیس المحدثین ابوجعفر محمد ابن علی یعنی شیخ صدوق علیہ الرحمۃ متوفی ۳۸۱ھ نے اپنی ایک بیش بہا تصنیف "علل الشرائع" جلد ۱ صفحہ ۲۴۸ طبع نجف میں موضوع کی مناسبت سے صدیقہ طاہرہؑ کے اس خطبے سے استنباط فرمایا ہے اور اپنی دوسری کتاب "معانی الاخبار" صفحہ ۳۵۴ طبع موسسۃ الاعلمی بیروت میں جناب سیدہؑ کے ان ارشادات کا پورا متن درج کیا جو آپ نے مدینے کی خواتین کے سامنے فرمائے تھے چونکہ آپ پوری کائنات کی خواتین کے لئے ایسا نمونۂ عمل اور اسوۂ کامل ہیں کہ جناب بھی آپ کے نقوش کی تلاش میں سرگرداں ہے۔

۱۶۔ چھٹی صدی ہجری کے بلند دانشمند شیخ احمد بن علی بن ابی طالب الطبرسی نے کتاب "احتجاج طبری" میں اس خطبہ کو حسب ذیل سند کے ساتھ نقل کیا ہے:

روی عبداللہ بن الحسن باسنادہ عن آبائہ علیہم السلام انہ لما اجتمع ابوبکر و عمر علی منع فاطمۃ فدک و بلغھا ذلک لاثت خمارھا علی راسھا ۔۔۔ الخ

(ملاحظہ فرمائیں: احتجاج طبرسی صفحہ ۶۱ تا صفحہ ۶۵ مطبوعہ المطبعۃ المرتضویہ نجف اشرف ۱۹۳۲ء)

۱۷۔ ابوجعفر رشید الدین محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی متوفی ۵۸۸ھ نے "مناقب آل ابی

طالب" جلد۲ صفحہ ۲۰۶ تا صفحہ ۲۰۸ مطبوعہ قم المقدسہ میں جناب بتولؑ عذراء کے ان ارشادات کو لکھا ہے۔

۱۸۔ امام السالکین جناب سید ابن طاؤس متوفیؒ ۶۶۴ھ نے بھی اپنی تالیف "الطرائف فی معرفة مذاهب الطوائف" صفحہ ۲۶۳ تا صفحہ ۲۶۴ طبع موسسة البلاغ بیروت ۱۴۱۹ھ میں بعنوان "خطبه فاطمة الزهراء فی مجلس ابی بکر" کے ذیل میں اس خطبے کے اہم حصوں کو پوری سند کے ساتھ قلم بند کیا ہے۔

۱۹۔ ساتویں صدی ہجری کے بہت بڑے عالم اور شارح نہج البلاغہ شیخ کمال الدین میثم بن علی ابن میثم بحرانی متوفی ۶۷۹ھ نے جناب عثمان ابن حنیف کے نام مولائے متقیان حضرت علی مرتضیٰؑ کے مکتوب گرامی کی تشریح میں حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے خطبے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"یہ نہایت طولانی خطبہ ہے۔ بعد ازاں انہوں نے اس کے بعض جملے بھی نقل کیے ہیں"۔

(ملاحظہ ہو: شرح نہج البلاغہ لابن میثم بحرانی جلد ۵ صفحہ ۱۰۵ طبع بیروت)

۲۰۔ ساتویں صدی کے ایک عظیم دانشور علی ابن عیسیٰ اربلی متوفی ۶۹۳ھ اپنی کتاب "کشف الغمه" جلد ۲ صفحہ ۱۰۸ تا صفحہ ۱۱۶ طبع نجف ۱۳۸۵ھ میں اس خطبے کو ابوبکر احمد بن عبدالعزیز بغدادی کی کتاب "السقیفة وفدك" کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

۲۱۔ علامہ محمد باقر مجلسی متوفی ۱۱۱۱ھ نے اس سرچشمہ نور اور رسول اکرمؐ کی تنہا یادگار کے انتہائی خوش نما تنوع کے بکھرے ہوئے پھولوں کو جمع کیا اور متعلقہ حوالوں کو بڑی وضاحت سے "بحار الانوار" جلد ۶ صفحہ ۱۰۷ طبع بیروت میں رقم فرمایا ہے!

۲۲۔ علامہ سید محسن الامین الحسینی العاملی نے "اعیان الشیعه" جلد ۱ صفحہ ۳۵۹ تا صفحہ ۳۶۳ مطبوعہ دار التعارف للمطبوعات بیروت میں دختر پیغمبرؐ کے ان احتجاجی فرمودات کو شامل کتاب کرنے کا شرف پایا ہے۔

مذکورہ بالا سطور میں چند مصنفات کو بطور مثال پیش کیا گیا ہے ورنہ بی بی پاک سلام اللہ علیہا کے ان ارشادات کو اہل فکر و نظر کی ایک بڑی تعداد نے نقل کیا ہے جنہیں خوف طوالت کی وجہ سے نظر انداز کیا جا رہا ہے فذلك بحر لا ساحل له۔

گر نیاید بگوش حقیقت کس ﴿ بر رسولاں بلاغ باشد و بس

یہ وہ تاریخی حقائق تھے جنہیں اجمالی طور پر ہدیہ قارئین کیا گیا ہے۔ اس کے بعد حضرت فاطمۃ الزہراءؑ بنت رسول اللہؐ کے اس گراں قدر تاریخی خطبہ کی وثاقت میں کوئی شک وشبہ باقی نہیں رہ جاتا۔

واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

قرآنی آیات سے استشہاد

الغرض عالمہ غیر معلمہ بی بیؑ نے اپنے بصیرت افروز خطبے میں اپنے حقوق کی بازیابی کے لیے قرآن مجید کی متعدد آیات سے استدلال کرتے ہوئے صدائے احتجاج بلند کی۔ مزید برآں ایسی بکثرت روایات اور مستند علماء کی توضیحات بھی وارد ہوئی ہیں کہ جن سے ثابت ہے کہ حضرت صدیقہ کبریٰ نے اپنے موقف کی تائید میں قرآنی آیات کو استنصار و استشہاد کے طور پر پیش کیا۔

چنانچہ یوصیکم اللہ فی اولادکم کی تفسیر میں امام فخر الدین رازی یوں تحریر کرتے ہیں:

احتجت فاطمۃؑ بعموم قولہ تعالی یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین

حضرت فاطمہ زہراءؑ نے حضرت ابوبکرؓ کے سامنے اس عمومی آیت کو بطور احتجاج پیش کیا۔ (تفسیر کبیر ج ۳ ص ۱۵۷ طبع مصر)

امام المناطقہ علامہ عبد العزیز بخاری اصول بزدوی کی مشہور شرح کشف الاسرار جلد ا صفحہ ۳۰۸ طبع الصدف پبلشرز کراچی میں "باب العام اذا لحقہ الخصوص" کے تحت رقم طراز ہیں:

احماع السلف علی الاحتجاج بالعموم الی بالعام الذی خص منہ فان فاطمۃ احتجت علی ابی بکر فی میراثھا من ابیھا بعموم قولہ تعالی یوصیکم اللہ فی اولادکم الآیۃ مع ان الکافر والقاتل وغیرھما خصوصمنہ ۔

اسلاف کا اجماع ہے کہ جس عام کی تخصیص کی گئی ہو اس سے احتجاج کرنا درست ہے کیونکہ حضرت فاطمہؓ نے اپنے باپ رسول اللہ ﷺ کی میراث کے بارے میں ابوبکرؓ کے خلاف اس آیت کے عموم کے ساتھ دلیل پیش کی تھی کہ یوصیکم اللہ فی اولادکم۔۔ الخ باوجود اس کے کہ آیت کا عموم کافر اور اپنے باپ کی قاتل اولاد سے تخصیص خوردہ ہے۔

اور بعینہا اسی طرح قاضی بیضاوی نے اپنی تصنیف "مرصاد الافہام الی مبادی الاحکام" جو

مختصر اصول ابن حاجب کی نہایت عمدہ شرح ہے، اس کے صفحہ ۱۰۲،۹۸ طبع قدیم بولاق مصر میں عموم حج سے استدلال ہو سکتا ہے؟ کے موضوع پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ويدل عليه وجوه الاول تمسك الصحابة فان فاطمة رضى الله تعالى عنها تمسكت بعموم قوله تعالى يوصيكم الله في اولادكم ۔۔۔ الخ

یہ چند وجوہات سے ثابت ہے پہلی یہ کہ صحابہ کرامؓ نے عموم حکم سے تمسک کیا ہے چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا نے عموم آیت یوصیکم اللہ فی اولادکم کے ساتھ تمسک کر کے استدلال پیش کیا۔ (کذافی مختصر الاصول ابن حاجب نحوی صفحہ ۲۵۰ المطبعۃ السعادۃ بمصر سن اشاعت ۱۳۲۶ھ)

اسی طرح شاہ ولی اللہ محدث الدہلوی رقم طراز ہیں:

پس ازاں صعب ترین اشکالات آن بود کہ حضرت فاطمہؓ و عباسؓ بظاہر عموم آیت یوصیکم اللہ ... متمسک شدہ میراث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طلب کردند

تمام مشکلات سے زیادہ مشکل حضرت ابوبکرؓ کے لیے یہ ہوئی کہ حضرت فاطمہؓ اور حضرت عباسؓ نے آیت مبارکہ یوصیکم اللہ فی اولادکم ۔۔۔ الخ کے ظاہری عموم سے دلیل پکڑتے ہوئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت کا مطالبہ کر دیا۔ (ازالۃ الخفا عن خلافۃ الخلفاء مقصد ۲ صفحہ ۳۰،۲۹ مطبوعہ صدیقی بریلی)

مزید برآں اس سلسلے میں طبقات ابن سعد جلد دوم صفحہ ۸۶ طبع لیدن "باب ذکر میراث رسول اللہ صلعم وما ترک" کے ذیل میں حضرت امام جعفر الصادقؑ سے مروی ایک روایت بایں الفاظ موجود ہے:

جاءت فاطمة الى ابى بكر تطلب ميراثها وجاء العباس بن عبد المطلب يطلب ميراثه وجاء معهما على فقال ابوبكر قال رسول الله لا نورث ما تركناه صدقة وما كان النبى يعول فعلى فقال على وورث سليمان داؤد قال زكريا يرثنى و ترث من ال يعقوب قال ابو بكر هو هكذا و انت والله تعلم مثلما اعلم فقال على هذا كتاب الله ينطق فسكتوا وانصرفوا (کذافی کنز العمال ج ۳ صفحہ ۱۳۳ طبع دکن، جمع الجوامع للسیوطی ج ۱۵ صفحہ ۲۷۸ طبع بیروت)

حضرت فاطمہ زہراؑ حق میراث طلب کرنے کے لیے ابوبکرؓ کے پاس آئیں اور جناب عباسؓ بن عبدالمطلب بھی میراث مانگنے کے لیے آئے اور ان دونوں کے ساتھ سیدنا علی المرتضیٰؑ ان کی ترجمانی کے لیے تشریف لائے، سو ابوبکرؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ ہم انبیاء کی میراث نہیں ہوتی جو کچھ چھوڑ جائیں صدقہ ہوتا ہے اور نبی کریمؐ جس کی کفالت کرتے تھے وہ میں کروں گا۔ حضرت سیدنا علی المرتضیٰؑ نے اس میراث انبیاء کے جواب میں یہ آیات پیش کیں کہ اللہ تعالیٰ یہ فرماتے ہیں: حضرت سلیمانؑ حضرت داؤد نبی کے وارث ہوئے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: کہ حضرت زکریاؑ نے دعا کی کہ مجھے بیٹا عطا فرما جو میرا اور آل یعقوب کا وارث ہو۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ وہ ایسا ہی ہے اور آپ قسم بخدا جیسا ہم جانتے ہیں ویسا آپ جانتے ہیں۔ اس پر حضرت علی مرتضیٰؑ نے کہا کہ اللہ کی کتاب بول کر میراث انبیاء کو بیان کر رہی ہے اس پر مکالمہ ختم ہوگیا اور وہ چلے گئے۔

تاریخ شاہد ہے کہ حضرت سیدہ خاتون جنتؑ کے جواب میں مخالف نے کوئی آیت پیش نہیں کی تو اس تناظر میں دختر رسول کا موقف انتہائی مضبوط ثابت ہوتا ہے۔

اس موضوع پر مستقل کتب رقم کی جا چکی ہیں جن کی طرف مراجعت باعث استفادہ ہے۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ ان احتجاجات کا اثر حکمرانوں پر بھی ہوا یا نہیں ؟؟ اسلامی تاریخ اس کا جواب نفی میں دیتی ہے حالانکہ چاہیے تو یہ تھا کہ حاکم وقت ایک لمحہ کی تاخیر کیے بغیر ہی قبضے سے دستبردار ہو جاتا مگر افسوس کہ ارباب اقتدار کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی بلکہ انصاف دینے کے بجائے درباری فیصلے نے مخدرۂ کائنات حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کو گوناگوں مصائب و آلام کی سنگلاخ وادی میں ڈال دیا۔ ہر آئے دن ایک نئی مصیبت سامنے آتی تھی۔ انتہائی حیرت ہے کہ فدک کے مقدمے میں حکمران خود ہی فریق بھی ہیں اور خود ہی فیصلے بھی کرتے ہیں کیا دنیا کی کوئی عدالت ایسے انصاف کی اجازت دیتی ہے؟ کلیجہ کانپ جاتا ہے ایسے فیصلے پر۔ اور یہی وجہ ہے کہ پیغمبر گرامیؐ قدر کی رحلت کے بہت قلیل عرصہ بعد سیدہ خاتونؑ جنت ان حکمرانوں سے اپنا حق لیے بغیر دار فانی سے دار البقاء کی طرف رخصت ہوگئیں لیکن آج بھی یہ قرض حکمرانوں کی گردنوں پر ہے جو تا قیامت رہے گا۔

☆☆☆

خطبۂ فدک

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

بنام خدائے رحمن و رحیم

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ عَلٰى مَاۤ اَنۡعَمَ،

ثنائے کامل ہے اللہ کے لیے ان نعمتوں پر جو اس نے عطا فرمائیں۔

وَلَهُ الشُّكۡرُ عَلٰى مَاۤ اَلۡهَمَ،

اور اس کا شکر ہے اس سمجھ پر جو اس نے (اچھائی اور برائی کی تمیز کے لیے) عنایت کی ہے۔(۱)

وَالثَّنَاءُ بِمَا قَدَّمَ مِنۡ عُمُوۡمِ نِعَمٍ ابۡتَدَاَهَا،

اور اس کی ثنا و توصیف ہے ان نعمتوں پر جو اس نے پیشگی عطا کی ہیں۔(۲)

۱۔ عَلٰی مَا اَلۡهَمَ: الہام انسان کے نفس کے اندر ایک ایسی طاقت کا نام ہے جس کے ذریعے وہ اچھائی اور برائی میں تمیز کر سکتا ہے۔ اس طاقت کو حجت باطنی کہتے ہیں نیز اسے عقل اور وجدان بھی کہا جاتا ہے۔ کبھی ہم اسے ضمیر کے نام سے بھی یاد کرتے ہیں۔ انسانی ضمیر میں اللہ تعالیٰ نے خیر و شر، پاکیزگی و پلیدی، فسق و فجور اور تقویٰ کا ادراک اور فہم ودیعت فرما دی ہے۔ اسی لئے یہ نفس اچھائی کی طرف بلانے والے اور برائی سے روکنے والے کی آواز پہچان لیتا ہے اور اسے پذیرائی ملتی ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ونفس وما سوىها فالهمها فجورها وتقوىها (سورۃ الشمس آیت ۷-۸)

اور قسم ہے نفس کی اور اس کی جس نے اسے معتدل کیا پھر اس نفس کو اس کی بدکاری اور اس سے بچنے کی سمجھ عطا فرمائی

۲۔ وہ نعمتیں جو اللہ تعالیٰ سوال کے بغیر از خود عنایت فرماتا ہے۔ دعائے رجبیہ میں آیا ہے:

یا من یعطیه من لم یسئله ومن لم یعرفه

اے وہ ذات جو اسے بھی عنایت فرماتا ہے جس نے نہ سوال کیا، نہ اس نے پہچان لیا۔

وَ سُبُوْغِ آلَاءٍ اَسْدَاهَا،	ان ہمہ گیر نعمتوں پر جن کے عطا کرنے میں اس نے پہل کی۔(۳)
وَتَمَامِ مِنَنٍ وَالَاهَا،	اور ان کی نعمتوں کی فراہمی میں فراوانی فرمائی۔
جَمَّ عَنِ الْاِحْصَاءِ عَدَدُهَا،	اور ان نعمتوں کی تکمیل تواتر سے کی یہ نعمتیں دائرہ شمار سے وسیع تر ہیں(۴)
وَنَاٰی عَنِ الْجَزَاءِ اَمَدُهَا،	اور ان کے ادائے شکر کی حدود تک رسائی بہت بعید ہے(۵)
وَتَفَاوَتَ عَنِ الْاِدْرَاكِ اَبَدُهَا،	اور (انسان) ان کی بے پایانی کا ادراک کرنے سے قاصر ہے۔(۶)

تشریح کلمات

سُبُوْغ: فراوان۔
جَمّ: زیاد۔
نَاٰی: دور۔

۳۔ وہ نعمتیں جو تمام انسانوں کے لیے یکساں طور پر عنایت فرماتا ہے۔
۴۔ جیسا کہ قرآن میں فرمایا:

وان تعدوا نعمة الله لاتحصوها — اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو شمار نہ کر سکو گے۔

۵۔ جب اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شمار ممکن نہیں ہے تو ان نعمتوں کا حق ادا کرنا یقیناً ممکن نہیں ہے۔ یعنی کسی محدود عمل سے لامحدود نعمتوں کا حق کیسے ادا ہو سکتا ہے۔
۶۔ بہت سی ایسی نعمتیں ہیں جن کی گہرائی اور ان کی انتہائی حدود انسان کے احاطۂ ادراک میں نہیں آسکتیں۔ بہت سی نعمتوں سے آج کا انسان آشنا ہے مگر کل کے انسان آشنا نہ تھے۔ اسی طرح انسانی ادراکات کا سلسلہ جاری رہے گا مگر ان نعمتوں کی آخری حدود تک پہنچنا ممکن نہیں۔

وَنَدَبَهُمْ لِاسْتِزَادَتِهَا بِالشُّكْرِ لِاتِّصَالِهَا

نعمتوں میں اضافہ اور تسلسل کیلئے لوگوں کو شکر کرنے کی ہدایت کی۔(۷)

وَاسْتَحْمَدَ إِلَى الْخَلَائِقِ بِإِجْزَالِهَا وَثَنَّى بِالنَّدْبِ إِلَى أَمْثَالِهَا۔

حمد کا حکم اس لئے دیا کہ نعمتوں میں فراوانی ہو ایسی نعمتوں کی طرف مکرر دعوت دی (جو خود بندوں کے لیے مفید ہیں)۔(۸)

وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ،

اور میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

كَلِمَةٌ جَعَلَ الْإِخْلَاصَ تَأْوِيلَهَا،

(کلمہ شہادت) ایک ایسا کلمہ ہے کہ اخلاص (درعمل) کو اس کا نتیجہ قرار دیا ہے۔(۹)

تشریح کلمات

نَدَبَ: پکارا، دعوت دی۔

إِجْزَال: فراوانی۔

ثَنّٰی، الثَّنِّي: مکرر۔

۷۔ جیسا کہ قرآن میں فرمایا:

لئن شکرتم لازیدنکم (سورۂ ابراہیم آیت ۷) اگر تم شکر کرو تو میں تمہیں ضرور زیادہ دوں گا

نعمتوں پر شکر کرنا اعلا قدروں کا مالک ہونے کی دلیل ہے ایسے لوگ ہی نعمتوں کی قدر دانی کرتے ہیں۔

امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں:

شکر النعمۃ اجتناب المحارم و تمام الشکر قول الرجل: الحمد للہ رب العالمین (اصول کافی ج ۲ ص ۹۵ طبع ایران)

حرام چیزوں سے اجتناب ہی نعمت کا شکر ہے اور شکر اس وقت پورا ہو جاتا ہے جب بندہ یہ کہہ دے: الحمد للہ رب العالمین۔

۸۔ یعنی نیک اعمال کی دعوت دی تاکہ اس قسم کی نعمتیں آخرت میں بھی میسر آئیں۔

۹۔ یعنی: ایک خدا پر ایمان کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ دوسرے خود ساختہ خداؤں سے بے نیاز ہو کر صرف ⇦

وَضَمَّنَ الْقُلُوْبَ مَوْصُوْلَهَا،	کلمۂ توحید کے ادراک کو دلوں میں جاگزین فرمایا۔(۱۰)
وَأَنَارَ فِي التَّفَكُّرِ مَعْقُوْلَهَا،	اور اس کے ادراک کے ذریعے ذہنوں کو روشنی بخشی۔
اَلْمُمْتَنِعُ مِنَ الْاَبْصَارِ رُؤْيَتُهُ،	نہ وہ نگاہوں کی (محدودیت) میں آسکتا ہے۔(۱۱)

⇐اس قادر لایزال کے ساتھ وابستہ ہو۔ توحید عقیدتی کا لازمی نتیجہ توحید عملی ہے اور عمل میں توحید پرست ہونے یعنی صرف اور خالصۃً اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرنے کی صورت میں موحد جبرائیل جیسے مقتدر فرشتہ کو بھی اعتنا میں نہیں لاتا۔ چنانچہ یہ واقعہ مشہور ہے کہ آتش نمرود میں جاتے وقت جبرئیل نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا تھا کوئی حاجت ہے؟ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا:

اما الیک فلا	آپ سے نہیں۔

۱۰۔ ماہرین نفسیات کی تحقیق میں یہ بات سامنے آگئی ہے:

"معرفت الٰہی فطری ہے اس سے پہلے وہ جمالیاتی ذوق، انسان دوستی اور علم دوستی ہی کو فطری تصور کرتے تھے۔"

اب معلوم ہوا ہے کہ خداپرستی ہر انسان کی فطرت اور جبلت میں موجود ہے، البتہ خدا پرستی کے خلاف منفی اثرات کی وجہ سے بہت سے لوگوں میں فطرت کے یہ تقاضے ابھر کر سامنے نہیں آتے، چنانچہ انسان دوستی ایک فطری امر ہونے کے باوجود بعض لوگوں پر منفی اثرات مترتب ہونے کی وجہ سے انسان دوستی کی جگہ وہ انسان دشمنی پر اتر آتے ہیں۔

۱۱۔ اللہ تعالیٰ حاسہ بصر کی محدودیت میں نہیں آسکتا بلکہ رؤیت خدا کا تصور ہی شان الٰہی میں گستاخی ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ کو علانیہ دکھانے کے مطالبے پر قوم موسیٰؑ پر عذاب نازل ہوا جس کا تذکرہ قرآن حکیم میں اس طرح آیا ہے:

فقالوا ارنا اللّٰہ جھرۃ فاخذتھم الصّعقۃ بظلمھم (سورۂ نساء آیت ۱۵۳)	انھوں نے کہا: ہمیں علانیہ طور پر اللہ دکھا دو ان کی اسی زیادتی کی وجہ سے انہیں بجلی نے آلیا۔

وَمِنَ الْاَلْسُنِ	اور نہ ہی زبان سے اس کا وصف بیان
صِفَتُهُ،	ہو سکتا ہے۔
	اور وہم و خیال اس کی کیفیت کو سمجھنے
وَمِنَ الْاَوْهَامِ كَيْفِيَّتُهُ.	سے قاصر ہے۔
اِبْتَدَعَ الْاَشْيَاءَ لَا مِنْ شَيْءٍ	ہر چیز کو لاشئ سے وجود میں لایا (۱۲)
كَانَ قَبْلَهَا،	اور کسی نمونے کے بغیر ان کو ایجاد کیا۔
وَاَنْشَأَهَا بِلَا احْتِذَاءِ اَمْثِلَةٍ امْتَثَلَهَا،	اپنی قدرت سے انہیں وجود بخشا
كَوَّنَهَا بِقُدْرَتِهِ وَذَرَأَهَا بِمَشِيَّتِهِ،	اور اپنے ارادے سے ان کی تخلیق فرمائی۔(۱۳)
مِنْ غَيْرِ حَاجَةٍ مِنْهُ اِلَى تَكْوِيْنِهَا،	ان کی ایجاد کی اسے ضرورت تھی۔

تشریح کلمات

اَلْاِحْتِذَاء: پیروی کرنا۔

ذَرَأَ: خلق کرنا۔

۱۲۔ عدم سے وجود دینے کو خلق ابداعی کہتے ہیں اس معنی میں صرف اللہ تعالیٰ خالق ہے جبکہ اجزائے موجودہ کو ترکیب دینے کو بھی تخلیق کہا جاتا ہے، اس سے غیر اللہ بھی متصف ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں ہے:

و اذ تخلق من الطين كهيئة الطير	اور میرے حکم سے مٹی کا پتلا پرندے کی شکل
باذني (سورۂ مائدہ آیت ۱۱۰)	کا بناتا۔

۱۳۔ ان اشیاء کی ایجاد و تخلیق پر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی قدرت اور ارادہ صرف ہوا ہے۔ حتیٰ کہ کاف و نون بھی خرچ نہیں ہوا بلکہ کن فیکون انسان کے فہم کے لیے صرف ایک تعبیر ہے۔

چنانچہ روایت میں آیا ہے:

فارادة الله الفعل لا غير ذلك يقول	ارادۂ خدا فعل خدا ہے جب وہ کن کہتا ہے
له كن فيكون بلا لفظ ولا نطق	وہ بغیر کسی لفظ اور زبانی نطق سے ہوتا
بلسان (اصول کافی صفحہ ۱۰۹ طبع لکھنؤ)	ہے۔"

وَلَا فَائِدَةٍ لَهُ فِي تَصْوِيرِهَا،
نہ ان کی صورت گری میں اس کا کوئی مفاد تھا (۱۴)

إِلَّا تَثْبِيتًا لِحِكْمَتِهِ
وہ صرف اپنی حکمت کو آشکار کرنا چاہتا تھا

وَتَنْبِيهًا عَلَى طَاعَتِهِ،
اور طاعت و بندگی کی طرف توجہ دلانا چاہتا تھا

وَإِظْهَارًا لِقُدْرَتِهِ
اور اپنی قدرت کا اظہار کرنا چاہتا تھا

وَتَعَبُّدًا لِبَرِيَّتِهِ
اور مخلوق کو اپنی بندگی کے دائرے میں لانا چاہتا تھا

وَإِعْزَازًا لِدَعْوَتِهِ،
اور اپنی دعوت کو استحکام دینا چاہتا تھا

ثُمَّ جَعَلَ الثَّوَابَ عَلَى طَاعَتِهِ
پھر اس نے اپنی اطاعت کو باعث ثواب

وَوَضَعَ الْعِقَابَ عَلَى مَعْصِيَتِهِ
اور معصیت کو موجب عذاب قرار دیا

ذِيَادَةً لِعِبَادِهِ عَنْ نِقْمَتِهِ
تاکہ اس کے بندے اس کے غضب سے بچے رہیں۔

وَحِيَاشَةً لَهُمْ إِلَى جَنَّتِهِ.
اور اس کی جنت کی طرف گامزن رہیں (۱۵)

تشریح کلمات

ذِيَادَةً: ذود سے رفع کرنا، دور کرنا۔

حِيَاشَةً: چلانا، گامزن کرنا۔

۱۴۔ اشیاء اپنے وجود اور اپنی بقا میں اللہ تعالیٰ کی محتاج ہیں اللہ تعالیٰ ان اشیاء کا محتاج نہیں ہے مگر ان اشیاء کو وجود دے کر اللہ اپنی کسی ضرورت کو پورا نہیں کر رہا، بلکہ ان مخلوقات کی خلقت کی غرض و غایت خود مخلوقات کی ارتقاء ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کی بندگی انسانیت کیلئے معراج ہے کیونکہ بندگی کمال کے ادراک کا نتیجہ ہے اور کمال کا ادراک خود اپنی جگہ ایک کمال ہے لہٰذا اطاعت و بندگی انسان کے لئے ارتقاء ہے۔

۱۵۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو نعمت وجود کے ساتھ بے شمار نعمتیں عنایت فرمائی ہیں ہماری طرف سے اللہ کی ⇐

وَاَشْهَدُ اَنَّ اَبِي مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، اِخْتَارَهُ وَانْتَجَبَهُ قَبْلَ اَنْ اَرْسَلَهُ، وَسَمَّاهُ قَبْلَ اَنِ اجْتَبَلَهُ،

اور میں گواہی دیتی ہوں کہ میرے پدر محمد اللہ کے عبد اور اس کے رسول ہیں، اللہ نے ان کو رسول بنانے سے پہلے انہیں برگزیدہ کیا تھا اور ان کی تخلیق سے پہلے ہی ان کا نام روشن کیا۔ (۱۶)

تشریح کلمات

اِنْتَجَبَهُ: برگزیدہ کیا۔

اجتبله: اس کو خلق کیا۔

⇐ اطاعت سے تو ان نعمتوں کا بھی حق ادا نہیں ہوتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے کہ وہ اطاعت پر ثواب بھی مرحمت فرماتا ہے اور اپنی جنت کی دائمی زندگی عنایت فرماتا ہے۔ یعنی دنیا کی چند روزہ اطاعت کے عوض ابدی ثواب عنایت فرماتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں: اطاعت کے ایک لمحے کے مقابلے میں جنت میں ابدی زندگی عنایت فرماتا ہے۔

۱۶۔ چنانچہ تغیر و تحریف کے باوجود آج بھی توریت و انجیل میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری کے بارے میں تصریحات موجود ہیں۔

توریت استثنا ۱۸۔۱۵ میں مذکور ہے:

"خداوندا! تیرا خدا تیرے لئے تیرے ہی درمیان سے تیرے ہی بھائیوں میں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا تم اس کی طرف کان دھریو"۔

انجیل یوحنا میں آیا ہے:

"اور میں باپ سے درخواست کروں گا کہ وہ تمہیں دوسرا مددگار "فارقلیط" بخشے گا جو ابد تک تمہارے ساتھ رہے گا"۔

"فارقلیط" یونانی لفظ ہے اس کا تلفظ PARACLETE ہے اس سے مراد ہے عزت یا مدد دینے والا اس کا دوسرا تلفظ "فیرقلیط" ہے اور یونانی تلفظ PERICLITE ہے جس سے مراد عزت دینے والا بلند مرتبہ اور بزرگوار ہے جو محمد اور محمود کے قریب المعنی ہے۔

وَاصْطَفَاهُ قَبْلَ اَنِ ابْتَعَثَهُ ،	اور مبعوث کرنے سے پہلے انہیں منتخب کیا
اِذِ الْخَلَائِقُ بِالْغَيْبِ مَكْنُوْنَةٌ	جب مخلوقات ابھی پردۂ غیب میں پوشیدہ تھیں
وَبِسِتْرِ الْاَهَاوِيْلِ مَصُوْنَةٌ	وحشت ناک تاریکی میں گم تھیں
وَبِنِهَايَةِ الْعَدَمِ مَقْرُوْنَةٌ ،	اور عدم کے آخری حدود میں دبکی ہوئی تھیں۔
عِلْمًا مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى	اللہ کو (اس وقت بھی) آنے والے
بِمَآئِلِ الْاُمُوْرِ	امور پر آگہی تھی
وَاِحَاطَةً بِحَوَادِثِ الدُّهُوْرِ	اور آئندہ رونما ہونے والے ہر واقعہ پر احاطہ تھا۔
وَمَعْرِفَةً بِمَوَاقِعِ الْمَقْدُوْرِ.	اور تمام مقدرات کی جائے وقوع کی شناخت تھی۔ (۱۷)

تشریح کلمات

مَكْنُوْنٌ: پوشیدہ۔

مَآئِلُ الْاُمُوْرِ: انجام پانے والے امور۔

۱۷۔ اللہ کا علم معلوم کے وجود پر موقوف نہیں ہے۔ بلکہ معلومات کے وجود میں آنے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان پر احاطۂ علم رکھتا تھا۔ کیونکہ اللہ کے لئے بعد وقبل میں کوئی فرق نہیں ہے۔ دوسرے لفظوں میں اللہ تعالیٰ کے علم کے لئے زمانہ حائل نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کا علم زمانی نہیں ہے۔ اس کے علم کے لئے ماضی اور مستقبل یکساں ہے۔

چنانچہ امیر المومنین علی مرتضی علیہ السلام فرماتے ہیں:

عالم اذلا معلوم و رب اذلا مربوب وقادر اذلا مقدور (نہج البلاغۃ خطبہ ۱۵۲ صفحہ ۱۲۷)	وہ اس وقت بھی عالم تھا جب کوئی معلوم موجود نہ تھا اور اس وقت بھی رب تھا جب کوئی مربوب نہ تھا، اور اس وقت بھی قادر تھا جب کوئی مقدور نہ تھا۔

اِبْتَعَثَهُ اللّٰهُ اِتْمَامًا لِاَمْرِهٖ وَعَزِيْمَةً عَلٰى اِمْضَاءِ حُكْمِهٖ وَاِنْفَاذًا لِمَقَادِيْرِ حَتْمِهٖ ،	اللہ نے رسول کو اپنے امور کی تکمیل اور اپنے دستور کے قطعی ارادے اور حتمی مقدرات کو عملی شکل دینے کے لیے مبعوث فرمایا۔(۱۸)
فَرَاَى الْاُمَمَ فِرَقًا فِيْ اَدْيَانِهَا ، عُكَّفًا عَلٰى نِيْرَانِهَا ، عَابِدَةً لِاَوْثَانِهَا ، مُنْكِرَةً لِلّٰهِ مَعَ عِرْفَانِهَا ،	اس وقت اقوام عالم کو اس حال میں پایا کہ وہ دینی اعتبار سے فرقوں میں بٹی ہوئی ہیں کچھ اپنے آتشکدوں میں منہمک اور کچھ بتوں کی پوجا پاٹ میں مصروف معرفت کے باوجود اللہ کی منکر تھیں (۱۹)

تشریح کلمات

عُكَّفًا: منہمک، ملتزم۔

اَوْثَان: وثن کی جمع۔ بت۔

۱۸۔ حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے امور الٰہی کی تکمیل ہوئی، احکام خداوندی کا نفاذ ہوا اور مقدرات حتمی کو عملی شکل مل گئی۔ اس کا یہ واضح مطلب ہوا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مظہر تکمیل امر الٰہی ہیں، وہ مظہر ارادۂ خداوندی ہیں۔ انہیں کے ذریعہ مقدرات الٰہی مرحلۂ علم سے مرحلۂ وجود میں آتے ہیں۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے حدیث قدسی میں اس کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

لولاك لما خلقت الافلاك (بحار الانوار جلد ۱۵ صفحہ ۲۸ طبع بیروت)	اگر آپ پیدا نہ ہوتے تو میں زمین و آسمان کو بھی خلق نہ کرتا۔

۱۹۔ چنانچہ حضرت امیر المؤمنین علی بن ابی طالبؑ اسی مطلب کو اس طرح بیان فرماتے ہیں:

واهل الارض يومئذ ملل متفرقة واهواء منتشرة و طرائق متشتتة، بين مشبه لله بخلقه او ملحد في	اس وقت کرۂ ارض کے باشندے متفرق قوموں میں بٹے ہوئے تھے منتشر خیالات اور مختلف راہوں میں سرگرداں تھے کچھ اللہ کو مخلوق کے مانند سمجھتے تھے کچھ ملحد و منکر تھے اور کچھ غیر اللہ کی طرف رجوع ⇐

فَاَنَارَ اللّٰهُ بِاَبِیْ مُحَمَّدٍ ظُلَمَهَا	پس اللہ تعالیٰ نے میرے والد گرامی محمدؐ کے ذریعے اندھیروں کو اجالا کر دیا
وَکَشَفَ عَنِ الْقُلُوْبِ بُهَمَهَا	اور دلوں سے ابہام کو
وَجَلٰی عَنِ الْاَبْصَارِ غُمَمَهَا،	اور آنکھوں سے تیرگی کو دور کر دیا
وَقَامَ فِی النَّاسِ بِالْهِدَایَةِ	(میرے والد نے) لوگوں کو ہدایت کا راستہ دکھایا
فَاَنْقَذَهُمْ مِنَ الْغَوَایَةِ	اور انہیں گمراہیوں سے نجات دلائی۔
وَبَصَّرَهُمْ مِنَ الْعَمَایَةِ،	آپ انہیں اندھے پن سے بینائی کی طرف لائے
وَهَدَاهُمْ اِلَی الدِّیْنِ الْقَوِیْمِ	نیز آپ نے استوار دین کی طرف ان کی راہنمائی کی۔
وَدَعَاهُمْ اِلَی الطَّرِیْقِ الْمُسْتَقِیْمِ.	راہ راست کی طرف انہیں دعوت دی
ثُمَّ قَبَضَهُ اللّٰهُ اِلَیْهِ	پھر اللہ نے آپ کو اپنے پاس بلا لیا
قَبْضَ رَاْفَةٍ وَاخْتِیَارٍ	شوق و محبت اور اختیار و رغبت کے ساتھ
وَرَغْبَةٍ وَاِیْثَارٍ،	نیز (آخرت کی) ترغیب و ترجیح کے ساتھ۔ (۱۹)

تشریح کلمات

بُهَم : ابہام

غُمَم : حیرانی، راہ نہ پانا۔

⇐ اسمه او مشیر الی غیره فهدیهم من الضلالة و انقذهم بمکانه من الجهالة. (نہج البلاغہ) کرنے والے تھے۔ ایسے حالات میں اللہ نے محمدؐ کے ذریعہ ان کو گمراہی سے ہدایت بخشی اور ان کے ذریعہ انہیں جہالت سے بچا لیا۔

۱۹۔ ممکن ہے اس کا مطلب یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے از راہ محبت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے وصال کو اختیار فرمایا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کا مطلب یہ ہو کہ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جانے کو اختیار فرمایا ہو، چنانچہ روایت ہے کہ حضرت عزرائیل کسی کی روح قبض کرنے کے لئے اجازت ⇐

فَمُحَمَّدٌ مِنْ تَعَبِ هٰذِهِ الدَّارِ فِيْ رَاحَةٍ	اب محمدؐ دنیا کی تکلیفوں سے آزاد ہیں۔
قَدْ حُفَّ بِالْمَلَائِكَةِ الْأَبْرَارِ	مقرب فرشتے ان کے گرد حلقہ بگوش ہیں۔
وَرِضْوَانِ الرَّبِّ الْغَفَّارِ	آپ ربّ غفار کی خوشنودی
وَمُجَاوَرَةِ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ	اور خدائے جبار کے سایۂ رحمت میں آسودہ ہیں۔
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهِ وَ أَمِيْنِهِ	اللہ کی رحمت ہو اس کے نبی امین پر
وَخِيَرَتِهِ مِنَ الْخَلْقِ وَصَفِيِّهِ	جو ساری مخلوقات سے منتخب وپسندیدہ ہیں۔
وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.	اور اللہ کا سلام اور اس کی رحمت اور برکتیں ہوں آپ پر۔
ثُمَّ الْتَفَتَتْ إِلٰى أَهْلِ الْمَجْلِسِ وَقَالَتْ:	پھر اہل مجلس کی طرف متوجہ ہوئیں اور فرمایا:
أَنْتُمْ عِبَادَ اللّٰهِ نُصْبُ أَمْرِهِ وَنَهْيِهِ	اللہ کے بندو! تم ہی تو اللہ کے امر و نہی کے مخاطب ہو،
وَحَمَلَةُ دِيْنِهِ وَ وَحْيِهِ،	اللہ کے دین اور اس کی وحی (کے احکام) کے ذمے دار ہو۔
وَأُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلٰى أَنْفُسِكُمْ	تم اپنے نفسوں پر اللہ کے امین ہو،
وَبُلَغَاؤُهُ إِلَى الْأُمَمِ،	دیگر اقوام کے لئے (اس کے دین کے) بھی مبلغ تم ہو۔ (۲۰)

⇐ نہیں مانگتے لیکن صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے موقع پر آپ سے اجازت طلب کی اور حضورؐ کی اجازت سے قبض روح عمل میں آیا۔

۲۰۔ احکام خداوندی اور وحی الٰہی کے پہلے مخاطبین وہ لوگ تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے براہ راست احکام سنتے تھے۔ ان پر یہ فرض بھی عائد ہوتا تھا کہ وہ ان احکام کو پوری دیانتداری سے حفظ کر کے دوسرے ⇐

زَعِيمُ حَقٍّ لَهُ فِيكُمْ	اس کی طرف سے برحق رہنما تمہارے درمیان موجود ہے۔ (۲۱)
وَعَهْدٌ قَدَّمَهُ إِلَيْكُمْ	اور تم سے عہد و پیمان بھی پہلے سے لیا جا چکا ہے۔ (۲۲)

⇐ لوگوں تک امانتداری سے پہنچا دیں۔ چنانچہ آپؐ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

فلیبلغ الشاھد الغائب — حاضر لوگ غیر حاضر لوگوں تک پہنچا دیں۔

البتہ ان احکام کو حفظ کرنے اور امانتداری کے ساتھ دوسروں تک پہنچانے میں سب لوگ یکساں نہ تھے۔ کچھ لوگ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی باتیں سنتے تو تھے لیکن کچھ سمجھنے کے اہل نہ تھے چنانچہ قرآن حکیم اس کی یوں گواہی دیتا ہے۔

وَمِنْهُمْ مَنْ يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ ۖ حَتَّىٰ إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءَهُمْ (سورۂ محمد آیت ۱۶)

اور ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو آپ (کی باتوں) کو سنتے ہیں لیکن جب آپ کے پاس سے نکل جاتے ہیں تو جنہیں علم دیا گیا ہے ان سے پوچھتے ہیں کہ اس (نبی) نے ابھی کیا کہا؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں۔

اسی طرح فرمودات رسولؐ کو پوری امانت کے ساتھ دوسروں تک پہنچانے کے فریضے پر بھی لوگ یکساں طور پر عمل پیرا نہ ہوئے۔ یہاں مزید بحث کی گنجائش نہیں ہے۔ تاریخی کتب کا مطالعہ کیا جائے۔

۲۱۔ زعیمِ حق سے مراد حضرت علیؑ کی ذات ہو سکتی ہے۔ لَہٗ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف پلٹتی ہے یعنی اللہ کی طرف سے وہ ذات بھی تمہارے درمیان موجود ہے جس کی زعامت اور قیادت مبنی برحق ہے۔

۲۲۔ اس عہد سے مراد وہ عہد ہو سکتا ہے جو غدیر خم کے موقع پر لوگوں سے لیا گیا۔ چنانچہ غدیر خم کے موقع پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ فرمان من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ بہت سے جلیل القدر اصحاب رسولؐ اور تابعین سے بھی متواتر روایت کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔ ظاہر ہے ایک لاکھ کے مجمع نے رسول اللہؐ سے یہ حدیث سنی تھی تو حضرت زہراؑ کے زمانے میں یقیناً ایسے لوگ ہزاروں کی تعداد میں موجود تھے جنہوں نے رسول اللہؐ سے یہ حدیث سنی تھی۔ (حدیث غدیر پر سیر حاصل بحث کے لیے عبقات الانوار از علامہ میر حامد حسین لکھنوی ملاحظہ فرمائیں)

وَبَقِيَّةٌ اسْتَخْلَفَهَا عَلَيْكُمْ	آپ نے ایک (گرانبہا) ذخیرے کو تمہارے درمیان جانشین بنایا (۲۳)
وَمَعَنَا كِتَابُ اللّٰهِ	اور اللہ کی کتاب بھی ہمارے درمیان موجود ہے۔
كِتَابُ اللّٰهِ النَّاطِقُ ،	یہ اللہ کی ناطق کتاب
وَالْقُرْآنُ الصَّادِقُ ،	سچا قرآن،
وَالنُّوْرُ السَّاطِعُ ،	چمکتا نور،
وَالضِّيَاءُ اللَّامِعُ ،	اور روشن چراغ ہے
بَيِّنَةٌ بَصَائِرُهُ ،	اس کے دروس عبرت واضح
مُنْكَشِفَةٌ سَرَائِرُهُ ،	اور اس کے اسرار و رموز آشکار
مُتَجَلِّيَةٌ ظَوَاهِرُهُ ،	اور اس کے ظاہری معانی روشن ہیں۔
مُغْتَبِطٌ بِهِ أَشْيَاعُهُ ،	اس کے پیروکار قابل رشک ہیں (۲۴)

۲۳۔ یہ ایک متواتر حدیث ثقلین کی طرف اشارہ ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: [انی تارك فيكم الثقلين كتاب الله و عترتی اهل بيتی ما ان تمسكتم بهما لن تضلوا بعدی] یہ حدیث بھی متعدد صحابہ کرامؓ اور تابعین کے ذریعہ سے ہم تک پہنچی ہے۔ برصغیر کے محقق علی الاطلاق علامہ میر حامد حسین لکھنویؒ نے اس موضوع پر ایک مستقل کتاب دو ضخیم جلدوں میں "عبقات الانوار" کے نام سے تصنیف فرمائی ہے۔

۲۴۔ اس سلسلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث مروی ہے:

والفضيلة الكبرى والسعادة العظمى من استضاء به نوره الله ومن عقد به امره عصمه الله ومن تمسك به انقذه الله (بحار الانوار ۳۱:۸۹)	قرآن سب سے بڑی فضیلت اور سب سے بڑی سعادت ہے جو اس کے ذریعے روشنی طلب کرے اللہ اسے منور کر دیتا ہے اور جو اپنے معاملہ کو قرآن سے وابستہ کرے اللہ اسے محفوظ رکھتا ہے۔ اور جو اس سے متمسک ہوا اللہ اسے نجات دیتا ہے۔

قَائِدٌ إِلَى الرِّضْوَانِ اتِّبَاعُهُ ،	اس کی پیروی رضوان کی طرف لے جاتی ہے۔ (۲۵)
مُؤَدٍّ إِلَى النَّجَاةِ اسْتِمَاعُهُ ،	اسے سننا بھی ذریعۂ نجات ہے۔ (۲۶)
بِهِ تُنَالُ حُجَجُ اللهِ الْمُنَوَّرَةُ	اس قرآن کے ذریعے اللہ کی روشن دلیلوں کو پایا جا سکتا ہے۔ (۲۷)

۲۵۔ قرآن مجید کا اتباع مؤمن کو مقام رضوان پر فائز کرتا ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کی منزل تک پہنچا دیتا ہے۔ سورۂ توبہ آیت ۷۲ میں جنت کے اعلیٰ ترین درجہ یعنی جنت عدن کے ذکر کے بعد یوں فرمایا گیا ہے:

ورضوان من اللّٰہ اکبر	اور اللہ کی طرف سے خوشنودی ان سب
ذلك هو الفوز العظيم	سے بڑھ کر ہے، یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی جنت کے اعلیٰ ترین درجہ یعنی جنت عدن سے بھی بڑھ کر ہے۔ ممکن ہے "اکبر" سے مراد اکبر من کل شئی ہو یعنی جنت کی تمام نعمتیں خواہ کتنی عظیم کیوں نہ ہوں رضائے رب کے مقابلہ میں کچھ نہیں اور ممکن ہے اکبر من ان یوصف ہو یعنی اللہ کی خوشنودی کی نعمت توصیف و بیان کی حد سے بڑھ کر ہے۔ مؤمن جب جنت میں رب رحیم کے جوار میں اس کی خوشنودی کی پر سکون اور کیف و سرور کی فضا میں قدم رکھے گا تو اس کے لئے ایک لحہ بھی وصف و بیان سے بڑھ کر ہوگا۔

۲۶۔ قرآن مجید کی تلاوت کا ثواب تمام اعمال میں سب سے زیادہ ہے۔ پیغمبر اسلامؐ سے حدیث ہے: احب الاعمال الی اللّٰہ الحال المرتحل حضرت امام زین العابدینؑ سے جب پوچھا گیا تو یہی فرمایا کہ بہترین عمل الحال المرتحل (العدۃ ص ۲۹۹ طبع نجف) ہے یعنی قرآن کی تلاوت شروع کر کے ختم کرنا۔ اسی طرح قرآن کی تلاوت کا سننا بھی کار ثواب ہے۔ بلکہ جب تلاوت قرآن کی آواز آ رہی ہو تو اسے توجہ سے سننا واجب ہے:

واذاقرئ القرآن فاستمعوا له وانصتوا	جب قرآن پڑھا جائے تو اسے سنا کرو اور
لعلكم ترحمون (سورہ اعراف آیت ۲۰۴)	خاموش رہا کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے

۲۷۔ اللہ تعالیٰ کی روشن دلیلیں جس کے پاس ہوں وہ یقیناً کامیاب و کامران ہے۔ چنانچہ جب قل فللّٰہ الحجة البالغة کا مطلب حضرت امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہر ایک بندہ سے سوال فرمائے گا کہ تو دنیا میں عالم تھا یا جاہل؟ اگر جواب دے کہ میں عالم تھا تو فرمائے گا: پھر تم نے اس پر عمل کیوں نہیں کیا؟ اور اگر کہے جاہل تھا تو فرمائے گا کہ تم نے علم حاصل کیوں نہیں کیا تاکہ تم اس ←

وَعَزَائِمُهُ الْمُفَسَّرَةُ	بیان شدہ واجبات کو، (۲۸)
وَمَحَارِمُهُ الْمُحَذَّرَةُ	منع شدہ محرمات کو،
وَبَيِّنَاتُهُ الْجَالِيَةُ	روشن دلائل کو،
وَبَرَاهِينُهُ الْكَافِيَةُ،	اطمینان بخش براہین کو،
وَفَضَائِلُهُ الْمَنْدُوبَةُ،	مستحبات پر مشتمل فضائل کو، (۲۹)
وَرُخَصُهُ الْمَوْهُوبَةُ	جائز مباحات کو،
وَشَرَائِعُهُ الْمَكْتُوبَةُ.	اور اس کے واجب دستور کو پایا جا سکتا ہے۔
فَجَعَلَ اللّٰهُ الْإِيمَانَ تَطْهِيرًا لَكُمْ مِنَ الشِّرْكِ	اللہ نے ایمان کو شرک سے تمہیں پاک کرنے کا، (۳۰)
وَالصَّلٰوةَ تَنْزِيهًا لَكُمْ عَنِ الْكِبْرِ،	نماز کو تمہیں تکبر سے محفوظ رکھنے کا، (۳۱)

⇐ پر عمل کرتے؟ یہی حجت بالغہ ہے جو اللہ اپنے بندے پر قائم فرماتا ہے۔ اگر انسان قرآنی تعلیمات حاصل کر کے اس پر عمل کرے تو اس صورت میں حجت اور دلیل اس کے پاس ہوتی ہے۔ (امالی شیخ طوسی صفحہ ۹ طبع نجف)

۲۸۔ (عزائم) فرائض اور واجبات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس کے مقابلہ میں "رخص" آتا ہے جو مباحات کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں رخص بھی ہیں اور عزائم بھی واجبات کا ذکر ہے اور مباحات کا بھی۔ مثلاً

وکلوا مما رزقکم اللہ حلالا طیبا (سورۂ مائدہ آیت ۸۸)	جو حلال و پاکیزہ روزی اللہ نے تمہیں دی ہے اسے کھاؤ۔

۲۹۔ اس جملے کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے کہ "اس کی طرف سے دعوت شدہ فضائل کو" ممکن ہے مندوب کا مطلب مستحبات ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ مندوب لغوی معنوں میں استعمال ہوا ہو یعنی "دعوت شدہ"۔

۳۰۔ اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے کے ساتھ غیر اللہ پر تکیہ کرنا سراسر ایمان کے منافی ہے۔ یعنی اللہ پر ایمان اور غیر اللہ پر بھی جن سے شرک لازم آتا ہو یہ دونوں ہرگز جمع نہیں ہو سکتے۔ البتہ جہاں ایمان باللہ کمزور ہو جاتا ہے تو وہاں غیر اللہ پر بھروسا کے لئے گنجائش نکل آتی ہے۔ لیکن جب ایمان پختہ ہو تو ایسی آلودگیوں سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

۳۱۔ نماز اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا عملی اعتراف ہے۔ جب بندہ خدا کی کبریائی کا معترف ہو جائے تو اپنی کبریائی ⇐

وَالزَّكَاةَ تَزْكِيَةً لِلنَّفْسِ وَنَمَاءً فِي الرِّزْقِ ،	زکوۃ کو نفس کی پاکیزگی اور رزق میں اضافے کا، (۳۲)
وَالصِّيَامَ تَثْبِيتًا لِلْإِخْلَاصِ ،	روزہ کو اخلاص کے اثبات کا، (۳۳)
وَالْحَجَّ تَشْيِيدًا لِلدِّينِ ،	حج کو دین کی تقویت کا،
وَالْعَدْلَ تَنْسِيقًا لِلْقُلُوبِ ،	عدل و انصاف کو دلوں کو جوڑنے کا،

⇐ کا تصور نہیں کرسکتا لہٰذا نمازی تکبر کی بیماری میں مبتلا نہیں ہوسکتا جیسا کہ حضرت علیؑ فرماتے ہیں:

ولنا فی ذلک من تعفیر عتاق الوجوہ بالتراب تواضعاً والتصاق کرائم الجوارح بالارض تصاغراً (نہج البلاغہ)

اور ہمارے خوبصورت چہروں کو خاک پر رکھنے میں تواضع ہے اور اہم اعضاء کو زمین پر رکھنے میں فروتنی ہے۔

۳۲۔ جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے:

خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم و تزکیھم (سورۃ توبہ آیت ۱۰۳)

اے رسول آپ ان کے اموال میں سے صدقہ لیجئے اس کے ذریعہ آپ ان کو پاکیزہ اور بابرکت بنائیں۔

یعنی زکوۃ وصول کر کے ان کو بخل، طمع، بے رحمی اور دولت پرستی جیسے برے اوصاف سے پاک کریں۔ وَتَزْكِيَةً: یعنی سخاوت، ہمدردی اور ایثار و قربانی جیسے اوصاف کو پروان چڑھانا۔ اس طرح زکوۃ اوصاف رذیلہ کی تطہیر اور اوصاف حمیدہ کی تکمیل کا ذریعہ ہے۔ واضح رہے کہ زکوۃ ''انفاق'' ایک عنوان ہے اس کی کئی اقسام ہیں مثلاً فطرہ، مالی کفارہ، عشر، خمس، صدقہ واجب اور صدقہ مستحب۔ البتہ فقہی اصطلاح میں زکوۃ کا لفظ معینہ نصاب پر عائد ہونے والے مالی حقوق کے ساتھ مختص ہے۔

۳۳۔ عبادات میں روزہ اخلاص کی خصوصی علامت اس لئے ہے کہ باقی عبادات کا مظاہرہ عملاً ہوتا ہے جن میں ریاکاری کا امکان رہتا ہے مگر روزہ دار کے بارے میں صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ اس نے روزے کی حالت میں کچھ کھایا پیا نہیں ہے۔ اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

الصوم لی وانا اجزی بہ (الوافی از فیض کاشانی ج ۲ ص ۵ طبع تہران)

روزہ میرے لئے ہے اور میں خود اس کی جزا دوں گا۔

وَطَاعَتَنَا نِظَاماً لِلْمِلَّةِ	ہماری اطاعت کو امت کی ہم آہنگی کا، (۳۴)
وَإِمَامَتَنَا أَمَاناً لِلْفُرْقَةِ،	ہماری امامت کو تفرقہ سے بچانے کا، (۳۵)
وَالْجِهَادَ عِزّاً لِلْإِسْلَامِ،	جہاد کو اسلام کی سربلندی کا، (۳۶)
وَالصَّبْرَ مَعُونَةً عَلَى اسْتِيجَابِ الْأَجْرِ،	صبر کو حصول ثواب کا،

۳۴۔ اِطاعَتَنا: ہماری اطاعت۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اورآپ کے اہل بیت کی اطاعت مراد ہے جیسا کہ فرمایا:

یا ایھا الذین آمنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول ولا تبطلوا اعمالکم (سورہ محمد آیت ۳۳)	اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو باطل نہ کرو۔

۳۵۔ اگر امت اسلامیہ ائمہ اہل بیت کی امامت پر مجتمع ہوجاتی تو اس امت میں تفرقہ وجود میں نہ آتا۔ امت محمدیہ میں جو بھی تفرقہ وجود میں آیا ہے وہ بنی ہاشم کے ساتھ محض حسد و عداوت کی وجہ سے آیا ہے۔ اس کی صرف ایک مثال پیش خدمت ہے کہ جب مکہ میں عبد اللہ بن زبیر کی حکومت قائم ہوئی تو اس کا یہ موقف بنا کہ رسالتمآبؐ پر درود بھیجنے سے کچھ لوگوں کی ناک اونچی ہوتی ہے اس لئے میں درود نہیں بھیجتا۔ اس قسم کے کئی واقعات پیش کیے جاسکتے ہیں آئمہ اہل بیت علیہم السلام کی اطاعت تفرقہ اور ہلاکت سے محفوظ رہنے کا سبب ہے چنانچہ اہل بیت کا اہل زمین کے لئے امان ہونے کے بارے میں متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ مثلاً فرمایا: اہل بیت سفینۂ نوحؑ کے مانند ہیں، اہل ارض کے لئے امان اور باب حطہ ہیں۔

(ملاحظہ ہو: صواعق محرقہ ابن حجر کی صفحہ ۱۸۷ طبع قاہرہ)

۳۶۔ جہاد کی دو قسمیں ہیں:

i۔ جہاد برائے دعوت اسلام۔ ii۔ جہاد برائے دفاع۔

جہاد برائے دعوت میں امام کی اجازت شرط ہے۔ امام خاص شرائط کے تحت دعوت کے لئے جہاد کا حکم صادر فرماتے ہیں اور جہاد برائے دفاع اس وقت واجب ہو جاتا ہے جب دشمن کی طرف سے اسلام اور مسلمانوں کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ اس میں اذنِ امام شرط نہیں ہے اور یہ جہاد ہر ایک پر واجب ہو جاتا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام جہاد کے بارے میں فرماتے ہیں: واللہ ما صلحت دین ولا دنیا الا بہ "قسم بخدا دین اور دنیا کی بہبودی صرف جہاد ہی کے ذریعہ ممکن ہے"۔

وَالْأَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ مَصْلَحَةً لِلْعَامَّةِ ،	امر بالمعروف کو عوام کی بھلائی کا، (۳۷)
وَبِرَّ الْوَالِدَيْنِ وِقَايَةً مِنَ السَّخَطِ ،	والدین پر احسان کو قہر الٰہی سے بچنے کا، (۳۸)
وَصِلَةَ الْأَرْحَامِ مِنْسَاةً فِي الْعُمْرِ وَمَنْمَاةً لِلْعَدَدِ ،	صلۂ رحمی کو درازیٔ عمر اور افرادی کثرت کا، (۳۹)

تشریح کلمات

سَخَطٌ : ناراض ہونا۔

مَنْمَاةٌ : رشد اور نمو۔

۳۷۔ امر بالمعروف اور نہی از منکر اصلاح معاشرہ کے لئے اسلام کا ایک زرین اصول ہے جس پر عمل پیرا ہونے کی صورت میں ایک متوازن سوچ کا حامل باشعور معاشرہ وجود میں آتا ہے، جس میں کسی ظالم کو ظلم کرنے اور کسی استحصالی کو استحصال کرنے کا موقع نہیں ملتا کیونکہ ایک آگاہ اور باشعور معاشرہ ایسا کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ بصورت دیگر ایک تاریک اور شعور سے خالی معاشرے میں ہر قسم کی ظالم اور استحصالی قوتوں کے لیے کھلی چھٹی مل جاتی ہے۔ حدیث میں مروی ہے: تم اگر امر بالمعروف اور نہی از منکر کے عمل کو ترک کرو گے تو تم پر ایسے ظالم لوگ مسلط ہو جائیں گے جن سے نجات کے لئے تم دعا کرو گے لیکن تمہاری دعا قبول نہ ہو گی۔

۳۸۔ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے:

من اسخط والدیہ اسخط اللّٰہ ومن اغضبھما فقد اغضب اللّٰہ (مستدرک الوسائل)	جس نے والدین کو ناراض کیا اس نے اللہ کو ناراض کیا اور جس نے والدین کو غصہ دلایا اس نے اللہ کو غصہ دلایا۔

۳۹۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

واتقوا اللّٰہ الذی تساءلون بہ والارحام (سورۂ نساء آیت ۱)	اور اس اللہ کا خوف کرو جس کا نام لے کر ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قرابتداروں کے بارے میں بھی (خوف کرو)۔

اس آیت مبارکہ میں صلۂ رحمی کو خوف خدا کے ذکر کے ساتھ رکھا گیا ہے جس سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

وَالْقِصَاصَ حِقْناً لِلدِّمَاءِ ،	قصاص کو خون کی ارزانی روکنے کا، (۳۰)
وَالْوَفَاءَ بِالنَّذْرِ تَعْرِيضاً لِلْمَغْفِرَةِ،	وفا بالنذر کو مغفرت میں تاثیر کا،
وَتَوْفِيَةَ الْمَكَايِيْلِ وَالْمَوَازِيْنِ تَغْيِيراً لِلْبَخْسِ ،	پورے ناپ تول کے حکم کو کم فروشی سے بچنے کا،
وَالنَّهْيَ عَنْ شُرْبِ الْخَمْرِ تَنْزِيهاً عَنِ الرِّجْسِ ،	شراب نوشی کی ممانعت کو آلودگی سے بچنے کا، (۳۱)

تشریح کلمات

حِقْنٌ: محفوظ رکھنا، روکنا۔

بَخْسٌ: کم دینا۔

۳۰۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

ولكم في القصاص حياة يا اولي الالباب (سورۂ بقرہ آیت ۱۷۹)	اے صاحبان عقل! تمہارے لئے قصاص میں زندگی ہے۔

یعنی قانون قصاص کے ذریعے قتل کا عمل رک سکتا ہے۔ اس طرح اس قانون کے نفاذ سے تمہاری زندگیاں محفوظ ہو جائیں گی۔ چنانچہ اسلام کا قانون قصاص نافذ نہ ہونے کی وجہ سے بعض قبائل میں آج بھی قتل کا ایک ختم نہ ہونے والا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

۳۱۔ شراب کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دس افراد پر لعنت بھیجی ہے:

لعن رسول الله في الخمر عشرة غارسها و حارسها و عاصرها، وشاربها وساقيها و حاملها، والمحمول له و بايعها ومشتريها وآكل ثمنها (الکافی مع شرحہ ۶/۳۲۹)	وہ دس افراد یہ ہیں: اس کی زراعت کرنے والا، اس کی حفاظت کرنے والا، اس کو کشید کرنے والا، اس کو پینے والا، اس کو پلانے والا، اس کو حمل ونقل کرنے والا، اس کو وصول کرنے والا، اس کو فروخت کرنے والا، اس کو خریدنے والا اور اس کی قیمت کھانے والا۔

جس شخص میں بھی یہ خصائل پائے جائیں وہ اس لعنت کا مستوجب قرار پاتا ہے۔

وَاجْتِنَابَ الْقَذْفِ حِجَاباً عَنِ اللَّعْنَةِ	بہتان تراشی سے اجتناب کو نفرت سے بچنے کا، (۴۲)
وَتَرْكَ السَّرِقَةِ إِيجَاباً لِلْعِفَّةِ،	چوری سے پرہیز کو شرافت قائم رکھنے کا،
وَحَرَّمَ اللّٰهُ الشِّرْكَ إِخْلَاصاً لَهُ بِالرُّبُوبِيَّةِ،	اور شرک کی ممانعت کو اپنی ربوبیت کو خالص بنانے کا ذریعہ بنایا۔
(فَاتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ)	اے ایمان والو! اللہ کا خوف کرو جیسا کہ اس کا خوف کرنے کا حق ہے اور جان نہ دینا مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو۔ (سورہ آل عمران/۱۰۲)
وَأَطِيعُوا اللّٰهَ فِيمَا أَمَرَكُمْ بِهِ وَنَهَاكُمْ عَنْهُ فَإِنَّهُ (إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ)	اس نے جن چیزوں کا حکم دیا ہے اور جن چیزوں سے روکا ہے ان میں اللہ کی اطاعت کرو کیونکہ بندوں میں سے صرف علماء ہی اللہ سے ڈرتے ہیں۔
ثُمَّ قَالَتْ:	پھر فرمایا:
أَيُّهَا النَّاسُ اعْلَمُوا أَنِّي فَاطِمَةُ	لوگو! تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ میں فاطمہ ہوں۔ (۴۳)
وَأَبِي مُحَمَّدٌ (ص)	اور میرے پدر محمدؐ ہیں۔

۴۲۔ تہمت لگانے کی مذمت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے سورۃ نور آیت نمبر ۲۳ میں فرمایا:

ان الذین یرمون المحصنات الغافلات المومنات لعنوا فی الدنیا و الآخرۃ ولھم عذاب عظیم	جو لوگ بے خبر پاک دامن مومنہ عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے اور ان کے لئے عذاب عظیم ہے۔

۴۳۔ اصحاب کو علم تھا کہ فاطمہ کون ہیں۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کی منزلت وعظمت اور فضائل کے بارے میں بہت سے فرامین سن چکے تھے۔ چنانچہ فرمایا: ⇐

اَقُوْلُ عَوْداً وَبَدْءاً وَلَا اَقُوْلُ	میرا حرف آخر وہی ہوگا جو حرف اول ہے۔
مَا اَقُوْلُ غَلَطاً،	میرے قول میں غلطی کا شائبہ تک نہ ہو گا(۴۴)
وَلَا اَفْعَلُ مَا اَفْعَلُ شَطَطاً،	اور نہ میرے عمل میں لغزش کی آمیزش ہوگی۔

تشریح کلمات

شَطَطٌ : حق سے دوری۔

⇦ الفاطمة سيدة نساء العالمين و سيدة نسآء اهل الجنة ۔ فاطمة بضعة منى من اغضبها اغضبنى
(صحیح بخاری ج۱ص ۵۲۶ ۔ ۵۳۲ طبع ہاشمی میرٹھ)
فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس نے اس کو ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔

انما فاطمة بضعة منى يوذينى ما آذاها (صحیح مسلم ج۲ صفحہ ۲۹۰ طبع نول کشور)
فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جو چیز فاطمہ کو اذیت دے اس سے مجھے اذیت ہوتی ہے۔

فاطمة بضعة منى يوذينى ما اذاها و ينصبنى ما انصبها هذا حديث حسن صحيح
(سنن ترمذی ج۲ صفحہ ۲۲۹ طبع دیوبند)
فاطمہ میرا ٹکڑا ہے جس چیز نے فاطمہ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی۔ جس نے فاطمہ سے دشمنی کی اس نے مجھ سے دشمنی کی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۴۔ امام حاکم نے مستدرک علی الصحیحین جلد ۳ صفحہ ۱۶۰ طبع حیدر آباد دکن میں حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی ہے:

ما رأيت احدا كان اصدق لهجة منها الا ان يكون الذى ولدها
میں نے فاطمہ سے راست گو کسی کو نہیں دیکھا۔ ہاں صرف ان کے والد کو مستثنیٰ کیا جاسکتا ہے۔

امام حاکم نے اس حدیث کے ذیل میں اس پر صحت کا حکم یوں لگایا ہے: ⇦

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَؤُوفٌ رَحِيمٌ	تحقیق تمہارے پاس خود تم ہی میں سے ایک رسول آیا ہے۔ تمہیں تکلیف میں دیکھنا اس پر شاق گزرتا ہے۔ وہ تمہاری بھلائی کا نہایت خواہاں ہے۔ اور مومنین کیلئے نہایت شفیق و مہربان ہے۔ (سورہ توبہ آیت ۱۲۸) (۳۵)
فَإِنْ تَعْزُوهُ وَتَعْرِفُوهُ تَجِدُوهُ أَبِي دُونَ نِسَائِكُمْ	اس رسول کو اگر تم نسب کے حوالے سے پہچاننا چاہتے ہو تو وہ میرے باپ ہیں تمہاری عورتوں میں سے کسی کا نہیں۔
وَأَخَا ابْنِ عَمِّي دُونَ رِجَالِكُمْ	وہ میرے چچا زاد (علیؑ) کے بھائی ہیں، تمہارے مردوں میں سے کسی کا نہیں۔
وَلَنِعْمَ الْمَعْزِيُّ إِلَيْهِ	یہ نسبت کس درجہ باعث افتخار ہے۔
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ،	اللہ کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر۔

تشریح کلمات

عنتٌ : مشقت۔

تعزو: نسبت دینا۔

⇐ هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه	یہ حدیث مسلم کی شرط پر بالکل صحیح ہے۔ (المستدرک للحاکم ج ۳ ص ۱۷۱ طبع دکن)

۳۵۔ اس آیت مبارکہ کے ذریعے سیدۃ کونین سلام اللہ علیہا یہ بتانا چاہتی ہیں کہ میں اس رسول کی بیٹی ہوں جسے تمہیں تکلیف میں دیکھنا شاق گزرتا تھا۔ آج اس نبی کی بیٹی تکلیف میں ہے لیکن تمہیں اس کی پروا نہیں۔ وہ تمہاری بھلائی کا نہایت خواہاں تھے اور مومنین کے لئے نہایت شفیق و مہربان تھے۔ لیکن آج اس نبیؐ کی بیٹی کا کوئی ہمدرد نظر نہیں آتا۔

فَبَلَّغَ الرِّسَالَةَ صَادِعاً بِالنِّذَارَةِ	رسولؐ نے اللہ کے پیغام کو واشگاف انداز میں تنبیہ کے ذریعے پہنچایا۔(۳۶)
مَائِلاً عَنْ مَدْرَجَةِ الْمُشْرِكِيْنَ	آپ نے مشرکین کی راہ و روش کو پس پشت ڈالتے ہوئے
ضَارِباً ثَبَجَهُمْ آخِذاً بِاَكْظَامِهِمْ	ان پر کمر شکن ضرب لگا کر ان کی گردنیں مروڑ دیں
دَاعِياً اِلَى سَبِيْلِ رَبِّهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ،	پھر حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ اپنے ربّ کی طرف بلایا۔
يَكْسِرُ الْاَصْنَامَ وَيَنْكُتُ الْهَامَ حَتّٰى انْهَزَمَ الْجَمْعُ وَوَلَّوُا الدُّبُرَ	بتوں کو پاش پاش کردیا اور طاغوتوں کو اس طرح سرنگوں کیا کہ وہ شکست کھا کر راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور ہو گئے۔

تشریح کلمات

صَادِعاً ،الصدع: کھلے طور سے اظہار کرنا۔

مَدْرَجَةٌ : راہ، مرکز۔

ثَبَجٌ : ہر چیز کا درمیانی حصہ۔ کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ۔

يَنْكُتُ : سر کے بل گرانا۔ اَلْهَام: بزرگان قوم۔

۳۶۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو نذیر و بشیر بنا کر بھیجا یعنی تنبیہ کرنے والا اور بشارت دینے والا۔ ان دونوں میں سے تنبیہ کو زیادہ اہمیت حاصل ہے کیونکہ تنبیہ کا مقصد خطرے سے بچانا ہے۔ خطرات سے بچنے کے بعد بشارت کی نوبت آتی ہے اس لئے فرمایا:

وقل انی انا النذیر المبین (سورہ حجر آیت ۸۹)	کہدیجئے: میں واضح طور پر تنبیہ کرنے والا ہوں۔
واوحی الی ھذا القرآن لانذرکم بہ ومن بلغ (سورہ انعام آیت ۱۹)	یہ قرآن بذریعہ وحی مجھ پر نازل کیا گیا ہے تاکہ میں اس کے ذریعے تمھاری تنبیہ کروں اور اس کی بھی جس تک یہ قرآن پہنچے۔

حَتّٰى تَفَرَّى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهِ	یہاں تک کہ شب دیجور میں صبح امید کی روشنی پھیل گئی
وَ اَسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهِ	اور حق اپنی بے آمیزی کے ساتھ نکھر کر سامنے آگیا
وَنَطَقَ زَعِيْمُ الدِّيْنِ	اور دین کے پیشوا نے زبان کھولی (۴۷)
وَخَرِسَتْ شَقَاشِقُ الشَّيَاطِيْنِ	اور شیاطین کی زبانوں کو لگام دے دی۔
وَطَاحَ وَ شِيْظُ النِّفَاقِ	منافق جماعت کی ہلاکت یقینی ہو گئی۔
وَانْحَلَّتْ عُقَدُ الْكُفْرِ وَ الشِّقَاقِ ،	اور کفر و شقاوت کے بند ٹوٹ گئے۔
وَفُهْتُمْ بِكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ	چند معزز فاقہ کش ہستیوں کی معیت میں
فِيْ نَفَرٍ مِّنَ الْبِيْضِ الْخِمَاصِ.	تم کلمۂ توحید کا اقرار کرنے لگے، (۴۸)
وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ	جبکہ تم آگ کے گڑھے کے دہانے پر تھے

تشریح کلمات

تفرّی ، الفریُ: کاٹنا چیرنا۔

شَقَاشِق: شقشقہ کی جمع اونٹ کا بلبلانا۔

طَاحَ : ہلاکت۔

وَشِيْظُ : بے وقعت جماعت۔

فُهْتُمْ : تم نے اقرار کیا، زبان پر لایا۔

بِيْض : سفید رنگ ہستیاں۔ یعنی معززین۔

خِمَاص: گرسنہ شکم، زاہد۔

۴۷۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے رسولؐ نے اپنی زبان گوہر افشاں سے دنیائے انسانیت کے لئے دستور حیات اور آئین زندگی بیان فرمائے جس سے انسانیت بلوغت کے مرحلے میں داخل ہو گئی۔ آپ نے دنیا کو تہذیب سکھائی اور تمدن دیا۔

۴۸۔ وہ زہد و تقویٰ کی پیکر ہستیاں جو دنیا کی تمام آلائشوں سے بے نیاز تھیں اور اکثر اوقات فاقے میں رہتی تھیں۔ وہ کون ہیں وہ صرف اور صرف اہل بیت اطہارؑ کے افراد ہی ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام اہلبیتؑ کے بارے میں فرماتے ہیں: ←

مُذْقَةَ الشَّارِبِ وَنُهْزَةَ الطَّامِعِ وَقُبْسَةَ الْعَجْلَانِ وَمَوْطِئَ الْأَقْدَامِ۔

تم (اپنے دشمنوں کے مقابلے میں) پینے والے کے لئے گھونٹ بھر پانی، (استعمار گروں کے لیے) ایک تر نوالہ، جلدی میں اٹھائی جانے والی چنگاری اور قدموں کے نیچے پامال ہونے والے خس و خاشاک تھے (یعنی اس سے زیادہ تمہاری حیثیت نہ تھی۔)(۳۹)

تشریح کلمات

مُذْقَةٌ: گھونٹ بھر پانی۔

نُهْزَةٌ: فرصت ۔

قُبْسَةٌ: معمولی شعلہ۔

⇐ هم دعائم الاسلام وولائج الاعتصام بهم عاد الحق فی نصابه و انزاح الباطل عن مقامه و انقطع لسانه عن منبته

(نہج البلاغہ خطبہ نمبر ۲۳۶ مطبوعہ مصر)

وہ اسلام کے ستون اور بچاؤ کا ٹھکانا ہیں ان کی وجہ سے حق اپنے اصلی مقام پر پلٹ آیا اور باطل اپنی جگہ سے ہٹ گیا اور اس کی زبان جڑ سے کٹ گئی۔

۳۹۔ چنانچہ مولائے متقیان حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

والدنيا كاسفة النور ظاهرة الغرور على حين اصفرار من ورقها و اياس من ثمرها و اغورار من مائها قد درست منار الهدى وظهرت اعلام الردى فهى متجهمة لا هلها عابسة فى وجه طالبها ثمرها الفتنة و طعامها الجيفة وشعارها الخوف و دثارها السيف

(نہج البلاغہ ج ا خطبہ نمبر ۸۷)۔

رسالتمآبؐ جب مبعوث ہوئے تو اس وقت دنیا بے رونق و بے نور تھی اور اس کی فریب کاریاں کھلی ہوئی تھیں اس وقت اس کے پتوں میں زردی دوڑی ہوئی تھی اور پھلوں سے ناامیدی تھی۔ پانی زمین میں تہ نشین ہو گیا تھا، ہدایت کے مینار مٹ گئے تھے۔ ہلاکت کے پرچم کھلے ہوئے تھے اس کا پھل فتنہ تھا اور اس کی غذا مردار تھی، اندر کا لباس خوف، باہر کا پہناوا تلوار تھا۔"

تَشْرَبُوْنَ الطَّرْقَ وَتَقْتَاتُوْنَ الْوَرَقَ ،	تم کیچڑ والے بدبودار پانی سے پیاس بجھاتے تھے،
اَذِلَّةً خَاسِئِيْنَ ،	اور گھاس پھونس سے بھوک مٹاتے تھے۔
تَخَافُوْنَ اَنْ يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِكُمْ ،	تم (اس طرح) ذلت و خواری میں زندگی بسر کرتے تھے۔ (۵۰) تمہیں ہمیشہ یہ کھٹکا لگا رہتا تھا کہ آس پاس کے لوگ تمہیں کہیں اچک نہ لیں۔
فَاَنْقَذَكُمُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى بِمُحَمَّدٍ (ص) بَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِيْ ،	ایسے حالات میں اللہ نے تمہیں محمدؐ کے ذریعے نجات دی۔ (۵۱)

تشریح کلمات

الطَّرْقُ: تعفن والا پانی۔ اونٹ کے پیشاب سے ملا ہوا پانی۔ تَقْتَاتُوْنَ: قوت سے یعنی غذا۔
خَاسِئِيْنَ، خَاسِئٌ: ذلیل۔ يَتَخَطَّفَكُم، الخطف: اچک کر لے جانا، اغوا کرنا۔
اَنْقَذَ: نجات بخشی۔

۵۰۔ اس بات کو مولائے متقیان حضرت علیؑ ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:

ان اللّٰہ بعث محمداً صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم نذیراً للعالمین و امیناً علی التنزیل و انتم معشر العرب علی شر دین وفی شر دار منیخون بین حجارة خشن و حیات صم، تشربون الکدر و تاکلون الجشب وتسفکون دمائکم وتقطعون ارحامکم (نہج البلاغہ خطبہ ۲٦ طبع مصر)	اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام جہانوں کو متنبہ کرنے والا اور اپنی وحی کا امین بنا کر بھیجا۔ اے گروہ عرب! اس وقت تم بدترین دین پر اور بدترین گھروں میں تھے۔ کھردرے پتھروں اور زہریلے سانپوں میں تم بود و باش رکھتے تھے۔ گدلا پانی پیتے تھے اور بدترین غذا کھاتے تھے۔ اپنا خون بہایا کرتے تھے اور قطع رحمی کرتے تھے۔

۵۱۔ اشارہ سورۂ انفال کی آیت نمبر ۲٦ کی طرف ہے، جس میں فرمایا: ⟵

وَبَعْدَ أَنْ مُنِيَ بِبُهَمِ الرِّجَالِ	(اس سلسلے میں) انہیں زور آوروں،
وَذُؤْبَانِ الْعَرَبِ وَمَرَدَةِ أَهْلِ الْكِتَابِ،	عرب بھیڑیوں اور سرکش اہل کتاب کا مقابلہ کرنا پڑا۔
كُلَّمَا أَوْقَدُوا نَاراً لِلْحَرْبِ	دشمن جب بھی جنگ کے شعلے بھڑکاتے
أَطْفَأَهَا اللَّهُ	اللہ انہیں بجھا دیتا۔
أَوْ نَجَمَ قَرْنُ الشَّيْطَانِ أَوْ فَغَرَتْ	جب بھی کوئی شیطان سر اٹھاتا یا
فَاغِرَةٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ	مشرکین میں سے کوئی اژدھا منہ کھولتا،
قَذَفَ أَخَاهُ فِي لَهَوَاتِهَا	رسول اپنے بھائی (علیؑ) کو اس کے حلق کی طرف آگے کرتے تھے۔
فَلَا يَنْكَفِئُ حَتَّى يَطَأَ صِمَاخَهَا	اور وہ (علیؑ) ان لوگوں کے غرور کو اپنے پیروں تلے پامال کیے بغیر
بِأَخْمَصِهِ	
وَيُخْمِدَ لَهَبَهَا بِسَيْفِهِ،	اور اپنی تلوار سے اس آتش کو فرو کیے بغیر نہیں لوٹتے تھے۔ (۵۲)

تشریح کلمات

مُنِيَ: دوچار ہونا پڑا۔ بُهَمِ الرِّجَالِ: زور آور لوگ مَرَدَة: سرکش۔ نَجَمَ: ظاہر ہونا

فَغَرَتْ: فاغرة، منہ کھولنے والا۔ لَهَوَات: حلق کا دھانا۔ لَا يَنْكَفِئُ: نہیں لوٹتے تھے

صِمَاخ: کان کے سوراخ پر مارنا۔ أَخْمَص: تلوے کا وہ حصہ جو زمین سے نہ لگے پورا قدم بھی مراد لیتے ہیں

اخماد: خاموش کرنا۔

⇦ واذكروا اذ انتم قليل مستضعفون في الارض تخافون ان يتخطفكم الناس فآواكم وايدكم بنصره ورزقكم من الطيبات لعلكم تشكرون.	وہ وقت یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تمہیں زمین میں کمزور سمجھا جاتا تھا اور تمہیں خوف رہتا تھا کہ کہیں لوگ تمہیں اچک کر نہ لے جائیں تو اللہ نے تمہیں پناہ دی اور اپنی نصرت سے تمہیں تقویت پہنچا دی اور تمہیں پاکیزہ روزی عطا کی تاکہ تم شکر کرو۔

۵۲۔ اس سلسلہ میں خود حضرت علی علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں: ⇦

مَكْدُوداً فِي ذَاتِ اللّٰهِ،	وہ راہ خدا میں جانفشاں،
مُجْتَهِداً فِيْ اَمْرِاللّٰهِ ،	اللہ کے معاملے میں مجاہد (۵۳)،
قَرِيباً مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ،	رسول اللہ کے نہایت قریبی (۵۴)

تشریح کلمات

مَكْدُوْد: کدّ سے اسم مفعول جاں فشانی۔

⇦ ولقد واسيته بنفسي في المواطن التي تنكص فيها الابطال وتتاخر فيها الاقدام (نہج البلاغہ خطبہ ۱۹۵)

میں نے پیغمبرؐ کی مدد ان موقعوں پر کی جن موقعوں پر بہادر بھی بھاگ کھڑے ہوتے تھے اور قدم پیچھے ہٹ جاتے تھے۔

علامہ ابن ابی الحدید معتزلی شرح نہج البلاغہ میں جنگ احد کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"جنگِ احد میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب زخمی ہو گئے تو لوگوں نے کہا: محمدؐ شہید ہو گئے۔ اس وقت مشرکین کے ایک لشکر نے دیکھا کہ پیغمبرؐ ابھی زندہ ہیں چنانچہ وہ حملہ آور ہوئے۔ رسولؐ خدا نے فرمایا: اے علی اس لشکر کو مجھ سے دور کرو۔ علیؑ نے اس لشکر پر حملہ کیا اور اس لشکر کے سربراہ کو قتل کیا اسی طرح دوسرے اور تیسرے لشکر نے پھر رسولؐ اللہ پر حملہ کیا۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا: اے علیؑ! اس لشکر کو مجھ سے دور کرو۔ علیؑ نے اس لشکر کے سربراہ کو قتل کیا اور دور بھگا دیا۔ رسولؐ اللہ نے فرمایا: اس موقع پر جبرئیل نے مجھ سے کہا: علیؑ کا یہ دفاع حقیقی مواساۃ اور مدد ہے۔ میں نے جبرائیل سے کہا: ایسا کیوں نہ ہو علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں۔ جبرائیل نے کہا: میں آپ دونوں سے ہوں۔"

۵۳۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت علیؑ کے جسم اطہر پر صرف احد کی جنگ میں اسی (۸۰) زخم ایسے لگ گئے تھے کہ مرہم زخم کی ایک طرف سے دوسری طرف نکل جاتا تھا۔

۵۴۔ اس سلسلہ میں متعدد احادیث تمام اسلامی مکاتب فکر کی بنیادی کتب میں موجود ہیں۔ مثلاً حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ سے فرمایا:

[لحمك لحمي ودمك دمي۔ انت مني بمنزلة هارون من موسى۔ علي مني و انا منه]

سَيِّداً فِيْ اَوْلِيَاءِ اللهِ	اور اولیاء اللہ کے سردار تھے۔ (۵۵)
مُشَمِّراً، نَاصِحاً، مُجِدّاً، كَادِحاً،	وہ (جہاد کیلئے) ہمہ وقت کمربستہ، امت کے خیر خواہ، عزم محکم کے مالک (اور) راہِ حق میں جفاکش تھے۔
لَا تَأْخُذُهُ فِي اللهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ،	راہ خدا میں وہ کسی کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے
وَاَنْتُمْ فِيْ رَفَاهِيَةٍ مِنَ الْعَيْشِ	مگر تم ان دنوں عیش و آرام کی زندگی بسر کرتے تھے،
وَادِعُوْنَ فَاكِهُوْنَ آمِنُوْنَ	نیز سکون اور خوشی میں امن و امان کے ساتھ رہتے تھے۔
تَتَرَبَّصُوْنَ بِنَا الدَّوَائِرَ	تم اس انتظار میں رہتے تھے کہ ہم پر مصیبتیں آئیں
وَتَتَوَكَّفُوْنَ الْاَخْبَارَ	اور تمہیں بری خبریں سننے کو ملیں۔

تشریح کلمات

مُشَمِّراً: کپڑے کو پنڈلیوں سے اوپر اٹھانا۔ كَادِح: جفاکش۔ وَادِعون: آسودہ۔
فَاكِهُوْنَ: ہنسی مزاح۔ تَرَبُّص: انتظار۔ دَوَائِر: مصائب۔ تَتَوَكَّفُوْنَ: توقع رکھتے تھے۔

۵۵۔ حافظ ابونعیم اصفہانی نے حلیۃ الاولیاء جلد اول ص ۶۳ مطبوعہ بیروت میں یہ حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کے بارے میں فرمایا:

يا انس اسكب لي وضوأ فصلى ركعتين ثم قال يا انس يدخل عليك من هذا الباب امير المومنين و سيد المرسلين وقائد الغر المحجلين و خاتم الوصيين	اے انس! وضو کے لئے پانی فراہم کرو۔ پھر آپ نے دو رکعت نماز پڑھی پھر فرمایا: اے انس! اس دروازے سے تیرے پاس وہ شخص آئے گا جو مومنوں کا امیر، مسلمانوں کا سردار اور روشن چہرے والوں کے رہنما اور خاتم اوصیاء ہوگا۔

وَتَنْكُصُوْنَ عِنْدَ النِّزَالِ	تم جنگ کے وقت پسپائی اختیار کرتے
وَتَفِرُّوْنَ مِنَ الْقِتَالِ	تھے اور لڑائی میں راہ فرار اختیار کرتے تھے۔ (۵۶)
فَلَمَّا اخْتَارَ اللّٰهُ لِنَبِيِّهِ دَارَ اَنْبِيَائِهِ	پھر جب اللہ نے اپنے نبیؐ کے لئے مسکن انبیاء اور برگزیدہ گان کی قرارگاہ
وَمَأْوَىٰ اَصْفِيَائِهِ	(آخرت) کو پسند کیا۔

تشریح کلمات

نکص: پسپائی اختیار کی۔

نِزَالِ: مقابلہ۔ جنگ کا۔

۵۶۔ تاریخ کے ادنیٰ طالب علم پر بھی یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ اسلام کی فیصلہ کن جنگوں میں کن لوگوں نے راہ فرار اختیار کی۔ قرآن کریم نے بھی اس بات کو اپنے صفحات پر اس انداز میں ثبت کیا ہے کہ بھاگنے والوں کے لیے عذر کی گنجائش باقی نہ رہے فرمایا:

اذ تصعدون ولا تلوون علی احد	جب تم چڑھائی طرف بھاگے جا رہے تھے اور
و الرسول یدعوکم فی اخراکم	کسی کو پلٹ کر نہیں دیکھ رہے تھے حالانکہ
(سورہ آل عمران آیت ۱۵۳)	رسول تمہارے پیچھے تمہیں پکار رہے تھے۔

اس آیت میں والرسول یدعوکم "رسول تمہیں پکار رہے تھے" کا جملہ شاہد ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پکار سن رہے تھے۔ اگر نہ سنتے تو یدعوکم کی تعبیر اختیار نہ فرماتا۔

یوم حنین کے بارے میں فرمایا:

لقد نصرکم اللّٰہ فی مواطن کثیرۃ	تحقیق اللہ بہت سے مقامات پر تمہاری مدد کر
و یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم	چکا ہے اور حنین کے دن بھی جب تمہاری
فلم تغن عنکم شیئاً و ضاقت	کثرت نے تم کو غرور میں مبتلا کر دیا تھا مگر وہ
علیکم الارض بما رحبت ثم	تمہارے کچھ بھی کام نہ آیا اور زمین اپنی
ولیتم مدبرین	وسعت کے باوجود تم پر تنگ ہو گئی پھر تم پیٹھ
(سورہ توبہ آیت ۲۵)	پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے۔

ظَهَرَ فِيكُمْ حَسِيكَةُ النِّفَاقِ	تو تمہارے دلوں میں نفاق کے کانٹے نکل آئے (۵۷)
وَسَمَلَ جِلْبَابُ الدِّينِ	اور دین کا لبادہ تار تار ہو گیا۔
وَنَطَقَ كَاظِمُ الْغَاوِينَ	ضلالت کی زبانیں چلنے لگیں۔
وَنَبَغَ خَامِلُ الْأَقَلِّينَ	بے مایہ لوگوں نے سر اٹھانا شروع کیا،
وَهَدَرَ فَنِيقُ الْمُبْطِلِينَ فَخَطَرَ فِي عَرَصَاتِكُمْ	اور باطل کے سرداروں نے گرجنا شروع کر دیا۔ (۵۸) پھر وہ دم ہلاتے ہوئے تمہارے اجتماعات میں آگئے۔

تشریح کلمات

حَسِيكَةُ: کانٹا۔ سَمَلَ: بوسیدہ ہو گیا۔
جِلْبَاب: قمیص، چادر۔ نَبَغَ: نمودار ظاہر ہونا۔
خَامِلَ: گمنام پست آدمی۔ هَدَرَ: گرجنا، اونٹ کا بلبلانا۔
فَنِيقَ: سردار، نر اونٹ۔ خَطَرَ: دم ہلایا۔

۵۷۔ صحیح بخاری کتاب الدیات میں حسب ذیل حدیث مروی ہے:

عن ابن عمر انه سمع النبیؐ يقول: لا ترجعوا بعدی كفاراً يضرب بعضكم رقاب بعض	عبد اللہ ابن عمر کہتے ہیں کہ انہوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا: میرے بعد تم کافر بن کر ایک دوسرے کی گردن مارو۔

ابوزرعہ اپنے دادا حضرت جریر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

انصت الناس ثم قال: لا ترجعوا بعدی كفاراً يضرب بعضكم رقاب بعض	میرے بعد تم کافر بن کر ایک دوسرے کی گردن مارو۔

۵۸۔ حضرت علیؑ نے بھی اس وقت کے حالات پر اسی قسم کا تبصرہ فرمایا ہے: ⇐

وَ اَطْلَعَ الشَّيْطَانُ رَاْسَهُ مِنْ مَغْرَزِهِ هَاتِفاً بِكُمْ، فَاَلْفَاكُمْ لِدَعْوَتِهِ مُسْتَجِيبِيْنَ وَلِلْغِرَّةِ فِيهِ مُلَاحِظِيْنَ، ثُمَّ اسْتَنْهَضَكُمْ فَوَجَدَكُمْ خِفَافاً

شیطان بھی اپنی کمین گاہ سے سر نکالا اور تمہیں پکارنے لگا۔
اس نے تمہیں اس دعوت پر لبیک کہتے ہوئے پایا۔
اور اس کے مکر و فریب کے لیے آمادہ و منتظر پایا۔
پھر شیطان نے تمہیں اپنے مقصد کے لئے اٹھایا اور تمہیں سبک رفتاری سے اٹھتے دیکھا۔

تشریح کلمات

مَغْرَز: ڈسنے کی جگہ۔ کمین گاہ۔
اَلْفَاکُم: پایا تم کو۔
اَلْغِرَّۃ: دھوکہ۔

⇦ الا و ان بليتكم قد عادت كهيئتها يوم بعث الله نبيكم صلى الله عليه و آله وسلم والذى بعثه بالحق لتبلبلن بلبلة ولتغربلن غربلة و لتساطن سوط القدر حتى يعود اسفلكم اعلاكم و اعلاكم اسفلكم وليسبقن سابقون كانوا قصروا و ليقصرن سباقون كانوا سبقوا (نہج البلاغہ خطبہ ۱۶ طبع مصر)

تمہیں جاننا چاہئے کہ تمہارے لیے وہی ابتلا پھر پلٹ آیا ہے جو رسولؐ کی بعثت کے وقت موجود تھا۔ اس ذات کی قسم جس نے رسول کو حق و صداقت کے ساتھ بھیجا تم بری طرح تہ و بالا کیے جاؤ گے اور اس طرح چھانٹے جاؤ گے جس طرح چھلنی سے کسی چیز کو چھانا جاتا ہے اور تم اس طرح خلط ملط کیے جاؤ گے جس طرح (چمچے سے) ہنڈیا۔ یہاں تک تمہارے ادنیٰ لوگ اعلیٰ اور اعلیٰ لوگ ادنیٰ ہو جائیں گے، جو پیچھے تھے وہ آگے بڑھ جائیں گے اور جو ہمیشہ آگے رہتے تھے وہ پیچھے چلے جائیں گے۔

وَأَحْمَشَكُمْ فَأَلْفَاكُمْ غِضَاباً،	اس نے تمہیں بھڑکایا تو تم فوراً غضب میں آ گئے۔
فَوَسَمْتُمْ غَيْرَ إِبِلِكُمْ	تم نے اپنے نشان دوسروں کے اونٹوں پر لگا دیے (۵۹)
وَوَرَدْتُمْ غَيْرَ مَشْرَبِكُمْ، هٰذَا	اور اپنے گھاٹ کی جگہ دوسروں کے گھاٹ سے پانی بھرنے کی کوشش کی۔ (۶۰)
وَالْعَهْدُ قَرِيبٌ وَالْكَلْمُ رَحِيبٌ	یہ تمہاری حالت ہے جبکہ ابھی عہد رسول قریب ہی گذرا ہے، زخم گہرا ہے (۶۱)
وَالْجُرْحُ لَمَّا يَنْدَمِلْ	اور جراحت ابھی مندمل نہیں ہوئی۔
وَالرَّسُولُ لَمَّا يُقْبَرْ، اِبْتِدَاراً زَعَمْتُمْ خَوْفَ الْفِتْنَةِ	ابھی رسولؐ کی تدفین نہیں ہوئی تھی کہ تم نے فتنہ کا بہانہ بنا کر عجلت سے کام لیا۔

تشریح کلمات

أَحْمَشَكُم: تمہیں بھڑکایا، حس جوش دلایا۔   وَسَمْتُم الوسم: نشان لگانا۔
اَلْكَلْم: زخم۔   رَحِيبٌ: وسیع

۵۹۔ تم نے دوسروں کے اونٹوں پر اپنا نشان لگایا ہے یعنی دوسروں کے حقوق پر بے جا تصرف کیا ہے۔ واضح رہے کہ عربوں میں یہ رواج عام تھا کہ ہر مالک اپنے اونٹوں پر خاص قسم کی نشانی لگاتے تھے کہ مالک اپنے اونٹ کو پہچان سکے۔

۶۰۔ ہر قوم اور ہر قبیلہ اپنا اپنا گھاٹ مخصوص رکھتے تھے۔ اس فرمان میں یہ اشارہ ہے کہ تم کو اپنی حدود میں رہنا چاہیے تھا مگر تم نے دوسروں کے حقوق پر دست درازی کی ہے۔

۶۱۔ یعنی عہد رسالتؐ کو کوئی زیادہ عرصہ نہیں گذرا۔

۶۲۔ یہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تدفین سے پہلے مسند خلافت پر قبضہ کرنے کے عمل کی سرزنش کی جا رہی ہے۔ خلافت پر قبضہ کرنے والوں کی یہ توجیہ پیش کی کہ ہم نے فتنہ کے خوف سے تدفین رسولؐ پر خلافت ⇐

(اَلَا فِی الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكَافِرِيْنَ)

دیکھو یہ فتنے میں پڑ چکے ہیں اور جہنم نے ان کافروں کو گھیر رکھا ہے۔ (توبہ/۴۹)

فَهَيْهَاتَ مِنْكُمْ وَكَيْفَ بِكُمْ وَاَنّٰی تُؤْفَكُوْنَ

تم سے بعید تھا کہ تم نے یہ کیسے سوچا؟ تم کدھر بہکے جا رہے ہو؟ (۶۳)

وَكِتَابُ اللّٰهِ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ،

حالانکہ کتاب خدا تمہارے درمیان ہے، (۶۴)

اُمُوْرُهٗ ظَاهِرَةٌ

جس کے دستور واضح،

وَاَحْكَامُهٗ زَاهِرَةٌ وَاَعْلَامُهٗ بَاهِرَةٌ وَزَوَاجِرُهٗ لَائِحَةٌ وَاَوَامِرُهٗ وَاضِحَةٌ،

احکام روشن، تعلیمات آشکار، تنبیہات غیر مبہم، اور اس کے اوامر واضح ہیں۔

وَقَدْ خَلَّفْتُمُوْهُ وَرَاءَ ظُهُوْرِكُمْ،

اس قرآن کو تم نے پس پشت ڈال دیا۔ کیا تم اس سے منہ موڑ لینا چاہتے ہو؟

⟵ کو ترجیح دی۔ حضرت فاطمہ زہراؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی جس کی رو سے جنگ تبوک میں شرکت نہ کرنے والوں نے یہ عذر تراشا تھا کہ ہم نے جنگ میں اس لیے شرکت نہیں کی کہ رومی عورتوں پر فریفتہ ہو کر کہیں فتنہ میں مبتلا نہ ہو جائیں۔ قرآن حکیم نے ان کے جواب میں فرمایا تھا: الا فی الفتنہ سقطوا دیکھو یہ فتنے میں پڑ چکے ہیں یعنی یہ عذر تراشی خود سب سے بڑا فتنہ ہے۔

۶۳۔ یعنی امامت و خلافت سے تمہارا دور کا بھی واسطہ نہ تھا۔ عام انسان نے سوچا بھی نہ تھا کہ یہ مقام تمہارے پاس آئے گا۔ چنانچہ تاریخی شواہد گواہ ہیں کہ عام مہاجرین اور انصار میں سے کسی کو اس بات میں شک نہ تھا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد خلافت حضرت علیؑ کی ہوگی۔

(ملاحظہ فرمائیں۔ موفقیات ص ۵۸۰ طبع بغداد)

۶۴۔ تمام ادیان میں امامت کا جو مقام و معیار رہا ہے وہ قرآن پاک سے ظاہر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی نسلوں میں امامت کا سلسلہ قائم رہا تو کس اساس پر رہا۔

أَرَغْبَةً عَنْهُ تُرِيدُونَ أَمْ بِغَيْرِهِ تَحْكُمُونَ؟	کیا تم اس کے بغیر فیصلے کرنے کے خواہاں ہو؟
بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلاً،	ظالموں کے لیے برا بدل ہے
وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِيناً فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ).	اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا خواہاں ہوگا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔
ثُمَّ لَمْ تَلْبَثُوا إِلَّا رَيْثَ أَنْ تَسْكُنَ نَفْرَتُهَا وَيَسْلَسَ قِيَادُهَا	پھر تمہیں خلافت حاصل کرنے کی اتنی جلدی تھی کہ خلافت کے بدکے ہوئے ناقہ کے رام ہونے اور مہار تھامنے کا بھی تم نے مشکل سے انتظار کیا (۶۵)
ثُمَّ أَخَذْتُمْ تُورُونَ وَقْدَتَهَا وَتُهَيِّجُونَ جَمْرَتَهَا	پھر تم نے آتشِ فتنہ کو بھڑکایا اور اس کے شعلے کو پھیلانا شروع کیا

تشریح کلمات

لَمْ تَلْبَثُوا، لبث: انتظار کرنا۔ ٹھہرے رہنا۔

رَيْثَمَا: بقدر۔

يَسْلَسَ، سلس: آسان ہونا۔

تُورُونَ: آگ بھڑکانا۔

وَقْدَة: شعلہ۔

جَمْرَة: چنگاری۔

۶۵۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال سوموار کے دن ظہر کے وقت ہوا۔ حضرت عمر بن خطاب، مغیرہ بن شعبہ کے ہمراہ آئے اور نبی کریمؐ کے چہرۂ مبارک سے کپڑا ہٹا کر کہنے لگے: کیا گہری بے ہوشی ہے رسولؐ اللہ کی۔ مغیرہ نے کہا: حضور کا انتقال ہوگیا ہے۔ حضرت عمر نے کہا: تم جھوٹ بولتے ہو۔ تم فتنہ پرور آدمی ہو۔ رسولؐ اللہ منافقین کے خاتمہ تک زندہ رہیں گے (مسند امام احمد ج ۳ ص ۲۱۰)۔ اس وقت حضرت ابوبکر مدینہ سے باہر اپنے گھر "سنح" نامی جگہ پر تھے۔

مشہور مورخ ابن جریر طبری نے لکھا ہے: لما قبض النبیؐ کان ابوبکر غائباً فجاء بعد ثلاثۃ ایام ⟸

وَتَسْتَجِيبُونَ لِهِتَافِ الشَّيْطَانِ الْغَوِيِّ
اور تم شیطان کی گمراہ کن پکار پر لبیک کہنے لگے۔

وَإِطْفَاءِ أَنْوَارِ الدِّينِ الْجَلِيِّ
تم دین کے روشن چراغوں کو بجھانے

وَإِهْمَالِ سُنَنِ النَّبِيِّ الصَّفِيِّ ،
اور برگزیدہ نبی کی تعلیمات سے چشم پوشی کرنے لگے۔

تشریح کلمات

هِتَافِ : پکار۔

⇐ "جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوا تو ابوبکر غائب تھے، تین دن بعد آئے"۔ (تاریخ طبری ج ۳ ص ۱۹۸ طبع مصر)

حضرت ابن ام مکتومؓ نے حضرت عمر کو یہ آیت پڑھ کر سنائی: وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افأن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم تو حضرت عمر نے اعتناء نہ کی۔

دوسری روایت میں آیا ہے کہ حضرت عمر کو مسجد میں لوگوں نے یہ آیت پڑھ کر سنائی۔ حضرت عمر اس قدر بولتے رہے کہ منہ سے جھاگ نکلنے لگا (کنز العمال ج ۴ ص ۵۳ طبع دکن) جب حضرت ابوبکر اپنے گھر سنخ سے آگئے تو انہوں نے بھی اسی آیت کی تلاوت کی جو ابن ام مکتومؓ پہلے سنا چکے تھے۔ اس پر حضرت عمر نے کہا: کیا یہ آیت قرآن میں ہے؟ اور بعد ازاں مان گئے کہ حضورؐ کا انتقال ہو گیا ہے یعنی حضرت ابوبکر کے آنے کے بعد قبول کیا۔ سقیفہ بنی ساعدہ میں حضرت ابوبکر کی بیعت لینے کے بعد عام بیعت کے لئے وہ مسجد نبوی آگئے تو حضرت عباس اور حضرت علیؑ ابھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دینے میں مصروف تھے (العقد الفرید ج ۳ ص ۲۵۸ طبع مطبعہ ازہریہ مصر)۔ چنانچہ حضرت عروہ بن زبیر جو حضرت ابوبکر کے نواسے اور جناب اسماء بنت ابی بکرؓ کے فرزند ارجمند ہیں روایت کرتے ہیں کہ ان ابابکر و عمر لم یشهدا دفن النبیؐ و کانا فی الانصار فدفن قبل ان یرجعا "حضرت ابوبکر و عمر دونوں جنازہ اور دفن رسولؐ میں حاضر نہیں ہوئے اور وہ دونوں انصار میں تھے اور حضورؐ ان دونوں کے واپس ہونے سے پہلے ہی دفن کر دیئے گئے" (کنز العمال ج ۳ ص ۱۴۰ طبع دکن)۔ یہ لوگ رسول اللہ کی تدفین کے لیے بھی حاضر نہ ہوئے۔

حضرت عائشہ فرماتی ہیں: "ہمیں رسول اللہؐ کی تدفین کا علم بدھ کی رات کو ہوا"۔ (تاریخ طبری ۲ ص ۴۵۲ مطبعہ حسینیہ مصر)۔ اس سلسلہ میں مزید تحقیق کے لیے تاریخی کتب کا مطالعہ فرمائیں۔

تَشْرَبُوْنَ حَسْواً فِي ارْتِغَاءٍ	تم بالائی لینے کے بہانے پورے دودھ کو پی جاتے ہو(۶۶)
وَتَمْشُوْنَ لِاَهْلِهٖ وَ وُلْدِهٖ فِي الْخَمَرِ وَالضَّرَاءِ	اور رسولؐ کی اولاد اور اہل بیتؑ کے خلاف خفیہ چالیں چلتے ہو۔(۶۷)
وَنَصْبِرُ مِنْكُمْ عَلٰى مِثْلِ حَزِّ الْمُدٰى وَ وَخْزِ السِّنَانِ فِي الْحَشَاءِ	تمہاری طرف سے خنجر کے زخم اور نیزے کے وار کے باوجود ہم صبر سے کام لیں گے

تشریح کلمات

حَسْواً: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔
الارْتِغَاء: دودھ سے جھاگ اتارنا۔
الخَمَر: چھپانا، خفیہ رکھنا۔
الضَّرَاءِ: گھنے درخت۔
الحَزّ: کاٹنا۔
المُدٰی: چھری، خنجر۔
وَخز: زخم لگانا۔

۶۶۔ ایک ضرب المثل مشہور ہے: "دودھ کے برتن سے بالائی لینے کے بہانے پورے دودھ کو پی جانا"۔ یہ اس شخص کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جو کسی کے لیے بظاہر کام کرتا دکھائی دے لیکن درحقیقت وہ اپنے مفاد میں کام کر رہا ہو۔

۶۷۔ حکومت کو تین گروہوں کی طرف سے مخالفت کا خدشہ تھا۔ انصار، بنی امیہ اور بنی ہاشم۔ مگر سب سے زیادہ بنی ہاشم سے خطرہ تھا۔ اس لیے اہل بیتؑ پر تشدد کیا گیا اور بنی ہاشم میں سے کسی کو بھی کوئی منصب نہیں دیا گیا۔ البتہ انصار اور بنی امیہ کے ساتھ سمجھوتہ ہو گیا اور ان کو بھی اقتدار میں شریک کیا گیا ان کو بڑے کلیدی عہدوں سے نوازا۔ چنانچہ حبر الامت حضرت ابن عباسؓ نے حلب کی گورنری کی درخواست پیش کی لیکن یہ کہہ کر رد کر دی گئی کہ اگر ہم بنی ہاشم کو شریک اقتدار کریں تو وہ اسے اپنے مفاد میں استعمال کر سکتے ہیں جبکہ ابوسفیان نے حضرت ابوبکر کی خلافت کے بارے میں کہا تھا: انی لاری عجاجة لایطفئها الا الدم "میں اس قسم کا گرد و غبار دیکھ رہا ہوں جس کو صرف خون ہی ختم کر سکتا ہے" لیکن برسر اقتدار افراد نے ابوسفیان کے بیٹے یزید بن ابی سفیان کو شام کا والی بنا دیا اور اس کے مرنے کے فوراً بعد اس کے بھائی معاویہ کو والی بنا دیا گیا۔

وَ اَنۡتُمُ الۡاٰنَ تَزۡعُمُوۡنَ اَنۡ لَا اِرۡثَ لَنَا	اب تمہارا یہ خیال ہے کہ رسولؐ کی میراث میں ہمارا کوئی حصہ نہیں ہے۔
اَفَحُكۡمَ الۡجَاهِلِيَّةِ تَبۡغُوۡنَ	کیا تم لوگ جاہلیت کے دستور کے خواہاں ہو؟(۶۸)
(وَمَنۡ اَحۡسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكۡمًا لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ؟)	اور اہل یقین کے لیے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟
اَفَلَا تَعۡلَمُوۡنَ ؟ بَلٰى قَدۡ تَجَلّٰى	کیا تم جانتے نہیں ہو؟
لَكُمۡ كَالشَّمۡسِ الضَّاحِيَةِ۔۔۔	کیوں نہیں! یہ بات تمہارے لیے روز روشن کی طرح واضح ہے
اَنِّىۡ اِبۡنَتُهٗ !	کہ میں رسولؐ کی بیٹی ہوں۔
اَيُّهَا الۡمُسۡلِمُوۡنَ ءَاُغۡلَبُ عَلٰى اِرۡثِىۡ	مسلمانو! کیا میں ارث میں محرومی پر مجبور ہوں (۶۹)
يَا ابۡنَ اَبِىۡ قُحَافَةَ اَفِىۡ كِتَابِ اللّٰهِ	اے ابو قحافہ کے بیٹے! کیا اللہ کی کتاب میں ہے کہ تمہیں اپنے باپ کی میراث
اَنۡ تَرِثَ اَبَاكَ وَ لَا اَرِثَ اَبِىۡ ؟!	مل جائے اور مجھے اپنے باپ کی میراث نہ ملے۔(۷۰)
لَقَدۡ جِئۡتَ شَيۡئًا فَرِيًّا !	
اَفَعَلٰى عَمۡدٍ تَرَكۡتُمۡ كِتَابَ اللّٰهِ	کیا تم نے جان بوجھ کر کتاب اللہ کو ترک کیا
فَنَبَذۡتُمُوۡهُ وَرَاءَ ظُهُوۡرِكُمۡ ؟	اور اسے پس پشت ڈال دیا ہے

۶۸۔ چونکہ جاہلیت میں لڑکی وارث نہیں بن سکتی تھی۔

۶۹۔ اس تعبیر میں کہ (کیا میں ارث سے محرومی پر مجبور و مغلوب ہوں؟) اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ارث سے محروی کے لئے منطق اور دلیل کی جگہ طاقت استعمال کی گئی ہے۔

۷۰۔ اس جملے میں میراث نہ ملنے کو ایک قسم کی اہانت قرار دیا ہے: اے مخاطب! کیا تو اس قابل ہے کہ اپنے باپ کا وارث بن جائے لیکن میں اس قابل نہیں ہوں کہ اپنے والد کی وارث بنوں؟۔

ترکۂ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درج ذیل املاک بطور ترکہ چھوڑے:

- حوائط سبعہ سات احاطے ❁ بنی نضیر کا قطعۂ ارضی ❁ خیبر کے تین قلعے
- وادی قری کا ایک تہائی حصہ ❁ مھزور (مدینہ میں بازار کی ایک جگہ) ❁ فدک

حوائط سبعہ میں سے چھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وقف فرمایا تھا۔ بنی نضیر کی زمین میں سے کچھ عبدالرحمٰنؓ بن عوف اور ابی دجانہؓ وغیرہ کو مرحمت فرمایا تھا۔ خیبر کے کچھ قلعے ازواج کو عنایت فرمائے اور فدک حضرت فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کو عنایت فرمائے اس سلسلہ میں مزید کتب تاریخ کا مطالعہ کیا جائے۔

تاریخ شاہد ہے کہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت کے بعد دیگر افراد سے کوئی چیز واپس نہیں لی گئی۔ صرف فدک کو حضرت زہراء علیہا السلام کے قبضہ سے واپس لیا گیا۔ جناب سیدہ فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا کو حاکم وقت سے تین چیزوں کا مطالبہ تھا:

۱۔ ھبہ۔ حضرت فاطمہؑ نے فرمایا: فدک رسول اللہؐ نے مجھے ہبہ کر کے دیا۔ جس پر حضرت ابوبکر نے گواہ طلب کیے حضرت فاطمہؑ نے حضرت ام ایمن، رسول کے غلام رباح اور حضرت علیؑ کو بطور گواہ پیش کیا لیکن یہ گواہ رد کر دیئے گئے (ملاحظہ ہو فتوح البلدان ج۱ ص ۳۴ مطبوعہ مصر)

۲۔ ارث: یہ بات روز روشن کی طرح واضح ہے کہ حضرت فاطمہ علیہا السلام نے اپنے والد کی میراث کا مطالبہ کیا تو صرف ایک راوی کی روایت کو بنیاد بنا کر یہ مطالبہ مسترد کیا گیا اور راوی بھی خود مدعی ہے۔

۳۔ سہم ذوالقربیٰ: حضرت فاطمہؑ نے اپنے والد کی میراث سے محرومیت کے بعد خمس میں سے سہم ذوالقربیٰ (یعنی رسول کے قرابداروں کا حصہ) کا مطالبہ کیا۔ یہ مطالبہ بھی صرف ایک صحابی کی روایت کی بنیاد پر رد کیا گیا۔ حضرت ام ہانیؓ کا بیان ہے کہ حضرت فاطمہؑ نے سہم ذوالقربیٰ کا مطالبہ کیا تو حضرت ابوبکر نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے کہ ذوالقربیٰ کا حصہ میری زندگی میں تو ان کو ملے گا لیکن میری زندگی کے بعد ان کو نہیں ملے گا (ملاحظہ ہو کنز العمال ج۵ ص ۳۶۷)

اِذْ یَقُوْلُ:

(وَ وَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ)،

وَقَالَ فِیْمَا اقْتَصَّ مِنْ خَبَرِ

یَحْیَی بْنِ زَکَرِیَّا اِذْ قَالَ،

(فَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِیًّا یَّرِثُنِیْ

وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ)

جبکہ قرآن کہتا ہے

اور سلیمان داؤد کے وارث بنے(۷۱)

اور یحییٰ بن زکریا کے ذکر میں فرمایا:

جب انہوں نے خدا سے عرض کی:

پس تو مجھے اپنے فضل سے ایک جانشین عطا فرما

جو میرا وارث بنے اور آل یعقوب کا وارث بنے، (۷۲)

۷۱۔اس آیت مبارکہ کے اطلاق میں مالی میراث بھی شامل ہے، بلکہ یہ کہنا بھی بے جا نہ ہوگا کہ یہاں وراثت سے مراد حکمت و نبوت نہیں ہے کیونکہ قرآن میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی میں ہی حکمت دے دی گئی تھی چنانچہ ارشاد رب العباد ہے:

و داؤد و سلیمان اذ یحکمن فی الحرث اذ نفشت فیہ غنم القوم و کنا لحکمھم شاھدین. ففھمنٰھا سلیمان و کلاً آتینا حکماً و علماً

(سورۃ انبیاء آیت ۷۸۔۷۹)

اور داؤد و سلیمان کو بھی (نوازا) جب وہ دونوں ایک کھیت کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت لوگوں کی بکریاں بکھر گئی تھیں اور ہم ان کے فیصلے کا مشاہدہ کر رہے تھے۔

تو ہم نے سلیمان کو اس کا فیصلہ سمجھا دیا اور ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا کیا

۷۲۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی:

انی خفت الموالی من ورائی و کانت امراتی عاقراً فھب لی من لدنک ولیا یرثنی و یرث من آل یعقوب

میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے پس تو اپنے فضل سے مجھے ایک جانشین عطا فرما جو میرا وارث بنے اور آلِ یعقوب کا وارث بنے۔

ظاہر ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ السلام کو اپنے رشتہ داروں سے نبوت کی میراث لے جانے کا خوف تو نہیں تھا کیونکہ نبوت ایسی چیز نہیں جسے رشتہ دار ناجائز طور پر لے جائیں۔ بلکہ یہاں یقیناً مالی وراثت مراد ہے۔

اس سلسلے میں امام شمس الدین سرخسی کا استنباط قابل توجہ ہے۔ آپ اپنی معروف فقہی کتاب "المبسوط" میں

وَقَالَ: ﴿وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِىْ كِتٰبِ اللّٰهِ﴾

نیز فرمایا: اللہ کی کتاب میں خونی رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔ (۷۳)

⇐ جلد۱۲، صفحہ۳۶ باب الوقف طبع دار الکتب العلمیہ بیروت میں لکھتے ہیں:

واستدل بعض مشايخنا رحمهم الله تعالى بقوله عليه الصلوة والسلام انا معاشر الانبياء لا نورث ما تركناه صدقة فقالوا معناه ما تركناه صدقة لا يورث ذلك و ليس المراد ان اموال الانبياء عليهم الصلوة والسلام لا تورث وقد قال الله تعالى ﴿وورث سليمان داؤد﴾ وقال الله تعالى: ﴿فهب لي من لدنك وليا يرثني و يرث من آل يعقوب﴾ فحاشا ان يتكلم رسول الله صلى الله عليه وسلم بخلاف المنزل فعلى هذا التاويل في الحديث بيان ان لزوم الوقف من الانبياء عليهم الصلاة والسلام خاصة بناء على ان الوعد منهم كالعهد من غيرهم

ہمارے بعض اساتذہ نے وقف کے ناقابل تنسیخ ہونے پر حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی اس حدیث سے استدلال کیا ہے: انا معاشر الانبیاء لا نورث مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ وہ کہتے ہیں کہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے جو مال بعنوان صدقہ (وقف) چھوڑا ہے اس کا ہم سے کوئی وارث نہیں ہوتا۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ انبیاء علیہم السلام کے اموال کے وارث نہیں ہوتے جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وورث سليمان داؤد نیز فرمایا: فهب لی من لدنك وليا يرثنی و يرث من ال يعقوب پس ممکن نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے خلاف بات کریں۔ حدیث کی اس توجیہ سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی طرف سے وقف کا ناقابل تنسیخ ہونا ایک خصوصی بات ہے کیونکہ انبیاء کے "وعدہ" دوسرے لوگوں کے "معاہدے" کی طرح ہیں"۔

۷۳۔ اس آیت میں وراثت کا ایک اصول صریح لفظوں میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ خونی رشتہ دار وراثت کے زیادہ حقدار ہیں۔ اس سے پہلے انصار و مہاجرین میں باہمی توارث کا حکم نافذ تھا جو اس آیت سے منسوخ ہو گیا۔

وَقَالَ:

(يُوصِيكُمُ اللّٰهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ).

نیز فرمایا:

اللہ تمہاری اولاد کے بارے میں ہدایت فرماتا ہے کہ ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے برابر ہے۔ (۷۴)

وَقَالَ:

(إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ)

نیز فرمایا:

اگر مرنے والا مال چھوڑ جائے، تو اسے چاہئے کہ والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لئے مناسب طور پر وصیت کرے۔ (۷۵)

وَزَعَمْتُمْ أَنْ لَا حُظْوَةَ لِي وَلَا أَرِثَ مِنْ أَبِي وَلَا رَحِمَ بَيْنَنَا؟!

اس کے باوجود تمہارا خیال ہے کہ میرے باپ کی طرف سے میرے لیے نہ کوئی وقعت ہے نہ ارث اور نہ ہمارے درمیان کوئی رشتہ۔

أَفَخَصَّكُمُ اللّٰهُ بِآيَةٍ أَخْرَجَ مِنْهَا أَبِي؟

کیا اللہ نے تمہارے لیے کوئی مخصوص آیت نازل کی ہے جس میں میرے والد گرامی شامل نہیں ہیں؟

أَمْ هَلْ تَقُولُونَ أَهْلُ مِلَّتَيْنِ لَا يَتَوَارَثَانِ؟

کیا تم یہ کہتے ہو کہ دو مختلف دین والے باہم وارث نہیں بن سکتے۔

تشریح کلمات

حُظْوَة: عزت، منزلت۔

۷۴۔ اولاد کی میراث کے بارے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس صریح ہدایت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی اولاد کو مستثنیٰ قرار نہیں دیا گیا۔

۷۵۔ والدین اور قریبی رشتہ داروں کے بارے میں ارث کے باوجود وصیت کی تاکید ہے چونکہ والدین ہر صورت میں وارث ہیں تو جہاں میراث کے باوجود وصیت کا حکم ہے وہاں اصل میراث سے محروم کرنا کیسے درست ہو سکتا ہے؟

اَوَلَسْتُ اَنَا وَ اَبِیْ مِنْ اَھْلِ مِلَّۃٍ وَاحِدَۃٍ ؟	کیا میں اور میرے والد ایک ہی دین سے تعلق نہیں رکھتے؟
اَمْ اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِخُصُوْصِ الْقُرْاٰنِ وَعُمُوْمِہٖ مِنْ اَبِیْ وَابْنِ عَمِّیْ ؟	کیا میرے باپ اور میرے چچازاد (علیؑ) سے زیادہ تم قرآن کے عمومی و خصوصی احکام کا علم رکھتے ہو۔ (٧٦)

٧٦۔ جناب سیدہ فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا نے میراث کی چار صورتیں بتائی ہیں جن کے مطابق آپ ارث سے محروم رہ سکتی تھیں۔

پہلی صورت: یہ کہ درمیان میں کوئی رشتہ نہ ہو لا رحم بینھما۔

دوسری صورت: یہ کہ قرآنی آیت سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مستثنیٰ قرار دیا گیا ہو کہ ان کا کوئی وارث نہیں بن سکتا۔

تیسری صورت: یہ کہ اگر دونوں رشتہ دار ایک دین سے تعلق نہ رکھتے ہوں تو آپس میں وارث نہ بن سکیں گے۔

چوتھی صورت: یہ کہ میراث کے بارے میں قرآن کے عمومی حکم کی تخصیص پر کوئی دلیل موجود ہو۔

پہلی صورت سب کے لئے واضح ہے کہ جناب فاطمۃ الزہراءؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی ہیں۔

دوسری صورت بھی واضح ہے کہ قرآن میں کوئی ایسی آیت موجود نہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مستثنیٰ قرار دے۔

تیسری صورت بھی واضح ہے کہ (باپ اور بیٹی) دونوں ایک ہی دین (اسلام) سے تعلق رکھتے ہیں۔

چوتھی صورت یہ تھی کہ کسی خاص ارث کے بارے میں قرآن کے حکم کی عام دلیل سے تخصیص ہو گئی ہو۔

اس چوتھی صورت کے بارے میں جناب فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا یہ استدلال فرماتی ہیں کہ اگر میراث کے قرآنی حکم کی تخصیص ہو گئی ہوتی تو اس کا واحد ماخذ میرے پدر بزرگوار ہیں۔ کیا تم ان سے زیادہ جانتے ہو؟ ان کے بعد میرے ابن عم (علی ابن ابی طالبؑ) قرآنی علوم کا سب سے زیادہ علم رکھتے ہیں۔ آیا تم ان سے بھی زیادہ جانتے ہو؟

واضح رہے کہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین (سورہ شعراء آیت ٢١٤) ''اور اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو تنبیہ کیجئے'' کے تحت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر فرض بنتی ہے کہ وہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو ان کے متعلقہ احکام بیان فرمائیں۔ یہاں نہ اللہ کے رسول اس حکم قرآنی کی خلاف ورزی کر سکتے ہیں کہ جناب فاطمہؑ کو میراث کا حکم تعلیم نہ فرمائیں نہ حضورؐ کی صاحبزادی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراءؑ اپنے باپ کے حکم کی نافرمانی کر سکتی

تَدُوْنَکَهَا مَخْطُوْمَةً مَرْحُوْلَةً	لے جاؤ! (میری وراثت کو) اس آمادہ سواری کی طرح جس کی مہار ہاتھ میں ہو۔
تَلْقَاكَ يَوْمَ حَشْرِكَ،	تمہارے ساتھ حشر میں میری ملاقات ہوگی
فَنِعْمَ الْحَكَمُ اللّٰهُ وَالزَّعِيْمُ مُحَمَّدٌ	جہاں بہترین فیصلہ سنانے والا اللہ ہوگا اور محمدؐ کی سرپرستی ہوگی
وَالْمَوْعِدُ الْقِيَامَةُ، وَعِنْدَ السَّاعَةِ	اور عدالت کی وعدہ گاہ قیامت ہوگی، جب قیامت کی گھڑی آئے گی
يَخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ	تو باطل پرست خسارہ اٹھائیں گے
وَلَا يَنْفَعُكُمْ اِذْ تَنْدَمُوْنَ	اس وقت ندامت سے کوئی فائدہ نہیں ملے گا،

تشریح کلمات

مَخْطُوْمَةً: الخطام نکیل ڈالنا۔

مَرْحُوْلَةً: کجاوہ باندھا ہوا آمادہ اونٹ۔

ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیان کے باوجود میراث کا مطالبہ کریں۔

یہ بھی واضح رہے کہ میراث رسولؐ کے بارے میں خود مدعی کے علاوہ کوئی اور شاہد یا راوی موجود نہ تھا چنانچہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے:

واختلفوا فی میراثه فما وجدوا عند احد من ذلك علما فقال ابوبکر سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم یقول: انا معشر الانبیاء لا نورث ما ترکناه صدقة	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میراث کے بارے میں اختلاف ہوا تو اس بارے میں کسی کے پاس کوئی علم نہ تھا صرف ابوبکر نے کہا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا ہے فرماتے تھے: ہم انبیاء وارث نہیں بناتے جو ہم چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہے۔

(کنز العمال ج ۱۲ ص ۳۱۲ رقم ۵۲۲۲ طبع حیدرآباد دکن)

علاوہ ازیں علامہ ابن ابی الحدید بغدادی نے بھی شرح نہج البلاغہ میں اس امر کی وضاحت کی ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث نہ بننے کی روایت صرف حضرت ابوبکر نے بیان کی ہے۔

وَ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ	ہر خبر کے لیے ایک وقت مقرر ہے عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔(۷۷)
مَنْ يَّأْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ	کس پر رسوا کن عذاب آتا ہے اور کس پر دائمی عذاب نازل ہونے والا ہے۔(۷۸)
ثُمَّ رَمَتْ بِطَرْفِهَا نَحْوَ الْاَنْصَارِ فَقَالَتْ:	پھر انصار کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا:
يَا مَعْشَرَ الْفِتْيَةِ وَ اَعْضَادَ الْمِلَّةِ وَحَضَنَةَ الْاِسْلَامِ!	اے بزرگو اور ملت کے بازوو اور اسلام کے نگہبانو! (۷۹)
مَا هٰذِهِ الْغَمِيْزَةُ فِيْ حَقِّيْ وَالسِّنَةُ عَنْ ظُلَامَتِيْ؟	میرے حق میں اس حد تک تساہل، مجھے میرا حق دلانے میں اتنی کوتاہی کا کیا مطلب؟
اَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ص اَبِيْ يَقُوْلُ: اَلْمَرْءُ يُحْفَظُ فِيْ وُلْدِهٖ	کیا اللہ کے رسول اور میرے پدر بزرگوار یہ نہیں فرماتے تھے: کہ شخصیت کا احترام اس کی اولاد کے احترام کے ذریعے برقرار رکھا جاتا ہے؟

تشریح کلمات

طَرْف: نگاہ۔ الفِتيَةُ: قوم کے با اثر افراد۔ حَضَنَةٌ: نگہبان۔
غَمِيْزَةٌ: عقل و علم میں تساہل و کمزوری۔ سِنَةٌ: اونگھ، کوتاہی۔

۷۷۔ سورہ انعام آیت ۶۷۔ ۷۸۔ سورہ زمر آیت ۴۰۔

۷۹۔ انصار کے متعلق حضرت علیؑ فرماتے ہیں:

هم واللّه ربوا الاسلام کما یربی الفلو مع غنائهم بایدیهم السباط والسنتهم السلاط (نہج البلاغہ ج ۳ حکمت نمبر ۴۶۵)

خدا کی قسم انہوں نے اپنی خوشحالی سے اسلام کی اس طرح تربیت کی جس طرح ایک سالہ بچھڑے کو پالا پوسا جاتا ہے اپنے کریم ہاتھوں اور تیز زبانوں کے ساتھ۔

سَرْعَانَ مَا اَحْدَثْتُمْ وَعَجْلَانَ	کس سرعت سے تم نے بدعت شروع کر دی
ذَا اِهَالَةً	اور کتنی جلدی اندر کی غلاظت باہر نکل آئی۔
وَلَكُمْ طَاقَةٌ بِمَا اُحَاوِلُ وَقُوَّةٌ عَلٰى	حالانکہ تم میری کوششوں میں تعاون کر سکتے تھے اور میرے مطالبے کی تائید وحمایت کر سکتے تھے۔
مَا اَطْلُبُ وَاُزَاوِلُ	
اَتَقُوْلُوْنَ مَاتَ مُحَمَّدٌ (ص) ؟	کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ محمدؐ اس دنیا میں نہیں رہے (لہذا ہم پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی)؟
فَخَطْبٌ جَلِيْلٌ اِسْتَوْسَعَ وَهْيُهُ	ان کی رحلت عظیم سانحہ ہے، جس کی دراڑ کشادہ ہے،
وَاسْتَنْهَرَ فَتْقُهُ وَانْفَتَقَ رَتْقُهُ ،	اس کا شگاف اتنا چوڑا ہے جسے بھرا نہیں جا سکتا۔

تشریح کلمات

عَجْلَانَ ذَا اِهَالَةً: کتنی جلدی اس کی چربی نکل آئی۔

کہتے ہیں ایک شخص کا ایک لاغر بکرا تھا جس کی ناک سے برابر چھینک نکلتی رہتی تھی۔ لوگ اس سے پوچھتے یہ کیا ہے؟ تو وہ جواب دیا کرتا تھا کہ یہ بکرے کی چربی ہے جو اس کی ناک سے بہہ رہی ہے۔ یہاں سے یہ ضرب المثل مشہور ہو گئی کہ ہر اس بات کے لیے جس میں تیزی سے تبدیلی آتی ہے۔

اُزَاوِلُ : المزاولة کوشش کرنا۔ الخَطْبُ: عظیم سانحہ۔

وَهْيُهُ: اَلْوَهْی: شگاف۔ اِسْتَنْهَرَ: وسیع ہو گیا۔

فَتْقُهُ: اس کا شگاف۔ رَتْقُهُ، الرتق: جوڑنا۔

أَظْلَمَتِ الْأَرْضُ لِغَيْبَتِهِ	ان کی رحلت سے زمین پر اندھیرا چھا گیا
وَكُسِفَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَانْتَثَرَتِ	نیز سورج اور چاند کو گرہن لگ گیا،
النُّجُومُ لِمُصِيبَتِهِ	ستارے بکھر گئے،
وَأَكْدَتِ الْآمَالُ وَخَشَعَتِ الْجِبَالُ	امیدیں یاس میں بدل گئیں، اور پہاڑ شکست و ریخت سے دوچار ہو گئے۔
وَأُضِيعَ الْحَرِيمُ وَأُزِيلَتِ الْحُرْمَةُ	حضور کی رحلت کے موقع پر نہ تو حرمِ رسول کو تحفظ ملا
عِنْدَ مَمَاتِهِ،	اور نہ ہی حرمتِ رسول کا لحاظ رکھا گیا۔(۸۰)
فَتِلْكَ وَاللهِ النَّازِلَةُ الْكُبْرَى	بخدا یہ بہت بڑا حادثہ تھا
وَالْمُصِيبَةُ الْعُظْمَى	اور عظیم مصیبت تھی۔

تشریح کلمات

اِنْتَثَرَتْ: پراگندہ ہوئی، پھیل گئی۔

اَكْدَتْ: کسی چیز کو ہاتھ سے چھیننا۔

۸۰۔ ستم بالائے ستم یہ ہے کہ حضرت فاطمۃ الزہراءؑ کے گھر کو آگ لگانے کی جسارت کی گئی کہ جس دروازے پر پیغمبر خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر روز صبح آیت تطہیر تلاوت فرمایا کرتے تھے چنانچہ مہاجرین کی چند شخصیات جو حضرت ابو بکر کی بیعت سے راضی نہ تھے وہ حضرت علیؑ کے ہاں حضرت فاطمہؑ کے گھر میں جمع ہو گئے (تاریخ یعقوبی ج ۲ص ۱۲۶طبع بیروت، تاریخ ابو الفداء ج ۱ص ۱۶۴طبع مصر) حضرت ابو بکر نے حضرت عمر کو بھیجا کہ جا کر انھیں حضرت فاطمہ کے گھر سے نکالیں۔ اور ان سے کہا کہ اگر وہ نہ نکلیں تو گھر کو جلا دو، وہ آگ لے کر دروازہ زہراء پر پہنچ گئے کہ گھر کو آگ لگا دیں۔ تو گھر سے حضرت فاطمہؑ نے فرمایا: کیا تو ہمارا گھر جلانے آیا ہے؟ کہا: ہاں! مگر یہ کہ آپ لوگ بھی داخل ہو جائیں، جس میں امت داخل ہو گئی ہے۔ (انساب الاشراف ج ۱ص ۵۸۶طبع بیروت، کنز العمال ج ۱ص ۵۸۶، ج ۳ص ۱۴۰طبع دکن، العقد الفرید ج ۲ص ۶۴طبع قاہرہ)۔

لَا وَمِثْلُهَا نَازِلَةٌ وَلَا بَائِقَةٌ عَاجِلَةٌ	نہ اس جیسا کوئی دل خراش واقعہ کبھی پیش آیا نہ اتنی بڑی مصیبت واقع ہوئی۔ (۸۱)

تشریح کلمات

بَائِقَةٌ: مصیبت۔

⇐ چنانچہ امام بلاذری کی مشہور کتاب انساب الاشراف میں یہی واقعہ ان الفاظ میں آیا ہوا ہے:

فتلقته فاطمة على الباب فقالت فاطمة: يا ابن الخطاب اتراك محرقا على بابي؟ قال: نعم	اے ابن خطاب! کیا تو میرا دروازہ جلانے والا ہے؟ کہا: ہاں۔

تاریخ یعقوبی میں یہ واقعہ ان لفظوں میں بیان ہوا ہے:

فاتوا جماعة هجموا على الدار ... وكسر سيفه..اى سيف على ودخلوا الدار (تاریخ یعقوبی ج۲ص۱۲۶)	ایک جماعت نے گھر پر حملہ کیا اور حضرت علیؑ کی تلوار توڑ دی۔ پھر گھر میں داخل ہوگئی۔

امام ابوبکر جوہری اپنی بیش بہا تصنیف ''السقیفة وفدک'' میں یوں رقم طراز ہیں:

وخرجت فاطمة تبكي وتصيح فنهنهت من الناس (السقیفہ وفدک صفحہ ۸۸ طبع مکتبہ الجدید نینوی۔ شرح ابن ابی الحدید ج۱ص۱۳۴ طبع مصر)	حضرت فاطمہؑ گھر سے روتی ہوئی اور فریاد کرتی ہوئی نکلیں اس کے بعد آپ نے لوگوں سے دوری اختیار کی۔

حضرت ابوبکر نے اپنی وفات سے تھوڑا پہلے اس سانحہ پر اظہار ندامت کیا تھا خود ان کے الفاظ یہ ہیں:

وددت انى لم اكشف بيت فاطمة عن شئى وان كانوا قد اغلقوه على الحرب (تاریخ الطبری ج ۴ ص ۲۱۹، طبع مصر، تاریخ الاسلام للذہبی ج ۲ صفحہ ۲۰ طبع قاہرہ، کنز العمال ج ۳ صفحہ ۱۳۵ طبع دکن)	کاش کہ میں نے فاطمہ کے گھر پر حملہ نہ کیا ہوتا اگرچہ وہ جنگ کے لئے ہی جمع ہو گئے ہوتے۔

۸۱۔ یہ جملے حرم رسول کی اہانت سے متعلق ہیں۔

أَعْلَنَ بِهَا كِتَابُ اللّٰهِ جَلَّ ثَنَاؤُهُ فِي أَفْنِيَتِكُمْ هِتَافًا وَصُرَاخًا وَتِلَاوَةً وَإِلْحَانًا وَلَقَبْلَهُ مَا حَلَّ بِأَنْبِيَاءِ اللّٰهِ وَرُسُلِهِ، حُكْمٌ فَصْلٌ وَقَضَاءٌ حَتْمٌ

اللہ کی کتاب نے تو اس کا پہلے اعلان کر دیا ہے (۸۲) جسے تم اپنے گھروں میں بلند اور دھیمی آواز میں خوش الحانی کے ساتھ تلاوت کرتے ہو ایسا اعلان جس سے سابقہ انبیا و رُسل کو دوچار ہونا پڑا ہے جو ایک حتمی فیصلہ اور قطعی حکم ہے (۸۳) (وہ اعلان یہ ہے)

تشریح کلمات

أَفْنِيَتِكُمْ: جمع فناء المنزل۔ گھر کے آس پاس۔

۸۲۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات حسرت آیات کے بعد لوگوں کے الٹے پاؤں پھر جانے سے متعلق قرآن مجید کی پیش گوئی کی طرف اشارہ ہے۔

۸۳۔ یعنی یہ ایک حتمی اور قطعی واقعہ ہے کہ ہر امت اپنے رسول کی وفات کے بعد الٹے پاؤں پھر گئی جیسا کہ سورۂ مریم میں انبیاء کرام علیہم السلام کے ذکر کے بعد فرمایا:

اولئك الذين انعم الله عليهم من النبيين من ذرية آدم وممن حملنا مع نوح ومن ذرية ابراهيم و اسرائيل و ممن هدينا و اجتبينا اذا تتلى عليهم آيات الرحمن خروا سجدا و بكيا ۞ فخلف من بعدهم خلف اضاعوا الصلوة و اتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيا ۞ (سورۂ مریم آیت ۵۸۔۵۹)

یہ وہ انبیاء ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایا۔ اولاد آدم میں سے اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں اٹھایا۔ اور ابراہیم و اسرائیل کی اولاد میں سے۔ اور ان لوگوں میں سے جنہیں ہم نے ہدایت دی اور برگزیدہ کیا، جب ان پر رحمٰن کی آیتوں کی تلاوت کی جاتی ہے تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے ہیں۔ پھر ان کے بعد ایسے ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات کی پیروی کی پس وہ عنقریب ہلاکت سے دوچار ہوں گے۔

مندرجہ بالا آیت میں تمام انبیاء علیہم السلام کا اجمالی ذکر آیا ہے۔ چونکہ انبیاء علیہم السلام تین سلسلوں میں آئے ہیں۔ حضرت آدمؑ۔ حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ۔ ان کے ساتھ دیگر برگزیدہ ہستیوں کا بھی ذکر آیا ہے

کے لئے مبلغ بھی تم ہو"۔

اور انصار کے بارے میں فرمایا:

"تم ملت کے بازو ہو اسلام کے نگہبان ہو۔ خیر و صلاح میں تم معروف ہو جنگیں تم نے لڑی ہیں"

لیکن افسوس جناب سیدہ آج مہاجرین و انصار دونوں سے نالاں ہیں۔ یہاں آپ کو عہد رسولؐ اور بعد از رسولؐ زماں ایک نمایاں فرق نظر آئے گا جو مہاجرین و انصار زمانہ رسولؐ میں ان اوصاف کے ساتھ متصف تھے مگر آج پیغمبر کی لخت جگر جناب سیدۃ نساء العالمین ان سے ناراض ہیں۔ دراصل مسئلہ "بعدی" کا ہے۔

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے متعدد احادیث میں آیا ہے کہ آپ نے بعض صحابہ سے خطاب کر کے فرمایا: ما تحدثون بعدی میرے بعد کیا کچھ محدثات پیدا کرنے والے ہو۔ حضرت رسول اللہؐ سے کہا جائے گا لا تدری ما احدثوا بعدک۔ آپ کو معلوم نہیں انہوں نے آپ کے بعد کیا کیا حادثے ایجاد کئے۔ چنانچہ حدیث حوض میں موجود ہے کہ قیامت کے دن حوض کوثر سے بعض لوگوں کو دور کیا جائے گا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے یہ تو میرے اصحاب ہیں! اللہ تعالیٰ کی طرف سے ندا آئے گی: لا تدری ما احدثوا بعدک آپ کو کیا معلوم انہوں نے آپ کے بعد کیا کچھ کیا ہے۔(۱) صحیح بخاری باب الحوض ج ص ۹۷۵ طبع میرٹھ، صحیح مسلم ج ۲ صفحہ ۲۴۹ طبع نول کشور، سنن ترمذی ابواب القیامۃ ج ۲ ص ۳۰۶ طبع دیوبند، سنن ابن ماجہ ص ۱۲۱ طبع دہلی

امام مالک نے موطا میں ایک حدیث نقل کی ہے جس میں خطاب کر کے صراحت کے ساتھ یہی مطلب بیان فرمایا ہے:

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لشہداء احد: ھولاء اشھد علیھم فقال ابوبکر الصدیق السنا یا رسول اللہ اخوانھم اسلمنا کما اسلموا وجاھدنا کما جاھدوا فقال رسول اللہ: بلی، ولکن لا ادری ما تحدثون بعدی فبکی ابوبکر ثم قال انا لکائنون بعدک.
(مؤطا امام مالک کتاب الجہاد ص ۲۸۵ طبع مکتبہ رحیمیہ دیوبند)

حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہداء احد کے بارے میں فرمایا: ان لوگوں کے متعلق میں گواہی دوں گا (کہ ان کا ایمان صحیح تھا) ابوبکر صدیق نے کہا: یا رسول اللہ کیا ہم ان کے بھائی نہیں ہیں؟ ہم بھی اسلام لے آئے ہیں جس طرح یہ اسلام لائے ہیں اور ہم نے بھی جہاد کیا ہے جس طرح انہوں نے جہاد کیا۔ رسول اللہؐ نے فرمایا: ہاں!۔ لیکن مجھے کیا معلوم تم میرے بعد کیا کچھ کرو گے۔ اس پر ابوبکر رو پڑے اور کہا: کیا ہم آپ کے بعد زندہ رہ جائیں گے۔"

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ	اور محمدؐ تو بس رسول ہیں ان سے پہلے
مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ	اور بھی رسول گذر چکے ہیں بھلا اگر یہ
اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ	وفات پا جائیں یا قتل کر دیے جائیں تو
عَلٰۤی اَعْقَابِكُمْ وَمَنْ	کیا تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ جو
يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ	الٹے پاؤں پھر جائے گا وہ اللہ کو کوئی
يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا	نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اللہ شکر
وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ)	گزاروں کو عنقریب جزا دے گا۔(۸۳)

⇐ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام نازل فرمایا ہے اس جامع ذکر کے بعد یوں استثناء فرما دیا کہ ان کے بعد ناخلف لوگ ان کے جانشین ہوئے۔

۸۳۔ اِنْقَلَبَ منقلب ہونا الٹے پاؤں پھر جانا کے معنوں میں آتا ہے جس سے مرتد ہونا بھی مراد لیا جاتا ہے جیسا کہ تحویل قبلہ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب	تاکہ پہچان لے کہ رسول کے اتباع کرنے
علی عقبیہ (سورۃ بقرہ آیت ۱۴۳)	والے کون ہیں اور مرتد ہونے والے کون ہیں۔

دوسری جگہ فرمایا:

یا ایھا الذین امنوا ان تطیعوا الذین	اے ایمان والو ! اگر تم نے کافروں کی
کفروا یردوکم علی اعقابکم	اطاعت کی تو وہ تم کو الٹا پھیر دیں گے (مرتد
(سورۃ آل عمران آیت ۱۴۹)	بنا دیں گے)

شیخ رشید رضا مصری نے اس آیہ مجیدہ کے ذیل میں حافظ ابن قیم الجوزیہ کے حوالے سے تحریر کیا ہے کہ: یہ آیت رسول اللہؐ کی وفات سے پہلے تمہیداً نازل ہوئی ہے اور اس آیت کے ذریعہ جن لوگوں کی تنبیہ کی گئی تھی وہ وفات رسولؐ کے موقع پر ظاہر ہوا چنانچہ جس نے مرتد ہونا تھا وہ الٹے پاؤں پھر کر مرتد ہو گیا اور سچے لوگ اپنے دین پر قائم رہے۔ (تفسیر المنار ج ۴ ص ۱۴۰ طبع مصر)

بعض کا الٹے پاؤں پھر جانا

حضرت زہراء سلام اللہ علیہا نے خطبے میں مہاجرین کے بارے میں فرمایا کہ "تم اللہ تعالیٰ کے بندے ہو اس کے امر و نہی میں مخاطب تم ہو اور اللہ کے دین اور وحی کے تم ذمے دار ہو تم اپنے نفسوں پر امین ہو۔ دیگر اقوام

اَیُّهَا بَنِي قَیْلَةَ أَاُهْضَمُ تُرَاثَ أَبِي ؟	تم سے بعید تھا اے قیلہ کے فرزندو (۸۵)
	(کہ) میرے باپ کی میراث مجھ سے
وَأَنْتُمْ بِمَرَائٍ مِنِّي وَمَسْمَعٍ	چھنی جائے اور تم سامنے کھڑے دیکھ
	رہے ہو، میری آنکھوں کے سامنے
وَمُنْتَدًى وَمَجْمَعٍ ،	بھرے مجمعوں اور محفلوں کے سامنے
	میری دعوت تم تک پہنچ چکی ہے
تَلْبَسُكُمُ الدَّعْوَةُ وَتَشْمَلُكُمُ الْخَبْرَةُ	میرے حالات سے تم آگاہ ہو

تشریح کلمات

أَیُّهَا ، اسم فعل بمعنی ھیہات دور ہونا۔ مُنْتَدیٰ : محفل۔

علامہ جلال الدین سیوطی درج بالا حدیث کی تشریح میں لکھتے ہیں:

"ھؤلاء اشھد علیھم" ای اشھد لھم بالایمان الصحیح والسلامۃ من الذنوب الموبقات ومن التبدیل و التغییر و المنافسۃ و نحو ذلک.

نبی اکرم نے جو فرمایا میں ان شہداء کے متعلق گواہی دوں گا یعنی: ان کا ایمان صحیح تھا اور بڑے مہلک گناہوں سے محفوظ تھے اور کسی تبدیلی وتغیر اور دنیا کے لالچ سے بھی محفوظ تھے۔

(تنویر الحوالک شرح موطا امام مالک ج۲ صفحہ ۳ طبع قاہرہ)

علامہ ابوبکر سمہودی نے بھی اس واقعہ کو بعنوان شھادۃ الرسول لشھداء احد کے ذیل میں لکھا ہے:

ثم وقف رسول اللّٰہ موقفاً آخر فقال ھؤلاء اصحابی الذین اشھدلھم یوم القیٰمۃ فقال ابو بکر: فما نحن باصحابك فقال بلی ولکن لا ادری کیف تکونون بعدی انھم خرجوا من الدنیا خماصاً

پھر رسول اللہ دوسری جگہ (لاشوں کے پاس) کھڑے ہوئے اور فرمایا یہ میرے وہ اصحاب ہیں جن کے بارے میں قیامت کے دن گواہی دوں گا۔ پس ابوبکر نے کہا: کیا ہم آپ کے اصحاب نہیں ہیں؟ حضورؐ نے فرمایا: ہاں! لیکن میں نہیں جانتا میرے بعد تمہارا کردار کیسے ہو گا۔ یہ لوگ دنیا سے خالی شکم گئے ہیں۔

(وفاء الوفاء ج ۳ صفحہ ۹۳۱ طبع بیروت)

۸۵۔ قیلۃ : قبیلہ اوس اور خزرج کا سلسلہ نسب جس نامدار خاتون تک پہنچتا ہے اس کا نام قیلہ تھا۔

وَاَنْتُمْ ذَوُو الْعَدَدِ وَالْعُدَّةِ وَالْاَدَاةِ	اور تم تعداد و استعداد سامان حرب اور
وَالْقُوَّةِ وَعِنْدَكُمُ السِّلَاحُ وَالْجُنَّةُ	قوت میں کمزور نہیں ہو، تمہارے پاس کافی اسلحہ اور دفاعی سامان موجود ہے
تُوَافِيكُمُ الدَّعْوَةُ فَلَا تُجِيبُوْنَ	میری پکار تم تک پہنچ رہی ہے اور چپ سادھے ہوئے ہو
وَتَاْتِيكُمُ الصَّرْخَةُ فَلَا تُغِيثُوْنَ	میری فریاد تم سن رہے ہو اور فریاد رسی نہیں کرتے ہو حالانکہ بہادری میں
وَاَنْتُمْ مَوْصُوْفُوْنَ بِالْكِفَاحِ ،	تمہاری شہرت ہے
مَعْرُوْفُوْنَ بِالْخَيْرِ وَالصَّلَاحِ ،	اور خیر و صلاح میں تم معروف ہو
وَالنُّخْبَةُ الَّتِيْ انْتُخِبَتْ وَالْخِيَرَةُ الَّتِيْ	تم وہ برگزیدہ لوگ ہو جو ہم اہل البیت کے لئے پسندیدہ
اخْتِيْرَتْ لَنَا اَهْلَ الْبَيْتِ ،	لوگوں میں شمار ہوتے ہو۔
قَاتَلْتُمُ الْعَرَبَ وَتَحَمَّلْتُمُ الْكَدَّ وَالتَّعَبَ	عربوں کے خلاف جنگ تم نے لڑی اذیت اور سختیاں تم نے برداشت کیں
وَنَاطَحْتُمُ الْاُمَمَ وَكَافَحْتُمُ الْبُهَمَ ،	دیگر اقوام کے ساتھ نبرد آزما تم ہوئے جنگجوؤں کا مقابلہ تم نے کیا (۸۶)

تشریح کلمات

اَلْجُنَّةُ: ڈھال۔ کِفَاح: ڈھال اور زرہ کے بغیر لڑنا۔

اَلنُّخْبَةُ: چیدہ لوگ۔

نَاطَحْتُمْ: ایک دوسرے کو سینگ مارا۔

۸۶۔ زرارہ حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا:
فرزندان قیلہ (انصار) کے اسلام قبول کرنے کے بعد ہی تلواریں اٹھائی جا سکیں اور نماز اور جنگ میں صفیں باندھی گئیں اور علنا اذان دی گئی اور یا ایہا الذین امنوا پر مشتمل آیتیں نازل ہونا شروع ہوگئی۔ (ملاحظہ فرمائیں بحار الانوار ج ۲۲ صفحہ ۳۱۲ طبع بیروت)

لَا نَبْرَحُ أَوْ تَبْرَحُونَ نَأْمُرُكُمْ فَتَأْتَمِرُونَ	تم ہمیشہ ہمارے ساتھ اور ہم تمہارے ساتھ رہے اور تم نے ہمارے احکام کی تعمیل کی
حَتَّىٰ إِذَا دَارَتْ بِنَا رَحَى الْإِسْلَامِ	یہاں تک جب ہمارے ذریعے اسلام اپنے محور میں گھومنے لگا
وَدَرَّ حَلَبُ الْأَيَّامِ	اور اس کی برکتیں فراواں ہوگئیں۔
وَخَضَعَتْ نَعْرَةُ الشِّرْكِ وَسَكَنَتْ	شرک کا نعرہ دب گیا
فَوْرَةُ الْإِفْكِ	جھوٹ کا زور ٹوٹا
وَخَمِدَتْ نِيرَانُ الْكُفْرِ وَهَدَأَتْ	کفر کی آگ بجھی
دَعْوَةُ الْهَرْجِ ،	فتنے کی آواز دب گئی
وَاسْتَوْسَقَ نِظَامُ الدِّينِ	اور دین کا نظام مستحکم ہو گیا
فَأَنَّىٰ حِرْتُمْ بَعْدَ الْبَيَانِ وَأَسْرَرْتُمْ	تو اب حقیقت واضح ہونے کے بعد متحیر کیوں ہو
بَعْدَ الْإِعْلَانِ	(حقیقت) آشکار ہونے کے بعد پردہ کیوں ڈالتے ہو
وَنَكَصْتُمْ بَعْدَ الْإِقْدَامِ وَأَشْرَكْتُمْ	پیش قدمی کے بعد پیچھے کیوں ہٹ رہے ہو
بَعْدَ الْإِيمَانِ ؟	ایمان کے بعد شرک کے مرتکب کیوں ہو رہے ہو؟

تشریح کلمات

رَحَى: چکی۔
دَرَّ: فراواں ہونا۔
حَلَبُ: دودھ دوہنا۔
اَلنَّعْرَةُ: تکبر۔ ناک کا اندرونی حصہ۔
فَوْرَةُ: پھوٹنا۔ جوش مارنا۔
اَلْإِفْكُ: جھوٹ۔
خَمِدَتْ: خاموش ہوگئی۔
هَدَأَتْ: ساکن ہونا۔ ٹھہرنا۔
اِسْتَوْسَقَ: نظم حاصل ہوا۔

أَلَا تُقَاتِلُونَ قَوْمًا نَكَثُوا	کیا تم ایسے لوگوں سے نہیں لڑو گے جو
أَيْمَانَهُمْ مِنْ بَعْدِ عَهْدِهِمْ	اپنی قسمیں توڑتے ہیں
وَهَمُّوا بِإِخْرَاجِ الرَّسُولِ	اور جنہوں نے رسول کو نکالنے کا ارادہ کیا تھا؟
وَهُمْ بَدَءُوكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ	انہی لوگوں نے تم سے زیادتی میں پہل کی
أَتَخْشَوْنَهُمْ فَاللَّهُ أَحَقُّ أَنْ تَخْشَوْهُ	کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟
إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ)	اگر تم مؤمن ہو تو اللہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو۔(۸۷)
أَلَا وَقَدْ أَرَى أَنْ قَدْ أَخْلَدْتُمْ	اچھا۔ میں دیکھ رہی ہوں کہ تم راحت طلب ہو گئے ہو
إِلَى الْخَفْضِ	
وَأَبْعَدْتُمْ مَنْ هُوَ أَحَقُّ بِالْبَسْطِ وَالْقَبْضِ	اور جو شخص امور مملکت چلانے کا زیادہ حقدار تھا اسے تم نے نظر انداز کر دیا،
وَخَلَوْتُمْ بِالدَّعَةِ وَنَجَوْتُمْ	تم نے اپنے لیے کنج عافیت تلاش کر لیا
مِنَ الضِّيقِ بِالسَّعَةِ	اور تنگ دستی سے نکل کر تونگری حاصل کر لی (۸۸)

تشریح کلمات

نَكَثُوا: نکث عہد توڑنا۔

اَلْخَفْضِ: آسائش زندگی۔

الدِّعَةِ: راحت کی زندگی۔

السِّعَةِ: تونگری۔

۸۷۔ سورۂ توبہ آیت ۱۳۔

۸۸۔ اسلامی تاریخ میں کچھ حضرات کی دولت اور متروکات کا ذکر آیا ہے سب کو بیان کرنے کی یہاں گنجائش نہیں ہے البتہ صرف ایک اشارہ کیا جاتا ہے کہ ایک انصاری (حضرت زید بن ثابتؓ اور عبدالرحمٰن بن عوف وغیرہ) نے ترکہ میں جو سونا چھوڑا تھا اس کو کلہاڑے سے کاٹ کر وارثوں میں تقسیم کیا گیا۔

تَمَجَجْتُمُوْ مَا وَعَيْتُمْ وَدَسَعْتُمُ الَّذِی	تم نے ایمان کی جو باتیں یاد کی تھیں انہیں ہوا میں بکھیر دیا اور جس طعام کو
تَسَوَّغْتُمْ (فَإِنْ تَكْفُرُوا أَنْتُمْ وَمَنْ	گوارا سمجھ کر نگل لیا تھا اسے نکال پھینکا۔(۸۹)
فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا فَإِنَّ اللهَ لَغَنِيٌّ حَمِيدٌ)	اگر تم اور زمین میں بسنے والے سب کفرانِ نعمت کریں تو بھی اللہ بے نیاز اور لائقِ حمد ہے
أَلَا وَقَدْ قُلْتُ مَا قُلْتُ عَلَى مَعْرِفَةٍ مِنِّي	جو کچھ میں نے کہا وہ اس علم کی بنیاد پر کہا جو مجھے حاصل تھا
بِالْخَذْلَةِ الَّتِي خَامَرَتْكُمْ	اس بے وفائی پر جو تمہارے اندر رچ بس گئی ہے۔
وَالْغَدْرَةِ الَّتِي اسْتَشْعَرَتْهَا قُلُوبُكُمْ	اس عہد شکنی پر جسے تمہارے دلوں نے اپنا شعار بنا لیا ہے۔
وَلَكِنَّهَا فَيْضَةُ النَّفْسِ وَنَفْثَةُ الْغَيْظِ	میری یہ گفتگو سوزشِ جان تھی جو جوش میں آ گئی۔

تشریح کلمات

مَجَجْتُمْ: المج۔ نکال پھینکنا۔
وَعَيْتُمْ: الوعی حفظ کرنا۔
دَسَعْتُمْ: الدسع: منہ بھر کے قے کرنا۔
تَسَوَّغْتُمْ، ساغ: آسانی سے گلے سے اتارنا۔
خَامَرَتْكُمْ: خامر کسی چیز کا اندر تک اترنا۔
الْخَذْلَةِ: الخذلان: مدد چھوڑنا۔
نَفْثَةُ : نفث: جوش کے ساتھ خارج ہونا۔

۸۹۔ یعنی جس طرح طعام انسانی بدن کا جزو بن کر جسم میں زندگی کو برقرار رکھنے میں مدد دیتا ہے اسی طرح اسلامی تعلیمات کو بھی اپنا کر انسان اپنے لیے ارتقاء و افتخار حاصل کر سکتا ہے۔ لیکن اگر طعام کھانے کے بعد جزو بدن بننے سے پہلے قے کیا جائے تو ایسے طعام کے کھانے کا کوئی نتیجہ نہیں نکلتا۔ اس طرح اسلام کی جن تعلیمات کو تم نے حاصل کیا تھا اس پر عمل نہ کرنے سے وہ جزو ایمان نہ بن سکے۔

وَخَوَرُ الْقَنَاةِ وَبَثَّةُ الصَّدْرِ	اور غم و غصہ کی آگ تھی جو بھڑک اٹھی اعضاء و جوارح کا ساتھ چھوڑ دینے کی نقاہت تھی۔
وَتَقْدِمَةُ الْحُجَّةِ۔	سینے کا درد و الم تھا اور حجت تمام کرنا چاہتی تھی
فَدُونَكُمُوهَا فَاحْتَقِبُوهَا	اقتدار کے اونٹ کو سنبھالو اس پر پالان کس لو
دَبِرَةَ الظَّهْرِ، نَقِبَةَ الْخُفِّ، بَاقِيَةَ الْعَارِ،	مگر یاد رکھو کہ اس کی پیٹھ مجروح اور پاؤں کمزور ہیں۔ دائمی عار و ننگ اس کے ساتھ ہے۔(۹۰)
مَوْسُومَةً بِغَضَبِ الْجَبَّارِ وَشَنَارِ الْأَبَدِ،	اور یہ اللہ تعالیٰ کے غضب کی نشانی ہو گی اور ساتھ ابدی عار و ننگ ہو گا۔
مَوْصُولَةً بِنَارِ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةِ الَّتِيْ	یہ اس آتش سے وابستہ ہے جو اللہ نے بھڑکائی ہے جس کی تپش دلوں تک پہنچتی ہے۔
تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْئِدَةِ،	

تشریح کلمات

خَوَرُ: کمزور ہونا ٹوٹنا۔ الْقَنَاةِ: نیزہ۔

فَاحْتَقِبُوهَا: احقبہ: پیچھے سوار کرنا۔ کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔

دَبِرَةَ: اونٹ کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ نَقِبَةَ: اونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا۔

شَنَارِ: عار۔ بے عزتی۔ الْمُوْقَدَةِ: بھڑکی ہوئی آگ۔

الْأَفْئِدَةِ: فواد کی جمع دل۔

۹۰۔ یعنی: اس کی پیٹھ مجروح ہے اس پر سوار ہونے والا اس زخم کی پیپ سے ملوث ہو سکتا ہے اور پیر کمزور ہے کہ یہ منزل تک نہ پہنچا سکے۔ چنانچہ کتب اہل سنت میں یہ حدیث موجود ہے کہ خلافت تیس سال تک رہے گی اس کے بعد کاٹنے والی ملوکیت ہو گی۔

فَبِعَيْنِ اللهِ مَا تَفْعَلُونَ

تمہارا یہ سلوک اللہ کے سامنے ہے

(وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَيَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ)

ظالموں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام کو پلٹ کر جائیں گے

وَأَنَا ابْنَةُ نَذِيرٍ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ

اور میں اس کی بیٹی ہوں جو تمہیں شدید عذاب کی آمد سے پہلے تنبیہ کرنے والا ہے۔

فَاعْمَلُوا إِنَّا عَامِلُونَ

تم نے جو کرنا ہے وہ کر لو ہم بھی اپنا عمل انجام دیں گے

وَانْتَظِرُوا إِنَّا مُنْتَظِرُونَ.

تم بھی انتظار کرو، ہم بھی انتظار کریں گے۔

خواتین سے خطاب

کیف اصبحت من علتك يا ابنة رسول الله حمدت الله وصلت على ابيها فهم قالت:

اے دختر رسولؐ! آپ کی علالت کا کیا حال ہے؟ حمد خدا اور اپنے پدر بزرگوار پر درود بھیجے کے بعد فرمایا:

اَصْبَحْتُ وَاللّٰهِ عَائِفَةً لِدُنْيَاكُنَّ

قَالِيَةً لِرِجَالِكُنَّ،

لَفَظْتُهُمْ بَعْدَ اَنْ عَجَمْتُهُمْ

وَشَنِئْتُهُمْ بَعْدَ اَنْ سَبَرْتُهُمْ،

میں نے اس حال میں صبح کی کہ تمہاری اس دنیا سے بیزار ہوں

اور تمہارے مردوں سے متنفر ہوں

جانچنے کے بعد میں نے انہیں دھتکار دیا امتحان کے بعد مجھے ان سے نفرت ہو گئی

تشریح کلمات

قَالِيَةً: عداوت دشمنی۔

لَفَظْتُهُمْ: لفظ دور پھینکا۔

عَجَمْتُهُمْ: عجم الشیء کسی چیز کا امتحان کرنا۔

شَنِئْتُ: میں نے دشمنی کی۔

سَبَرْتُ: میں نے تجربہ کیا۔

فَقُبْحًا لِفُلُولِ الْحَدِّ وَاللَّعِبِ بَعْدَ الْجِدِّ	کس قدر زشت ہے دھاروں کی کندکاری (۹۱) اور کتنی بری لگتی ہے سنجیدگی کے بعد بازی گری، (۹۲)
وَقَرْعِ الصَّفَاةِ وَصَدْعِ الْقَنَاةِ	اور بے سود سنگ کوبی، اور نیزوں کی شکستگی، (۹۳)
وَخَطَلِ الْآرَاءِ وَزَلَلِ الْأَهْوَاءِ؛	اور کتنا قبیح ہے نظریات کا انحراف اور کتنی بری ہیں خواہشات کی لغزشیں،
وَلَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ	اور انہوں نے اپنے لئے جو کچھ آگے بھیجا ہے وہ نہایت برا ہے جس سے
لَهُمْ أَنْفُسُهُمْ أَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ	اللہ ان سے ناراض ہوا اور وہ ہمیشہ
وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ۔	عذاب میں رہیں گے۔ (۹۴)

تشریح کلمات

فُلُوْل: الفل تلوار کی دھار میں ٹوٹ یا دندانہ۔

اَلْحَدّ: دھار۔ القرع کھٹکھٹانا۔

اَلصَّفَاۃِ: جمع صفا: پتھر۔

صَدْع: شگاف۔

خَطَل: غلطی کرنا۔

۹۱۔ تلوار بنائی جاتی ہے کاٹنے کے لیے اگر اس میں کندی آجائے اور کاٹنے کا کام نہ کر سکے تو کتنی بری بات ہے اسی طرح حق کا ساتھ دینے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمہاری تربیت کی تھی آج حق کو چھوڑنا کتنی بری بات ہے۔

۹۲۔ تم ایک زمانے میں پوری سنجیدگی سے حق کا دفاع کیا کرتے تھے آج غیر سنجیدہ ہو گئے۔ اگر تم حق کے معاملات میں شروع سے غیر سنجیدہ ہوتے تو مقام تعجب نہ تھا۔ سنجیدگی کے بعد یہ انقلاب باعث تعجب ہے۔

۹۳۔ مضبوط چٹان پر تلوار مارنے کی طرح غیر مؤثر اقدام کرتے ہو۔

۹۴۔ یعنی تم شکستہ نیزوں کی طرح کارآمد نہیں رہے ہو۔

لَاجَرَمَ لَقَدْ قَلَّدْتُهُمْ رِبْقَتَهَا	اب ناچار میں نے (فدک کی) رسی انہی کی گردن میں ڈال دی (۹۵)
وَحَمَّلْتُهُمْ اَوْقَتَهَا وَشَنَنْتُ عَلَيْهِمْ	اور اس کا بوجھ بھی انہی کی پشت پر لاد دیا اور انہیں اس کے حملوں کی زد میں قرار
غَارَاتِهَا،	دے دیا (۹۶)
فَجَدْعًا وَعَقْرًا وَبُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ.	کٹ جائیں ان کی سواری کی ناک اور کوچیں دور ہو رحمت سے یہ ظالم قوم۔
وَيْحَهُمْ اَنّٰى زَعْزَعُوْهَا عَنْ	افسوس ہو ان پر، یہ لوگ (خلافت کو) کس طرف ہٹا کر لے گئے
رَوَاسِي الرِّسَالَةِ وَقَوَاعِدِ النُّبُوَّةِ	رسالت کی محکم اساس سے، (۹۷) نبوت و قیادت کی مضبوط بنیادوں سے،
وَالدَّلَالَةِ وَمَهْبِطِ الرُّوْحِ الْاَمِيْنِ	نزول جبرائیل کے مقام سے،
وَالطَّبِيْنِ بِاُمُوْرِ الدُّنْيَا وَالدِّيْنِ؟	دین و دنیا کے امور کی عقدہ کشائی کے لئے لائق ترین ہستی سے،
اَلَا ذٰلِكَ هُوَالْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ!	آگاہ رہو یہ ایک واضح نقصان ہے۔

تشریح کلمات

قَلَّدْتُ: قلد گردن میں لٹکانا۔ رِبْقَةٌ: رسی میں پڑا ہوا پھندہ۔ اَوْقَتَهَا: اوق، بوجھ۔

شَنَنْتُ: شن الغارۃ چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔ جَدْعٌ: ناک یا ہونٹ کاٹنا۔ عقراً: کوچیں کاٹنا۔

زَعْزَعَ: زور سے ہلانا۔ رَوَاسِي: مضبوط پہاڑ۔ اَلطَّبِيْنَ: لائق ترین۔

۹۵۔ فدک یا خلافت کی رسی کو لوگوں کی گردن میں ڈالنے کا مطلب یہ ہے کہ اب اس کی پوری ذمہ داری ان لوگوں پر عائد ہوگئی ہے۔ اب اس سے برآمد ہونے والے نتائج کے وہ خود جوابدہ ہوں گے۔

۹۶۔ خلافت کو جس سلسلہ میں رکھا گیا ہے اس کے نتیجہ میں امتِ اسلامیہ میں ہونے والی قتل و غارت گری کی ذمہ داری کی زد میں خود یہ لوگ بھی آئیں گے۔

۹۷۔ خلافت چونکہ پیغمبر کی جانشینی کا نام ہے لہٰذا خلافت رسالت کا ہی تسلسل ہے اور خلافت کی اساس نبوت ⇐

وَمَا الَّذِيْ نَقَمُوْا مِنْ اَبِي الْحَسَنِ ؟	ابو الحسن سے ان کو کس بات کا انتقام لینا تھا ؟ ۔(۹۸)
نَقَمُوْا مِنْهُ وَاللّٰهِ نَكِيْرَ سَيْفِهٖ وَقِلَّةَ	قسم بخدا انہوں انتقام لیا ان کی باطل شکن تلوار کا، (۹۹) اور راہِ خدا میں اپنی
مُبَالَاتِهٖ لِحَتْفِهٖ وَشِدَّةَ وَطْأَتِهٖ	جان سے بے پرواہی کا، (۱۰۰) اور ان کی شدید استقامت کا،
وَنَكَالَ وَقْعَتِهٖ وَتَنَمُّرَهٗ فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ۔	اور دشمن پر ان کی کاری ضرب کا، اور راہِ خدا میں ان کی شجاعت کا، (۱۰۱)

تشریح کلمات

نَقَمُوا ۔ نَقَمَ: بدلہ لیا۔ نَكِيْر: دگرگونی، امر نکیر، سخت کام۔ حَتْف: موت۔ وَطْأَة: استقامت کی جگہ، قدم کی جگہ۔ نَكَال: عبرتناک سزا۔ وَقْعَتِهٖ: الوقع: ضرب۔ تَنَمُّر: شجاعت میں چیتے کی طرح ہونا۔

⇐ اور اسلامی قیادت ہے اور اسلامی قیادت اور نبوت مقام نزول وحی سے ہے۔ اس لیے خلافت کا ربط نزول وحی یعنی نصِ صریح سے ہوتا ہے۔

۹۸۔ طرز کلام اس آیت کی طرح ہے کہ جس میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وما نقموا منهم الا ان يؤمنوا بالله العزيز الحميد (سورہ بروج آیت ۸)	ان لوگوں نے اہل ایمان سے صرف اس بات کا انتقام لیا کہ وہ اللہ پر ایمان لائے تھے جو غالب آنے والا قابل ستائش ہے۔

۹۹۔ حضرت علی المرتضیٰ کی باطل شکن تلوار کی خدمات کا صلہ جب اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ دیتے ہیں تو ایک ضربت جن وانس کی عبادت سے افضل قرار پاتی ہے۔ مگر افسوس اس امر پر ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد ان کو یہ صلہ ملا کہ ان کے گھر پر حملہ کرنے سے بھی دریغ نہ کیا گیا آگ اور لکڑیاں لے کر اس مقدس گھر کو جلانے کے درپے ہوگئے

۱۰۰ چنانچہ خود حضرت علیؑ فرماتے تھے:۔

والله لابن ابی طالب انس بالموت من الطفل بثدی امه	قسم بخدا! ابو طالب کا بیٹا موت سے ایسا مانوس ہے جیسا بچہ اپنی ماں کی چھاتی سے مانوس ہوتا ہے۔

۱۰۱۔ حضرت علی علیہ السلام کی اپنی زبانی سنیے:⇐

وَتَاللّٰهِ لَوْمَالُوْاعَنِ الْمَحَجَّةِ اللَّائِحَةِ	قسم بخدا اگر لوگ راہ راست سے منحرف ہو جاتے
وَزَالُوْعَنْ قَبُوْلِ الْحُجَّةِ الْوَاضِحَةِ	اور اللہ کی واضح حجت کو قبول کرنے سے منہ پھیر لیتے
لَرَدَّهُمْ اِلَيْهَا وَحَمَلَهُمْ عَلَيْهَا	تو (ابو الحسن) انہیں پھر سے راہ حق پر لے آتے
	اور انہیں راہِ راست پر چلا لیتے
وَلَسَارَبِهِمْ سَيْرًا	اور انہیں سبک رفتاری کیساتھ (سوئے منزل) لے جاتے،
سُجُحًا لَايَكْلِمُ خِشَاشُهُ وَلَايَكِلُّ	نہ سواری کی نکیل ٹوٹتی، نہ مسافر کو تھکن محسوس ہوتی
سَائِرُهُ وَلَايَمَلُّ رَاكِبُهُ،	اور نہ سوار ہونے والے کو خستگی کا احساس ہوتا،

تشریح کلمات

اَلْمَحَجَّةِ: راستہ۔ اللَّائِحَةِ: واضح۔ سُجُحًا: سجح خلقه: نرم اخلاق ہونا۔

يَكْلِمُ: الکلم: زخمی کرنا۔ خِشَاشُهُ: اونٹ کی ناک میں ڈالنے کی لکڑی۔ يَكِلُّ: کل: خستہ ہونا۔

⇐ فقمت بالامر حين فشلوا وتطلعت حين تقبعوا ونطقت حين تعتعوا و ومضيت بنور الله حين وقفوا وكنت اخفضهم صوتا واعلاهم فوتاً (نہج البلاغہ خطبہ نمبر ۳۷)	میں نے اس وقت اپنے فرائض انجام دیے جبکہ باقی سب اس راہ میں قدم بڑھانے کی جرأت نہ رکھتے تھے اور اس وقت میں سر اٹھا کر سامنے آیا جبکہ دوسرے سر چھپا کر گوشوں میں چھپے ہوئے تھے اور اس وقت میں نے زبان کھولی جبکہ دوسرے گنگ نظر آتے تھے اور اس وقت میں نور خدا کی روشنی میں آگے بڑھا جبکہ دوسرے زمین گیر ہو چکے تھے، گو میری آواز ان سب سے دھیمی تھی مگر میں سبقت و پیش قدمی میں سب سے آگے تھا۔

وَلَأَوْرَدَهُمْ مَنْهَلاً نَمِيراً صَافِياً رَوِيّاً،	اور ان کو ایسے خوشگوار صاف چشموں کے کنارے پہنچا دیتے جس کے کنارے چھلکتے ہوں
تَطْفَحُ ضَفَّتَاهُ وَلَا يَتَرَنَّقُ جَانِبَاهُ،	جس کی دونوں اطراف صاف ستھری ہوں،
وَلَأَصْدَرَهُمْ بِطَاناً وَنَصَحَ لَهُمْ سِرّاً وَإِعْلَاناً،	پھر انہیں وہاں سے سیراب کر کے واپس کرتے، خلوت و جلوت میں انہیں نصیحتیں کرتے
وَلَمْ يَكُنْ يَتَحَلَّى مِنَ الْغِنَى بِطَائِلٍ	اور اس (بیت المال کی) دولت سے اپنے لیے کوئی استفادہ نہ کرتے
وَلَا يَحْظَى مِنَ الدُّنْيَا بِنَائِلٍ	نہ اس دنیا سے اپنے لیے کوئی فائدہ اٹھاتے،
غَيْرَ رَيِّ النَّاهِلِ وَشُبْعَةِ الْكَافِلِ،	وہ صرف اس فکر میں رہتے کہ کسی پیاسے کی پیاس بجھادیں اور کسی بھوکے کا پیٹ بھر دیں۔ (۱۰۲)

تشریح کلمات

مَنْهَلَ: چشمہ گھاٹ۔
نَمِيرٌ: صاف ستھرا پانی۔
تَطْفَحُ: چھلکنا۔
ضَفَّتَاهُ: الضّفة نہر کا کنارہ۔
يَتَرَنَّقُ: رنق: پانی کا گدلا ہونا۔
بِطَاناً: سیر ہونا۔
طَائِلٍ: مفاد، استفادہ۔
رَيِّ: سیراب۔
النَّاهِلِ: پیاسا۔
الْكَافِلِ: بھوکا۔ بات فلان کافلا: فلاں نے ایسی حالت میں رات گذاری نہ تو دن کو کھانا کھایا نہ رات کا۔

۱۰۲۔ جب مال کی تقسیم میں آپ کے برابری و مساوات کا اصول برتنے پر کچھ لوگ بگڑ اٹھے تو آپ نے لوگوں کو واضح طور پر فرمایا: ﴿

وَلَبَانَ لَهُمُ الزَّاهِدُ مِنَ الرَّاغِبِ وَالصَّادِقُ مِنَ الْكَاذِبِ ،

اور دنیا کو پتہ چل جاتا ہے طمع کون ہے اور لالچی کون ہے سچا کون ہے اور جھوٹا کون ہے۔

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَاتٍ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَكِنْ كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُمْ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ.

اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم آسمان اور زمین کی برکتوں کے دروازے کھول دیتے، لیکن انہوں نے تکذیب کی تو ہم نے ان کے اعمال کے سبب انہیں گرفت میں لیا۔

(اعراف/۹۶) (۱۰۳)

وَالَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ هَؤُلَاءِ سَيُصِيبُهُمْ سَيِّئَاتُ مَا كَسَبُوا وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ.

اور ان میں سے جنہوں نے ظلم کیا ہے عنقریب ان پر بھی ان کے برے اعمال کے وبال پڑنے والے ہیں اور وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے (زمر/۵۱)

أَلَا هَلُمَّ فَاسْتَمِعْ وَمَا عِشْتَ أَرَاكَ الدَّهْرُ عَجَباً !

ذرا ان کی باتیں تو سنو، جتنا جیو گے زمانہ تجھے عجوبے دکھاتا رہے گا۔

⇐ اتأمروني ان اطلب النصر بالجور فيمن وليت عليه والله لااطور به ماسمر سمير وما امّ نجم في السماء نجما لو كان المال لي لسويت بينهم فكيف والمال مال الله.

کیا تم مجھ پر یہ امر عائد کرتے ہو کہ میں جن لوگوں کا حاکم ہوں ان پر ظلم کر کے لوگوں کی مدد حاصل کروں تو خدا کی قسم جب تک دنیا کا قصہ چلتا رہے اور کچھ ستارے دوسرے ستاروں کی طرف جھکتے رہے میں اس چیز کے قریب نہیں پھٹکوں گا۔ اگر یہ خود میرا مال ہوتا تو تب بھی میں اسے سب میں برابر تقسیم کر دیتا چہ جائیکہ یہ مال اللہ کا مال ہے۔

۱۰۳۔ اس آیت کے اقتباس سے جناب بتول عذراءؑ اس بات کی پیشگوئی فرما رہی ہیں کہ ابو الحسن علی ابن ابی طالبؑ کو میدان سے ہٹانے کی وجہ سے امت مسلمہ آئندہ ہلاک کن فسادات سے دوچار ہو گی۔ چنانچہ چشم ⇐

وَاِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ!

لَيْتَ شِعْرِيْ اِلٰى اَيِّ سِنَادٍ اسْتَنَدُوْا

وَعَلٰى اَيِّ عِمَادٍ اعْتَمَدُوْا

وَبِاَيِّ عُرْوَةٍ تَمَسَّكُوْا وَعَلٰى اَيَّةِ ذُرِّيَّةٍ

اَقْدَمُوْا وَاحْتَنَكُوْا؟ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَ

لَبِئْسَ الْعَشِيْرُ وَبِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا۔

اِسْتَبْدَلُوْا وَاللّٰهِ الذُّنَابٰى بِالْقَوَادِمِ

وَالْعَجُزَ بِالْكَاهِلِ،

اگر تجھے تعجب آتا ہے تو تعجب انگیز ہیں
ان کی باتیں، کاش یہ معلوم ہو جاتا کہ
انہوں نے کس دلیل کو سند بنایا ہے
اور کس ستون کا سہارا لیا ہے
اور کس رسی سے متمسک ہوئے ہیں
اور کس ذریت کے خلاف اقدام کیا
اور ان کو زک پہنچائی؟
کتنا برا ہے ان کا سرپرست اور ان
کے رفیق بھی کتنے برے ہیں اور
ظالموں کا بدلہ بھی برا ہوگا۔
ان لوگوں نے اگلے شہپر کی جگہ دم
سے کام لیا اور بازوؤں کی جگہ پچھلے
حصے سے استفادہ کیا، (۱۰۴)

تشریح کلمات

اَحْتَنَكُوْا: احتنک: تباہ کیا۔ اَلذُّنَابٰى: پرندہ کی دم۔ اَلْعَجُزَ: گردن کے نزدیک پیٹھ کا بالائی حصہ۔

جہاں نے بنو امیہ اور بنی عباسیہ کے دور میں امت مسلمہ کو پیش آنے والے ان المیوں کا مشاہدہ کرلیا ہے۔ اور اگر یہ تمام امور حضرت علی المرتضی اور ان کی اولاد کے ہاتھ میں ہوتے اور یہ لوگ ان کو موقع دیتے تو اللہ تعالی آسمان اور زمین کی برکتوں کے دروازے کھول دیتا۔ مگر ان لوگوں نے اہل بیت کو اقتدار سے دور رکھا، یا اقتدار ملنے کی صورت میں حزب مخالف میں رہنے کیلئے آمادہ نہ ہوئے اور امہات المومنین تک کو گھر میں رہنے نہ دیا بلکہ میدان جنگ میں لاکر مسلمانوں کو باہمی خون ریز جنگوں میں مبتلا کر دیا

۱۰۴۔ پرندہ پرواز کے لیے اپنے پروں کا اگلا حصہ استعمال کرتا ہے چونکہ طاقت پرواز اگلے حصے میں ہوتی ہے اور جو پرندہ پرواز کے لیے اپنے شہپر سے محروم ہو اور پھر پرواز کی کوشش کرے تو بلندی پر اٹھنے کی بجائے اس کی ناک زمین کے ساتھ رگڑ جاتی ہے۔

فَرَغْماً لِمَعَاطِس قَوْمٍ يَحْسَبُوْنَ	ان لوگوں کی ناک رگڑی جائے،
اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعاً،	جو یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ٹھیک کر رہے ہیں
اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَ لٰكِنْ لَا يَشْعُرُوْنَ	آ گاہ رہو! یہ فسادی ہیں مگر وہ شعور نہیں رکھتے۔
وَيْحَهُمْ: اَفَمَنْ يَهْدِيْ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُتَّبَعَ اَمْ مَنْ لَا يَهِدِّيْ اِلَّا اَنْ يُهْدٰى	افسوس ہے ان پر: کیا جو حق کی راہ دکھاتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود اپنی راہ نہیں پاتا جب تک اس کی راہنمائی نہ کی جائے۔ تمہیں ہو کیا گیا ہے
فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ؟	تم کیسے فیصلے کر رہے ہو؟
اَمَا لَعَمْرِيْ لَقَدْ لَقِحَتْ فَنَظِرَةٌ رَيْثَمَا تُنْتِجُ	مجھے اپنی زندگی کی قسم ہے اقتدار کی اونٹنی حمل سے ہے نتیجہ ظاہر ہونے کا انتظار ہے۔
ثُمَّ احْتَلِبُوا مِلْءَ الْقَعْبِ دَماً عَبِيْطاً وَذُعَافاً مُبِيْداً،	پھر وہ برتن بھر کر دوہے جائیں گے (دودھ کی جگہ) تازہ خون اور زہر قاتل
هُنَالِكَ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُوْنَ	یہاں پر باطل شعار نقصان اٹھائیں گے
وَيَعْرِفُ التَّالُوْنَ غِبَّ مَا اَسَّسَ الْاَوَّلُوْنَ	پھر آنے والی نسلوں کو معلوم ہوگا کہ ان کے اسلاف نے جو بنیاد ڈالی تھی اس کا کیا انجام ہوا

تشریح کلمات

مَعَاطِس: ناک۔ ارغمت المعاطس: "دشمن مغلوب ہو گیا" ایک محاورہ ہے۔

لَقِحَتْ: لقاح بارور ہونا، حمل ٹھہرنا۔ اِحْتَلَبُوْا: الحلب: دودھ دوہنا۔ اَلْقَعْب: برتن، پیالہ۔

دَم عَبِيْط: تازہ خون۔ ذُعَاف: زہر۔ مُبِيْداً: قاتل۔ غِبٌّ: انجام۔

ثُمَّ طِيبُوا عَنْ دُنْيَاكُمْ أَنْفُساً	پھر تم اپنی دنیا سے لطف اٹھاؤ
وَاطْمَأِنُّوا لِلْفِتْنَةِ جَأْشاً،	آنے والے فتنوں کے لیے دل کو آمادہ کرو،
وَابْشِرُوا بِسَيْفٍ صَارِمٍ	سنو خوشخبری تیز دھار تلواروں کی
وَسَطْوَةِ مُعْتَدٍ غَاشِمٍ	اور حد سے تجاوز کرنے والے ظالم کے حملوں کی
وَهَرْجٍ شَامِلٍ وَاسْتِبْدَادٍ مِنَ الظَّالِمِينَ،	اور ہمہ گیر فتنہ و فساد کی اور ظالموں کی مطلق العنانی کی۔(۱۰۵)
يَدَعُ فَيْئَكُمْ زَهِيداً وَجَمْعَكُمْ حَصِيداً،	وہ تمہارے بیت المال کو بے قیمت بنا دے گا اور تمہاری جمعیت کی نسل کشی کرے گا۔
فَيَا حَسْرَةً لَكُمْ وَأَنَّى بِكُمْ وَقَدْ:	افسوس تمہارے حال پر، تم کدھر جا رہے ہو
عُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ أَنُلْزِمُكُمُوهَا	تمہارے لیے راہِ حق ناپید ہے تو کیا ہم اللہ کی رحمت پر چلنے پر تمہیں مجبور کر سکتے ہیں جبکہ خود تم اسے ناپسند
وَأَنْتُمْ لَهَا كَارِهُونَ.	کرتے ہو۔ (ہود ۲۸)

تشریح کلمات

جَأْش: دل۔ صَارِم: تیز دھار۔ سَطْوَة: حملہ۔
غَاشِم: ظالم۔ هَرْج: فتنہ فساد۔ فَيْء: مالِ غنیمت۔ زَهِيد: حقیر۔
حَصِيداً: کٹی ہوئی فصل۔

۱۰۵۔ واقعہ حرہ میں یہ پیشگوئی سچ ثابت ہوئی کہ لشکرِ یزید نے مسلم بن عقبہ کی سربراہی میں مدینہ منورہ کو تاراج کیا اور مہاجرین و انصار کا قتل عام ہوا، تین دن تک مدینہ رسول کی خواتین کی عصمتیں لوٹتے رہے۔ انصار و ⇐

ہے۔ مہاجرین میں سے تقریباً سات سو شخصیات کو موت کی بھینٹ چڑھایا گیا۔ ان کے علاوہ دوسرے افراد دس ہزار کی تعداد میں قتل ہوئے۔ (البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۲۲۰ طبع بیروت)۔
مدینہ میں غارت گری ہوئی اور ایک ہزار کنواری لڑکیوں کی عصمت لوٹی گئی۔ (تاریخ الخلفاء للسیوطی ص ۲۰۹ طبع کانپور، تاریخ الخمیس دیار بکری ج ۲ ص ۳۰۲ طبع بیروت) اور اہل مدینہ سے اس بات پر بیعت لی گئی کہ وہ یزید کے غلام ہوں گے۔ چنانچہ جن لوگوں نے یہ کہا کہ ہم کتاب و سنت کی بنیاد پر بیعت کریں گے تو ان کی بیعت قبول نہیں کی گئی اور ان کو بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محسن علی نجفی
اسلام آباد۔ پاکستان

بازار کوفہ میں
حضرت زینب سلام اللہ علیہا
کا خطاب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بشیر بن حزیم الاسدی راوی ہے:

میں نے حضرت زینب بنت علی علیہا السلام کی طرح کسی خاتون کو اس قادر الکلامی سے خطبہ دیتے نہیں دیکھا۔ ایسا لگ رہا تھا علی امیر المومنین علیہ السلام خطبہ دے رہے ہیں۔ آپ (س) نے لوگوں کو خاموش ہونے کے لیے اشارہ فرمایا: تو خاموشی چھا گئی۔

آپ (س) نے فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
حمد و ثنا اللہ کے لیے

وَالصَّلَاةُ عَلٰى اَبِيْ مُحَمَّدٍ
درود ہو میرے پدر بزرگوار محمدؐ پر

وَآلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الْاَخْيَارِ
اور ان کی پاک برگزیدہ آل پر

اَمَّا بَعْدُ، يَا اَهْلَ الْكُوْفَةِ!
کوفے والو!

يَا اَهْلَ الْخَتْلِ وَالْغَدْرِ
غدر و فریب والو

اَتَبْكُوْنَ ؟
کیا تم روتے ہو؟

فَلَا رَقَاَتِ الدَّمْعَةُ ،
تمہارے آنسو نہ رکیں

وَلَا هَدَاَتِ الرَّنَّةُ ،
تمہاری فریاد میں کمی نہ آئے

اِنَّمَا مَثَلُكُمْ كَمَثَلِ الَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ،
تمہاری مثال اس عورت کی طرح ہے جس نے پوری طاقت سے سوت کاتنے کے بعد اسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ بناتے ہو۔ (نحل:۹۲)

تشریح کلمات

رقا: رک جانا   الختل: دھوکہ دینے والا   ھدا: سکون۔ تھم جانا

اَلَا وَھَلْ فِیْکُمْ اِلَّا الصَّلَفُ	دیکھو! تم میں تو صرف چاپلوس، فاجر،
اَلنَّطِفُ، وَالصَّدْرُ الشَّنَفُ،	انحراف اور بغض وعداوت کرنے والے ہی رہ گئے،
وَمَلَقُ الْاِمَاءِ،	لونڈیوں کے سے خوشامدی
وَغَمْزُ الْاَعْدَاءِ	اور دشمنوں کی طرح عیب جوئی رہ گئی
اَوْ کَمَرْعًی عَلٰی دِمْنَةٍ،	یا تم غلاظت پر اگے ہوئے سبزہ کی طرح
اَوْ کَفِضَّةٍ عَلٰی مَلْحُوْدَةٍ،	یا دفن شدہ عورت کی لاش پر زیور کی طرح ہو۔[1]
اَلْاَسَاءَ مَا قَدَّمَتْ لَکُمْ اَنْفُسُکُمْ	تم نے جو کچھ اپنے لیے آگے بھیجا ہے وہ بہت برا ہے،
اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَفِی الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ○[2]	جس سے اللہ تم پر ناراض ہوا اور تم ہمیشہ عذاب میں رہو گے۔
اَتَبْکُوْنَ وَ تَنْتَحِبُوْنَ؟	کیا تم روتے ہو اور فریاد کرتے ہو؟
اَیْ وَاللّٰهِ فَابْکُوْا کَثِیْرًا	ہاں رؤو بہت روؤ
وَاضْحَکُوْا قَلِیْلًا	اور کم ہنسو

تشریح کلمات

الصلف: اپنی حیثیت سے زیادہ کا دعویٰ کرنے والا۔ متکبر۔

النطف: عیبوں میں ڈھکا ہوا شخص۔

الصدر: ہر شئی سے انحراف کرنے والا (العین)

الشنف: بغض وعداوت کرنے والا۔

دمنة: گھوڑے، اونٹ یا بکریوں کی مینگنیوں سے پلید ہونا۔

ملحودة: لحد میں دفن شدہ عورت۔

مذکورہ بالا دونوں مثالیں ان چیزوں کے بارے میں بولی جاتی ہیں جن کا ظاہر اچھا ہو اور باطن پلید ہو۔

---

[1] یعنی یہ لوگ مردہ ہیں زندوں کے لباس میں

[2] سورۂ مائدۃ کی آیت ۸۰ سے اقتباس

فَلَقَدْ ذَهَبْتُمْ بِعَارِهَا وَشَنَارِهَا،	تم اس عار وننگ کے مرتکب ہو چکے ہو۔
وَلَنْ تَرْحَضُوهَا بِغَسْلٍ بَعْدَهَا أَبَدًا،	جس کو تم ہرگز نہیں دھو سکو گے۔
وَاَنّٰى تَرْحَضُونَ	تم کہاں دھو سکو گے
قَتْلَ سَلِيلِ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ	اس ہستی کے قتل کا دھبہ جو خاتم نبوت
وَمَعْدِنِ الرِّسَالَةِ	اور سرچشمہ رسالت کی اولاد ہے۔
وَسَيِّدِ شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ،	جو جوانان جنت کے سردار تھے
وَمَلَاذِ خِيَرَتِكُمْ	وہ تمہارے نیک لوگوں کے لیے پناہ تھے
وَمَفْزَعِ نَازِلَتِكُمْ	تمہاری مصیبتوں کے لیے امن تھے
وَمَنَارِ حُجَّتِكُمْ	تمہارے لیے دلیل و برہان کا منارہ تھے
وَمِدَرَةِ سُنَّتِكُمْ،	تمہارے لیے سنت اخذ کرنے کے لیے مرجع خلائق تھے
أَلَا سَاءَ مَا تَزِرُونَ	کتنا برا ہے یہ بوجھ جو تم اٹھائے ہوئے ہو
وَبُعْدًا لَكُمْ وَسُحْقًا،	رحمت حق سے دور ہو تم
فَلَقَدْ خَابَ السَّعْيُ	تم نامراد ہوئے ہو
وَتَبَّتِ الْأَيْدِي	اور کٹ جائیں تمہارے ہاتھ
وَخَسِرَتِ الصَّفْقَةُ،	گھاٹے میں رہے تمہارا ہر معاملہ
وَبُؤْتُمْ بِغَضَبٍ مِنَ اللهِ	اللہ کے غضب میں گرفتار رہو
وَضُرِبَتْ عَلَيْكُمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ	ذلت وخواری تم پر مسلط رہے

تشریح کلمات

شنار: عیب رحض: دھونا

۱ھا کی ضمیر امت کی طرف ہے۔

وَيْلَكُمْ يَا أَهْلَ الْكُوفَةِ	کوفیو! ہلاکت تمہارا مقدر ہو
أَتَدْرُونَ	کیا تم جانتے ہو؟
أَيَّ كَبِدٍ لِرَسُولِ اللّٰهِ	تم نے رسول اللہؐ کے کس کلیجے کو پارہ کیا
فَرَيْتُمْ،	
وَأَيَّ كَرِيمَةٍ لَهُ أَبْرَزْتُمْ؟	اور رسولؐ کے کس حرم کو بے پردہ کیا
وَأَيَّ دَمٍ لَهُ سَفَكْتُمْ	اور کس خون کو تم نے بہایا
وَأَيَّ حُرْمَةٍ لَهُ انْتَهَكْتُمْ؟	اور رسولؐ کی کس حرمت کی ہتک کی؟
وَلَقَدْ جِئْتُمْ بِهَا صَلْعَاءَ	تم نے یہ جرم کر کے قبیح مکاری کا ارتکاب کیا ہے
عَنْقَاءَ سَوْدَاءَ	جو ایک فریب کاری ہے اور بہت بڑا حادثہ بھی
فَقْمَاءَ (خَرْقَاءَ) شَوْهَاءَ	حقیقت کا چہرہ مسخ کرنے کی کوشش بھی
كَطِلَاعِ الْأَرْضِ أَوْمِلْءُ السَّمَاءِ	یہ جرم زمین اور آسمان پر حاوی ہے
أَفَعَجِبْتُمْ أَنْ مَطَرَتِ	کیا تمہیں اس بات پر حیرت ہوئی کہ
السَّمَاءُ دَمًا!	آسمان نے خون برسایا؟
وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَخْزَىٰ	آخرت کا عذاب تو اور زیادہ رسوا کن ہے
وَأَنْتُمْ لَا تُنْصَرُونَ،	پھر تمہاری کوئی مدد نہ ہوگی

تشریح کلمات

مدرة: کہتے ہیں مدرة الرحل، سردار قوم — فریتم الفری: کاٹنا

صلعاء: قبیح مکاری — عنقاء: مصیبت زدہ بربادی، مکاری

فقماء: ناہموار بڑا حادثہ — خرقاء: شدت پسندی

شوھاء: قبیح منظر چہرے کا مسخ ہونا — طلاع: پر ہونا

الحزری نے لکھا ہے: حضرت عائشہ نے معاویہ سے کہا، جب اس نے زیاد کی ولدیت کا تعین کیا اور اسے ابوسفیان کا بیٹا بنایا۔

رکبت الصلیعاء: یعنی تو نے بہت قبیح مکاری کا ارتکاب کیا ہے۔

فَلَا يَسْتَخِفَّنَّكُمُ الْمُهَلُ — تمہیں جو مہلت ملی ہے اس سے تمہارا بوجھ ہلکا نہ ہوگا،

فَإِنَّهُ لَا يَحْفِزُهُ الْبِدَارُ — اللہ کو جلدی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے

وَلَا يُخَافُ عَلَيْهِ فَوْتُ الثَّأْرِ — نہ انتقام ہاتھ سے نکلنے کا خوف ہے

وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَبِالْمِرْصَادِ. — تمہارا پروردگار تمہاری گھات میں ہے۔

پھر آپ (س) نے یہ اشعار پڑھے:

مَاذَا تَقُولُونَ إِذْ قَالَ النَّبِيُّ لَكُمْ
مَاذَا صَنَعْتُمْ وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ

تم اس وقت کیا جواب دو گے جب نبی کریم تم سے پوچھیں گے
تم آخری امت ہو تم نے یہ کیا کیا؟

بِأَهْلِ بَيْتِي وَأَوْلَادِي وَمَكْرُمَتِي
مِنْهُمْ أُسَارَى وَمِنْهُمْ ضُرِّجُوا بِدَمِ

میرے اہل بیت، میری اولاد، میری ناموس کے ساتھ؟
ان سے کچھ کو اسیر بنایا اور کچھ کو خون میں نہلا دیا

مَا كَانَ ذَاكَ جَزَائِي إِذْ نَصَحْتُ لَكُمْ
أَنْ تَخْلُفُونِي بِسُوءٍ فِي ذَوِي رَحِمِي

میری ہدایت و نصیحت کی یہ جزا نہ تھی
کہ میرے بعد میرے عزیزوں کے ساتھ یہ سلوک کرو

إِنِّي لَأَخْشَى عَلَيْكُمْ أَنْ يَحِلَّ بِكُمْ
مِثْلُ الْعَذَابِ الَّذِي أَوْدَى عَلَى إِرَمِ

مجھے ڈر ہے کہ کہیں تم پر بھی وہی عذاب نہ آئے
جو شداد اور قوم ارم پر آیا تھا

☆☆☆☆☆

جناب زینب سلام اللہ علیہا کا خطاب
دربار یزید لعین میں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جب امام زین العابدین علیہ السلام اور اہل حرم کو دربار یزید لعین میں لایا گیا تو حضرت امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک یزید لعین کے سامنے رکھا گیا اور یزید لعین اپنی چھڑی سے سید الشہداء علیہ السلام کے ہونٹوں کے ساتھ جسارت کرتا ہے اور کفریات پر مبنی یہ اشعار پڑھتا ہے:

لعبت هاشم بالملك فلا
خبر جاء و لا وحى نزل
ليت اشياخى ببدر شهدوا
جزع الخزرج من وقع الاسل
لا هلوا و استهلوا فرحا
ثم قالوا يا يزيد لا تشل
لست من خندف ان لم انتقم
من بنى احمد ما كان فعل

بنی ہاشم نے حکمرانی کے لیے ایک کھیل کھیلا ہے۔ نہ کوئی خبر آئی ہے، نہ کوئی وحی ہوئی ہے۔ کاش میرے بدر کے اسلاف دیکھ لیتے نیزوں کے لگنے سے بنی خزرج کا اضطراب، تو وہ خوش ہو کر چلاتے اور کہتے: اے یزید تیرا بازو شل نہ ہو آل احمد نے جو کچھ کیا ہے، اس کا میں

انتقام نہ لوں تو میں خندف کی اولاد نہیں ہوں۔

اس وقت حضرت زینب بنت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھیں اور یہ خطبہ ارشاد فرمایا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ — ثنائے کامل عالمین کے پروردگار کے لیے ہے
وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ — اور اللہ کا درود ہو اس کے رسول اور ان کی آل پر،
صَدَقَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ — سچ فرمایا اللہ تعالیٰ نے
ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاءُوا السُّوْٓاٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ۝[1] — پھر جنہوں نے برا کیا ان کا انجام بھی برا ہوا کیونکہ انہوں نے اللہ کی نشانیوں کی تکذیب کی تھی اور وہ ان کا مذاق اڑاتے تھے
اَظَنَنْتَ يَا يَزِيْدُ — اے یزید کیا تیرا یہ گمان ہے
حَيْثُ اَخَذْتَ عَلَيْنَا اَقْطَارَ الْاَرْضِ وَاٰفَاقَ السَّمَاءِ — کہ زمین و آسمان کے راستے ہم پر بند کر کے
فَاَصْبَحْنَا نُسَاقُ كَمَا تُسَاقُ — اور ہم کو اسیروں کی طرح دربدر پھرا کر
اَنَّ بِنَا عَلَى اللّٰهِ هَوَانًا — اللہ کی بارگاہ میں ہماری منزلت میں کمی آ گئی
وَبِكَ عَلَيْهِ كَرَامَةً، — اور تو عزت دار بن گیا
وَاِنَّ ذٰلِكَ لِعِظَمِ خَطَرِكَ عِنْدَهٗ؟ — اور اللہ کے نزدیک تیری اہمیت بڑھ گئی؟
فَشَمَخْتَ بِاَنْفِكَ — اس گمان سے تیری ناک چڑھ گئی
وَنَظَرْتَ فِيْ عِطْفِكَ — اور تو اپنے تکبر میں مگن ہے
جَذْلَانَ مَسْرُوْرًا، — خوشی سے پھول رہا ہے

تشریح کلمات

شمخ: اوپر کو اٹھنا

عطفک: تکبر کرنا۔ کہتے ہیں مر بنظر عطفہ۔ جب تکبر کے ساتھ کوئی گزرتا ہے۔

---

[1] روم: ۱۰

حَيْثُ رَأَيْتَ الدُّنْيَا لَكَ مُسْتَوْثِقَةً وَالْاُمُوْرَ مُتَّسِقَةً

یہ دیکھ کر کہ دنیا (کی سلطنت) پر تیری گرفت مضبوط اور امور مملکت منظم ہیں،

حِيْنَ صَفَا لَكَ مُلْكُنَا وَسُلْطَانُنَا،

یہ دیکھ کر کہ ہم پر حکومت اور سلطنت کرنے کا تجھے موقع مل گیا ہے۔

فَمَهْلًا مَهْلًا (لَا تَطِشْ جَهْلًا)

ٹھہر یزید ٹھہر۔

اَنَسِيْتَ؟ قَوْلَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ:

کیا تو نے اللہ عزوجل کا یہ فرمان فراموش کر دیا:

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ○ ۱؎

اور کافر لوگ یہ گمان نہ کریں کہ ہم انہیں جو ڈھیل دے رہے ہیں وہ ان کے لیے بہتر ہے ہم تو انہیں صرف اس لیے مہلت دے رہے ہیں کہ یہ لوگ اپنے گناہ میں اور اضافہ کریں اور آخر کار ان کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

اَمِنَ الْعَدْلِ يَابْنَ الطُّلَقَاءِ

اے ہمارے آزاد کیے ہوؤں کی اولاد! کیا یہی انصاف ہے؟

تَخْدِيْرُكَ حَرَائِرَكَ وَ اِمَائَكَ وَسَوْقُكَ بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَبَايَا

تیری عورتیں اور کنیزیں پردے میں ہوں اور نبی زادیوں کو اسیر بنا کر پھرایا جائے

وَقَدْ هَتَكْتَ سُتُوْرَهُنَّ وَاَبْدَيْتَ وُجُوْهَهُنَّ

ان کی چادریں چھین لی جائیں اور ان کو بے نقاب کیا جائے

تَحْدُوْا بِهِنَّ الْاَعْدَاءُ مِنْ بَلَدٍ اِلٰى بَلَدٍ

دشمن ان کو ایک شہر سے دوسرے شہر پھرائے،

۱؎ آل عمران: ۱۷۸

يَسْتَشْرِفُهُنَّ اَهْلُ الْمَنَاهِلِ وَالْمَنَاقِلِ

گھاٹ پر بیٹھنے والے اور راہرو ان کو جھانک کر دیکھتے ہیں،

وَيَتَصَفَّحُ وُجُوهَهُنَّ الْقَرِيبُ وَالْبَعِيدُ وَالدَّنِيُّ وَالشَّرِيفُ

قریبی، اجنبی، کمینے اور شریف سب تماشا کر رہے ہیں،

لَيْسَ مَعَهُنَّ مِنْ رِجَالِهِنَّ لَيْسَ مَعَهُنَّ مِنْ رِجَالِهِنَّ

ان خواتین کے ساتھ مردوں میں سے کوئی سرپرست موجود ہے

وَلَامِنْ حُمَاتِهِنَّ حَمِيٌّ،

اور نہ ان کا کوئی حمایتی موجود ہے۔

وَكَيْفَ يُرْتَجَى مُرَاقَبَةُ مَنْ لَفَظَ فُوهُ اَكْبَادَ الْاَزْكِيَاءِ

ایسے شخص سے رعایت کی امید کیسے کی جا سکتی ہے جو پاکباز ہستیوں کا کلیجہ چبانے والا ہو

وَنَبَتَ لَحْمُهُ مِنْ دِمَاءِ الشُّهَدَاءِ

اور جس کا گوشت شہیدوں کے خون سے اُگا ہو

وَكَيْفَ يُسْتَبْطَأُ فِي بُغْضِنَا اَهْلَ الْبَيْتِ مَنْ نَظَرَ اِلَيْنَا بِالشَّنَفِ؟!

وہ شخص ہم اہل بیتؑ کے بغض میں کوئی کسر کیسے اٹھائے گا جس نے ہم پر عداوت کی نظر رکھی ہو

ثُمَّ تَقُولُ غَيْرَ مُتَاَثِّمٍ وَلَا مُسْتَعْظِمٍ:

پھر کسی احساس جرم کے بغیر تم نے آسانی سے یہ بات بھی اگل دی:

لَاَهَلُّوْا وَاسْتَهَلُّوْا فَرَحًا ثُمَّ قَالُوْا يَا يَزِيْدُ لَا تُشَلْ [1]

(آل احمد سے انتقام کو دیکھ) میرے اسلاف خوش ہو کر چلاتے اور کہتے: یزید تیرا بازو شل نہ ہو۔

المناھل: گھاٹ المناقل: راہرو شنف: بغض و عداوت

---

[1] یہ ابن الزبعری کا شعر ہے جو یزید نے اپنے نظریے کے اظہار کے لیے پڑھا۔ پورے اشعار یہ ہیں:

لعبت ھاشم بالملک فلا خبر جاء و لا وحی نزل

لیت اشیاخی ببدر شھدوا جزع الخزرج من وقع الاسل

فاھلوا و استھلوا فرحا ثم قالو یا یزید لا تشل

لست من خندف ان لم انتقم من بنی احمد ما کان فعل

مُنْحَنِيًا عَلٰى ثَنَايَا أَبِي عَبْدِ اللهِ سَيِّدِ شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ، تَنْكُتُهَا بِمِخْصَرَتِكَ	ابو عبد اللہؑ جوانانِ جنت کے سردار کے ہونٹوں کی طرف جھک کر ان کے ساتھ اپنی چھڑی سے گستاخی کرتا ہے۔
وَكَيْفَ لَا تَقُولُ ذٰلِكَ	تو نے ایسی باتیں کرنا ہی تھیں
وَقَدْ نَكَأْتَ الْقُرْحَةَ	کیونکہ تو نے زخموں کو اور گہرا کر دیا ہے
وَاسْتَأْصَلْتَ الشَّأْفَةَ	اپنے پرانے زخم کا مداوا چاہتا ہے
بِإِرَاقَتِكَ لِدِمَاءِ ذُرِّيَّةِ مُحَمَّدٍ وَنُجُومِ أَهْلِ الْأَرْضِ مِنْ آلِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ،	محمدؐ کی اولاد اور روئے زمین پر آل مطلب کے چاند تاروں کا لہو بہا کر
وَتَهْتِفُ بِأَشْيَاخِكَ	تو اپنے اسلاف کو پکارتا ہے
زَعَمْتَ أَنَّكَ تُنَادِيهِمْ	تیرا گمان ہے کہ تو ان (مردوں) کو آواز دے رہا ہے
فَلَتَرِدَنَّ وَشِيكًا مَوْرِدَهُمْ	جب کہ تو خود بھی اسی گھاٹ اترنے والا ہے جہاں وہ ہیں۔
وَلَتَوَدَّنَّ أَنَّكَ شُلِلْتَ وَبَكِمْتَ	پھر تیرا دل چاہے گا: کاش ہاتھ شل ہوتا، زباں بند ہو جاتی
وَلَمْ تَكُنْ قُلْتَ مَا قُلْتَ	جو کہا وہ نہ کہتا
وَفَعَلْتَ مَا فَعَلْتَ،	اور جو کیا وہ نہ کرتا
اَللّٰهُمَّ خُذْ لَنَا بِحَقِّنَا	اے اللہ ہمارا حق ہم کو دلا دے
وَانْتَقِمْ مِمَّنْ ظَلَمَنَا	جن لوگوں نے ہم پر ظلم کیا ہے ان سے انتقام لے

تشریح کلمات

نکا القرحۃ: زخم کو اچھا ہونے سے پہلے چھیلنا۔

استأصل: نابود کرنا مٹا دینا۔

الشأفۃ: پاؤں کے تلوے پر موجود زخم۔

عربی	ترجمہ
وَاحْلِلْ غَضَبَكَ بِمَنْ سَفَكَ	جن لوگوں نے ہمارا لہو بہایا ہمارے حامیوں
دِمَاءَنَا وَقَتَلَ حُمَاتَنَا	کو قتل کیا ان پر اپنا غضب نازل فرما
فَوَاللّٰهِ مَا فَرَيْتَ إِلَّا	قسم بخدا اے یزید تو نے خود اپنی کھال
جِلْدَكَ	نوچی ہے
وَلَا حَزَزْتَ إِلَّا لَحْمَكَ	اور خود اپنے گوشت کو چیرا، کاٹا ہے
وَلَتَرِدَنَّ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ	اور تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ	کے حضور پیش ہونا ہوگا۔
بِمَا تَحَمَّلْتَ مِنْ سَفْكِ	ان کی اولاد کا خون بہانے کا
دِمَاءِ ذُرِّيَّتِهٖ	اور ان کی عترت اور رشتہ داروں کی بے حرمتی
وَانْتَهَكْتَ مِنْ حُرْمَتِهٖ	کر کے رسول کی بے حرمتی کا جرم لے کر
فِيْ عِتْرَتِهٖ وَلُحْمَتِهٖ	جہاں اللہ تعالیٰ رسولؐ و اولاد رسول کو اکٹھا
حَيْثُ يَجْمَعُ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ	فرمائے گا
وَيَلُمُّ شَعَثَهُمْ	اور پراگندہ ہستیوں کو ایک جگہ جمع فرمائے گا
وَيَأْخُذُ بِحَقِّهِمْ	پھر ان کو ان کا حق دلائے گا
وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ	جو لوگ راہ خدا میں مارے گئے ہیں انہیں
سَبِيْلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا	مردہ نہ سمجھو،
بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ	وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس سے
يُرْزَقُوْنَ [1]	رزق پا رہے ہیں
وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَاكِمًا	فیصلے کے لیے اللہ
وَبِمُحَمَّدٍ خَصِيْمًا	اور مدعی کے لیے محمدؐ کافی ہے،
وَبِجَبْرَئِيْلَ ظَهِيْرًا	مددگاری کے لیے جبرئیل کافی ہے۔

تشریح کلمات

فریت: الفری کاٹنا
حززت: الحز۔ چیرنا

---

[1] آل عمران: ۱۶۹

وَسَيَعْلَمُ مَنْ سَوّٰى لَكَ	ان لوگوں کو اپنے انجام کا علم ہو جائے گا جنہوں نے تیرے لیے زمین ہموار کی
وَمَنْ مَكَّنَكَ مِنْ رِقَابِ الْمُسْلِمِيْنَ	اور تجھ کو مسلمانوں کی گردنوں پر مسلط کر دیا۔
بِئْسَ لِلظَّالِمِيْنَ بَدَلاً،	ظالموں کی سزا بہت بری ہوگی
وَاَيُّكُمْ شَرٌّ مَكَاناً	وہاں تمہیں پتہ چلے گا کہ کس کا ٹھکانا برا
وَاَضْعَفُ جُنْداً۔	اور کس کے حمایتی بے حقیقت ہیں۔
وَلَئِنْ جَرَتْ عَلَيَّ الدَّوَاهِيْ مُخَاطَبَتَكَ	اگرچہ میں تجھ سے مخاطبت کی مصیبت سے دوچار ہوں
اِنِّيْ لَاَسْتَصْغِرُ قَدْرَكَ	تاہم میں تجھے چھوٹا بے وقعت سمجھتی ہوں
وَاَسْتَعْظِمُ تَقْرِيْعَكَ	اور تیری سرزنش کو بڑی جسارت سمجھتی ہوں
وَاَسْتَكْثِرُ تَوْبِيْخَكَ	اور تیری دھمکی کو حد سے زیادہ سمجھتی ہوں
لٰكِنَّ الْعُيُوْنَ عَبْرٰى	مگر آنکھیں اشکبار ہیں
وَالصُّدُوْرُ حَرّٰى	اور دلوں میں سوزش ہے
اَلَا فَالْعَجَبُ كُلُّ الْعَجَبِ	دیکھو! نہایت تعجب کا مقام ہے
لِقَتْلِ حِزْبِ اللهِ النُّجَبَاءِ	اللہ کا پاکیزہ نسل پر مشتمل گروہ
بِحِزْبِ الشَّيْطَانِ الطُّلَقَاءِ	(فتح مکہ کے موقع پر) آزاد کردہ شیطانی حزب کے ہاتھوں قتل ہوا ہے
فَهٰذِهِ الْاَيْدِيْ تَنْطِفُ مِنْ دِمَائِنَا	ان کے ہاتھوں سے ہمارا خون ٹپک رہا ہے۔
وَالْاَفْوَاهُ تَتَحَلَّبُ مِنْ لُحُوْمِنَا	اور ان کے لب و دندان سے ہمارے گوشت چبانے کے آثار ظاہر ہو رہے ہیں

تشریح کلمات

الدواھی: مصیبت　　تقریع: سرزنش

توبیخ: دھمکی، ملامت　　تنطف: ٹپکنا　　تتحلب: بہ جانا

وَتِلْكَ الْجُثَثُ الطَّوَاهِرُ الزَّوَاكِيْ
تَنْتَابُهَا الْعَوَاسِلُ
وَتَعْفِرُهَا اُمَّهَاتُ
الْفَرَاعِلِ

وہ پاکیزہ اجسام غیر محفوظ پڑے ہیں۔

وَلَئِنِ اتَّخَذْتَنَا مَغْنَمًا
لَتَجِدُنَا وَشِيْكًا مَغْرَمًا
حِيْنَ لَا تَجِدُ اِلَّا مَا قَدَّمَتْ
يَدَاكَ
وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○[1]
فَاِلَى اللّٰهِ الْمُشْتَكٰى
وَعَلَيْهِ الْمُعَوَّلُ
فَكِدْ كَيْدَكَ
وَاسْعَ سَعْيَكَ
وَنَاصِبْ جُهْدَكَ
فَوَاللّٰهِ لَا تَمْحُوْ ذِكْرَنَا
وَلَا تُمِيْتُ وَحْيَنَا
وَلَا تُدْرِكُ اَمَدَنَا،
وَلَا تَرْحَضُ عَنْكَ عَارَهَا
وَهَلْ رَأْيُكَ اِلَّا فَنَدٌ
وَاَيَّامُكَ اِلَّا عَدَدٌ
وَجَمْعُكَ اِلَّا بَدَدٌ،
يَوْمَ يُنَادِي الْمُنَادِيْ
اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ○[2]

اگر تو ہمیں اسیر بنانے کو اپنے مفاد میں سمجھتا ہے
تو کل اس کا خسارہ اٹھانا پڑے گا
جہاں تجھے وہی ملے گا جو تو نے آگے بھیجا ہوگا۔
تیرا رب اپنے بندوں پر ظلم کرنا والا نہیں
ہم صرف اللہ سے اپنا حال بیان کرتے ہیں
اور صرف اسی پر بھروسہ کرتے ہیں۔
اے یزید! تو اپنی چال چل
اپنی پوری کوشش کر
اپنی جدو جہد کو تیز تر کر
قسم بخدا تو ہمارا ذکر مٹا نہ سکے گا
نہ ہماری وحی کو ختم کر سکے گا
نہ تو ہماری منزل کو پا سکے گا
نہ تو اس عار وننگ کا دھبہ دھو سکے گا
تیری رائے غلط ہے
تیری زندگی تھوڑی رہ گئی ہے
تیری جمعیت کا شیرازہ بکھرنے والا ہے
جب منادی ندا دے گا
ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو

---

[1] فصلت: ۴۶
[2] ھود: ۱۸

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ	ثنائے کامل ہو اللہ رب العالمین کے لیے
الَّذِيْ خَتَمَ لِاَوَّلِنَا	جس نے ہمارے پیشرو بزرگوں کو
بِالسَّعَادَةِ وَالْمَغْفِرَةِ	سعادت و مغفرت سے نوازا
وَلِاٰخِرِنَا بِالشَّهَادَةِ	اور ہماری آخری ہستی کو شہادت و رحمت
وَالرَّحْمَةِ	عنایت فرمائی
وَنَسْأَلُ اللّٰهَ اَنْ يُكْمِلَ	ہم اللہ سے ثواب کی تکمیل کا سوال کرتے
الثَّوَابَ	ہیں
وَيُوْجِبَ لَهُمُ الْمَزِيْدَ	اور ان کے لیے ثواب مزید کا موجب بنے
وَيُحْسِنَ عَلَيْنَا الْخِلَافَةَ	اور ان کے جانشینوں پر احسان فرما
اِنَّهُ رَحِيْمٌ وَدُوْدٌ ،	بے شک وہ رحم کرنے والا مہرباں ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ[1]

ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے

اور وہی بہترین کارساز ہے۔

☆☆☆☆☆

---

[1] آل عمران: ۱۷۳